تحفۂ نصائح

اردو ترجمہ و حاشیہ

مصنّف
سیّد یوسف حسینی راجا رحمۃ اللہ علیہ

فیضان
دنیائے اسلام کے عظیم مصنف مفسرِ اعظم پاکستان
حضرت علامہ الحاج المفتی پیر محمد فیض احمد اویسی رضوی محدث بہاولپوری

ترجمہ حاشیہ اردو
حضرت مولانا صاحبزادہ محمد عطاء الرسول اویسی صاحب
دارالعلوم جامعہ اویسیہ رضویہ سیرانی مسجد بہاولپور

مکتبۂ اویسیہ رضویہ سیرانی
جامع مسجد سیرانی بہاولپور پاکستان

محمد عطاء الرسول اویسی (handwritten)

تحفۂ نصائح

(فارسی بمعہ اردو ترجمہ وحاشیہ)

تصنیف: حضرت علامہ سیّد یوسف حسینی راجا رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ وحاشیہ: مولانا محمد عطاء الرسول اویسی

بااہتمام: محمد اویس رضا اویسی

مقام اشاعت

مکتبہ فیضان رسول فرید آباد، نزد ریلوے اسٹیشن بہاول پور

0300-6843281

نام کتاب : تحفہ نصائح فارسی

تصنیف : حضرت علامہ سیّد یوسف حسینی راجا رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ وحاشیہ : مولانا محمد عطاء الرسول اویسی مدرس دار العلوم جامعہ اویسیہ رضویہ سیرانی مسجد بہاولپور

اشاعت اوّل: ۲۰۰۰ء اشاعت دوم: ۲۰۱۲ء

کمپوزنگ : ڈاکٹر محمد صفدر جاوید (0333-6399075)

نظر ثانی : مولانا حافظ محمد وارث محمود اویسی، مولانا محمد شفاعت رسول اویسی

ہدیہ :

ناشر : مکتبہ فیضان رسول نزد ریلوے اسٹیشن بہاول پور

0300-6843281

ملنے کے پتے

☆ ضیاء القرآن گنج بخش روڈ لاہور

☆ مکتبہ اہلسنت اندرون لوہاری گیٹ لاہور

☆ زاویہ پبلشرز دربار مارکیٹ لاہور

☆ نظامیہ کتاب گھر زبیدہ سنٹر لاہور

☆ مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر بیت اردو بازار لاہور

☆ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد

☆ احمد بک کارپوریشن راولپنڈی

☆ مشتاق کتب خانہ اندرون بوہڑ گیٹ ملتان

☆ غلام جیلانی پوسٹر ہاؤس اندرون بوہر گیٹ ملتان

☆ مکتبہ حاجی نیاز احمد بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

☆ مکتبہ مہریہ کاظمیہ نزد جامعہ انوار العلوم ملتان

☆ مکتبہ اویسیہ رضویہ سیرانی مسجد بہاول پور

☆ مکتبہ متنویہ غوثیہ بازار نزد اڈا بہاول پور

☆ مکتبہ نظام مصطفیٰ نزد طبیہ کالج بہاول پور

☆ غوثیہ کتب خانہ لاری اڈا لودھراں

☆ مشتاق بکڈپو تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

☆ عاشق کتاب گھر لیاقت پور

☆ مکتبہ رضویہ نوری جامع مسجد شجاع آباد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

درحمد باری تعالیٰ عزاسمہٗ

اللہ تعالیٰ بلند پیدا کرنے والے کی تعریف میں۔اس کا نام عزت والا ہے۔

حمدے بگویم بیعدد مر خالق جن و بشر
کردہ معلق آسمان ہم اختراں شمس و قمر

بے شمار تعریف کرتا ہوں میں خاص پیدا کرنے والے جن اور انسان، جس نے معلق کیا آسمان بھی سورج، ستارے اور چاند کو بھی۔

عظمیٰ بداده عرش را پروز پایش طائرے
چوں برق سالے چارصد آنگہ رسد پایہ دگر

بزرگی دی عرش کو اس کے ایک پائے سے پرندہ اڑے، مثل بجلی کی رفتار سے چار سو سال بعد دوسرے پائے تک پہنچ جائے۔

ہم آفریدہ جنتی کش عرض و طولست آنچناں
ایں ہفت طبق ارض و سما پیشش چوقبہ برسپر

جنت بھی پیدا کی اس کی لمبائی چوڑائی اس طرح ہے، سات درجے زمین و آسمان اس کے آگے ایسے جیسے ڈھال کی چوڑائی۔

دنیا و جملہ آسمان ہم چوں مدور بیضۂ
برپاست بے تکیہ ستوں دائم بدارد در نظر

دنیا اور تمام آسمان انڈے کی طرح گول ہیں، قائم ہیں بغیر سہارے کے اور ستونوں کے ہمیشہ اللہ تعالیٰ نظر رکھتا ہے۔

دریا ولیہا جوئے باکردہ رواں روئے زمیں
اشجار پُر از میوہ ہا روید زمیں شہد و شکر

دریا اور بڑی چھوٹی نہریں جاری کیں، زمین کی سطح پر، درخت میوے سے بھرے ہوئے اُگاتی ہے زمین شہد اور شکر۔

حمد: تعریف۔ باری: پیدا کرنے والا۔ تعالیٰ: بلند۔ عز: عزت والا۔ اسمہٗ: نام اس کا۔ بیعدد: بے شمار، ان گنت۔ مر: خاص۔ خالق: پیدا کرنے والا۔ بشر: انسان۔ جن: ناری مخلوق۔ معلق لٹکا ہوا۔ اختراں: جمع اختر ستارہ اور یہ ایک فرشتے کا نام بھی ہے جو کہ دنیا میں سیر کرتا رہتا ہے اور آمین آمین کہتا رہتا ہے۔ شمس: سورج۔ قمر: چاند۔ یعنی ستارے سورج چاند آسمان کے نیچے فضا میں لٹکے ہوئے ہیں۔ عظمیٰ: بضم عین بزرگی بلندی یعنی عرش اتنا بلند ہے کہ اس کے چار رکن ہیں اور ہر رکن کے تین ہزار ساٹھ پائے ہیں۔ پرّد: اُڑے۔ طائرے: پرندہ۔ چوں: مثل۔ برق: بجلی۔ چارصد: چارسو۔ آنگہ: اس وقت۔ رسد پہنچے گا۔ پایہ: سیڑھی۔ آفریدہ: پیدائش۔ طول: لمبائی۔ آنچنان: اسی طرح ہفت: سات۔ طبق: درجہ۔ ارض: زمین۔ سما: آسمان۔ پیشش: سامنے۔ قبہ: گنبد۔ سپر: ڈھال، جیسے قرآن پاک میں ہے: اَلَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا جس نے پیدا کیا سات آسمانوں کو اوپر تلے۔ مدّور: گول۔ بیضہ: انڈا۔ بے تکیہ: سہارا کے بغیر، پیلپایہ۔ دائم: ہمیشہ۔ بدارد: رکھتا ہے۔ ولیہا: یعنی بڑی نہریں۔ جوئے: چھوٹی نہریں۔ رواں: جاری۔ روئے: اوپر میدان چہرے۔ اشجار: جمع شجر درخت۔ روید: اگاتی ہے۔ شہد ماکھی۔

مُردہ اراضی جملگی زندہ کند از قطرہ ہا	آں خشک میدان یکزمان ہم لعل بینی ہم خضر

ویران زمین تمام آباد کرتا ہے وہ بارش کے قطروں سے۔ وہ خشک میدان ایک لمحہ میں سرسبز دیکھے گا تو۔

سیارگان چوں شمعہا کردہ ضیا از مہر خود	روشن مزین شد سما از بہر خلقے راہبر

گردش کرنے والے ستاروں کو اپنی مہربانی سے روشن کیا۔ روشن خوبصورت ہوا آسمان مخلوق کے لیے رہبر۔

چیز یکہ باشد در جہان آں چیز گوید ذکرِ حق	تسبیح گویاں عالمے نامی بود خواہی حجر

جو چیز جہاں میں ہے وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتی ہے۔ تسبیح کرتے ہیں ہر ایک حیوان ہوں یا پتھر۔

لیکن نمی فہمد کسے تسبیح ہر یک در جہاں	مگر آنکہ رب العالمین دارد باایں ہر یک خبر

لیکن نہیں سمجھتا کوئی شخص ہر ایک کی جہان میں، مگر رب العالمین ہر ایک کی تسبیح سے باخبر ہے۔

شایان ایں نعمت ہموں از لطف و فضل خویشتن	محبوب خود خواندش یکے از فضلِ خود خالق بشر

لائق اس نعمت کے مہربانی اور فضل اپنے سے، محبوب اپنے کو پڑھایا اپنی مہربانی سے بشر کے پیدا کرنے والے نے۔

مردہ: ویران۔ اراضی: جمع ارض زمین۔ جملگی: تمام۔ قطرہ ہا: چھینٹے۔ یکزمان: ایک لمحہ۔ لعل: سرخ۔ بینی: دیکھے گا تو۔ خضر: سبز۔ ارشاد باری تعالیٰ: وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَابِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا "اور ہم نے آسمان سے پانی نازل کیا پس اس کے ذریعہ مردہ زمین کو زندہ کیا۔" سیارگان: ستارے۔ شمعہا: شمع چراغ۔ کردہ ضیا: کیے قائم۔ مہر سورج۔ مزین: آراستہ کیا زینت والا یعنی ستاروں کو آسمان کی زینت اور مخلوق کے لیے راہ نما بنایا۔ تسبیح: پاکیزگی۔ گویان: کہنے والا۔ عالمے: جہاں۔ نامی: بڑھنے والا۔ حجر: پتھر۔ یعنی تمام کائنات کا ذرّہ ذرّہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے۔ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ "ہر شئے اللہ تبارک وتعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے۔" نمی فہمد: نہیں سمجھتا۔ یہ بیت قرآن پاک کی اس آیت کا ترجمہ ہے: وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ "لیکن تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے۔" شایان: لائق۔ ہموں: تمام۔ لطف: مہربانی۔ خواندش: پڑھا یعنی کہا اُسے۔

❁❁❁❁❁

در نعت حضرت رسالت پناہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت رسالت پناہ محمد مصطفیٰ ﷺ تعریف کے بیان میں۔

گویم درودِ دُرفشاں بر روحِ خاص مرسلان | کآں نورِ عرش و آسماں سلطان جملہ بحر و بر

بکھیرتا ہوں میں درود کے روشن موتی رسولوں میں سے خاص روح پر جو کہ نورِ عرش اور آسمان کا تمام جنگل اور دریا کا بادشاہ۔

شاہِ جہاں آں مصطفیٰ سلطان جملہ انبیاء | بہر شفاعت ہمگناں روز جزا بندد کمر

بادشاہ جہاں کے وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام انبیاء کے سلطان عام لوگوں کی سفارش کے لیے قیامت کے دن کمر باندھیں گے۔

لولاک چتری بر سرش چوں چاؤشاں پیشش رسل | تا او نیاید در جناں جملہ رُسل باشند بدر

لولاک کا تاج ان کے سر پر تمام رسول ان کے سامنے مثل نوکروں کے، جب تک آپ بہشت میں نہ آئیں گے تمام رسول باہر رہیں گے۔

شاہی ندیدم در جہاں از قاف تا ہم قیروان | نے در زمین نے در سما چوں مصطفیٰ باشد دگر

بادشاہی نہیں دیکھی میں نے جہاں میں قاف سے قیروان تک، نہ زمین میں نہ آسمان میں مثل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوسرے کی۔

جملہ رسل اندر زمین کردند پیدا معجزہ | دو نیم مہ شد در سما بروئے چو کردہ یک نظر

تمام رسولوں نے زمین پر معجزے ظاہر کیے، چاند آسمان پر دو ٹکڑے ہوا جب ایک نظر کی اس پر۔

رایاتِ او ماحی شدہ جملہ رسوم کفر را | آیاتِ او دیدند چوں جملہ عرب گشتہ مقر

جھنڈے اس کے مٹانے والے ہوئے تمام رسوم کفار کی۔ معجزے ان کے دیکھے جب تمام عرب والوں نے اقرار کرنے والے ہوئے۔

نعت: تعریف۔ حضرت: اعلیٰ بارگاہ۔ رسالت: بلند عہد۔ پناہ: امان۔ محمد: وہ ذات جس کی بار بار تعریف کی جائے۔ مصطفیٰ: چنے ہوئے۔ صلی اللہ علیہ وسلم: رحمت بھیجے اللہ تعالیٰ اور سلام۔ گویم: کہتا ہوں۔ درود: تعریف۔ دُرفشاں: موتی بکھیرنے والا۔ مرسلان: جمع مرسل کی، رسول۔ کآن: اصل میں کہ آن تھا۔ سلطان: بادشاہ۔ جملہ: تمام۔ بحر: سمندر۔ بَر: خشکی، جنگل۔ یعنی تمام انبیاء سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے ہیں۔ جیسے حدیث پاک میں: کل الخلائق من نوری تمام مخلوق میرے نور سے ہے۔ شفاعت: سفارش۔ ہمگناں: تمام۔ روزِ جزا: قیامت کا دن۔ اس حدیث شریف کی طرف اشارہ ہے: شِفَاعَتِیْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ۔ میری شفاعت کبیرہ گناہ والے امتیوں کے لیے ہے۔ چتری: چھتری۔ چاؤشاں: جمع چاؤش بمعنی نقیب، نگہبان۔ پیشش: یعنی پیش مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ تا او نیاید: جب تک وہ نہ آئیں گے۔ جناں: جمع جنت، بہشت۔ بدر: دروازے پر، باہر۔ شاہی: بادشاہ۔ قاف ایک پہاڑ کا نام ہے جو تمام عالم کے اردگرد ہے۔ قیروان: بفتح قاف وضم راء افریقہ کے ایک ملک کا نام ہے۔ دو نیم: دو ٹکڑے۔ مہ: چاند۔ سما آسمان۔ چوں: مثل۔ دگر: دوسرا۔ جملہ: تمام۔ رُسل: رسول۔ پیدا: ظاہر۔ معجزہ: عاجز کرنے والا۔ یعنی اس سے فہم عاجز ہو جاتا ہے اس لیے اسے معجزہ کہتے ہیں۔ یہ اشارہ شق القمر کی طرف ہے۔ رایات: جمع رایۃ، جھنڈا۔ ماحی: مٹانے والا۔ رسوم: جمع رسم کی۔ کفر: یعنی دین نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار کرنا۔ آیت: جمع آیت نشانیاں مراد ہیں معجزات ہیں۔ گشتہ: ہوئے۔ مقر: اقرار کرنے والا۔

در مدح شیخ العالمین محمود نصیر الدین قدس سرہٗ

شیخ نصیر الدین محمود کی تعریف میں جو اولیاء کے چراغ ہیں۔

شیخ معظم پیر ما محمود آں صاحب قِران	چوں او نباشد ہیچکس محتشم ہم مشتہر

عظمت والے بزرگ ہمارے پیر محمود نصیر الدین وہ صاحب قِران ان جیسا نہیں کوئی دبدبہ والا شہرت والا۔

عالم بعلمے ہیچو او ہرگز ندیدہ مردمے	اندر کرامت مثل او خیزد کجا دور قمر

عالم علم والا اس جیسا کسی کو میں نے نہیں دیکھا کرامت میں اس جیسا زمانہ میں شاید کوئی آئے۔

او بود شیخ مقتدا او راجہانے مقتدے	گشتند اعمٰی سالکان چوں رفت آں صاحب نظر

وہ بزرگ امام جہاں اس کا مقتدی، نابینا ہوئے راہِ سالکین اس صاحب نظر کے جانے کے بعد۔

دارد تمنا عالمے خاکِ درش سرمہ کند	خوش وقت آں صاحب دلاں گشتند اوراپے سپر

جہاں آرزو رکھتا ہے اس کے دروازہ خاک کو سرمہ بنائے۔ اچھے وقت میں وہ دل والے ہوئے ان کی پیروی کرنے والے۔

اے شیخ مخدوم جہاں مارا بخواہی از خدا	نارُستہ گردم از عنایابم بجنت کشک زر

اے بزرگ سردار جہاں ہمارے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا کہ چھٹکارا تکلیف سے پاکر بہشت میں سنہری کوٹھڑی حاصل کروں میں۔

مدح: تعریف: شیخ: بزرگ۔ العالمین: تمام جہانوں۔ معظم: بڑے بڑے عظمت والے۔ قِران: نزدیکی اور وہ وقت زہرہ اور مشتری ایک برج میں اکٹھے ہو جائیں۔ جو شخص اس وقت پیدا ہوا سے صاحبِ قِران کہتے ہیں مراد سعادت مندی ہے۔ محتشم: دبدبہ والا یعنی جو زیادہ سنے اور کم کہے۔ مشتہر: مشہور عالم۔ بعلمے: علم والا۔ عالم ہیچو: مثل ان جیسے مرد سے کوئی مرد۔ کرامت: یعنی جو ولی کے ہاتھ سے ظاہر ہو۔ خیزد: اٹھے یا ظاہر ہو۔ کجا: کب۔ دورِ قمر: زمانہ۔ مقتدا: جس کی اقتدا کی جائے۔ مقتدی: پیروی کرنے والا۔ اعمٰی: نابینا۔ سالکان: راہِ طریقت پر چلنے والے۔ چوں: جب۔ رفت: گئے۔ دارد: تمنا، آرزو۔ خاک: مٹی۔ در: دروازہ۔ پے سپر: قدم یعنی پیروی کرنے والا مرید۔ مخدوم: جن کی خدمت کی جائے۔ مارا: ہمارے لیے۔ رُستہ: چھٹکارا پانے والا۔ عنا: مشقت، رنج۔ کشک زر: کوٹھڑی، سنہری محل۔

۞۞۞۞۞

درسبب تصنیف کتاب وتعریف ابوالفتح

وجہ لکھنے کتاب اور تعریف ابوالفتح کی

گوید ہمی یوسف گدا در وعظ سخنے چندرا	از بہر خلف خوش لقا بوالفتح آں نور البصر

یوسف فقیر کہتا ہے چند باتیں نصیحت کی اچھے اخلاق آنکھ کا نور ابوالفتح لڑکے کے لیے۔

آں رکن دیں کز علم خود معمور دارد رکنہا	یارب بگرداں آنچناں بپذیر از من ایں قدر

وہ ستون دین کا جو اپنے علم کے ذریعے دین کے ارکان آباد رکھے۔ یا اللہ اس کو ایسا بنادے اور میری دعا قبول فرما۔

از تو بخو اہم بہر او علم و عمل تقویٰ ورع	سالک بگرداں آنچناں چون او نباشد کس دگر

مانگتا ہوں تجھ سے اس کے لیے علم وعمل تقویٰ پرہیز گاری سالک ایسا بنادے اس کی کوئی مثل نہ ہو۔

ازصدق دل خواہم زتو یارب بگرداں پیش من	درسی بگوید بشنوم بینم جہانے پیش در

سچے دل سے مانگتا ہوں تجھ سے اے اللہ دیکھادے، مجھے درس کہے سنوں میں اور دیکھوں میں جہاں آگے اس کے دروازے کے۔

پندے بگویم بعد ازیں بشنو بہر با بے زمن	دریست آخر بے بہا درگوش کن جانِ پدر

نصیحت کہتا ہوں بعد اس کے سن مجھ سے باب اس کے ضمن میں، موتی ہیں قیمتی کانوں میں جگہ دے یعنی (غور سے سن) اے باپ کی جان۔

تحفہ نصائح نام ایں کردم زحق دارم رجا	کاندر نظر پاکاں شود مقبول چوں شیر و شکر

تحفہ نصائح نام اس کا میں نے رکھا اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہوں میں نیک لوگوں کی نظر میں دودھ اور شکر کی طرح مقبول ہو۔

سبب: وجہ۔ تصنیف: کتاب لکھنا۔ ابوالفتح: مصنف کے صاحبزادے حضرت بندہ گیسو دراز کی کنیت ہے اور رکن الدین لقب ہے۔ یوسف: یہ کتاب کے مصنف کا نام ہے۔ گدا: تخلص ہے۔ خلف: پہلے دونوں حرف مضموم یعنی اچھا لڑکا اچھا جانشین اگر لام ساکن ہوتا تو معنی ہوگا بڑا جانشین۔ خوش لقا: اچھے اخلاق والا۔ نور البصر: آنکھ کی روشنی۔ رکن دین: دین کا ستون۔ معمور: آباد۔ رکنہا: جمع رکن ستون یعنی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ۔ بگرداں: بنادے۔ آنچناں: اسی طرح۔ بپذیر: قبول کر۔ قدر: اندازہ۔ بہر: واسطے۔ تقویٰ، پرہیز کرنا، ڈرنا۔ ورع: حرام اشیاء سے پرہیز کرنا۔ سالک: راہ طریقت پر چلنے والا۔ صدق سچ۔ خواہم: چاہتا ہوں میں۔ بشنو: شنیدن سے مشتق ہے، سننا۔ بینم: دیکھوں میں۔ پند: نصیحت۔ دُر: موتی۔ بے بہا بیش قیمت یعنی جس کی قیمت ادا نہ ہو سکے۔ گوش: کان۔ پدر: باپ۔ تحفہ: نادر انوکھا۔ نصائح: جمع نصیحت۔ کردم: کیا میں نے۔ دارم: رکھتا ہوں میں۔ رجاء: بفتح را بمعنی امید، توقع۔

رنج کشیدم مدتے ہم درد ہا چوں درد زہ	تا من بزادم ایں چنیں تحفہ منور نامور

تکلیف اٹھائی میں نے بہت مدت دردزہ کی طرح تب میں نے جنا یعنی مکمل کیا اس طرح تحفہ روشن مشہور۔

یارب زفضل ولطفِ خودگردان چناں ایں تحفہ را	جملہ جہاں عاشق شود خوانند ہم شام و سحر

یا اللہ اپنے فضل اور مہربانی سے بنادے اس طرح اس تحفہ کو تمام جہاں چاہنے والا ہو صبح وشام پڑھنے والے ہوں۔

❁❁❁❁❁

باب اوّل در بیان توحید باری تعالیٰ عزاسمہٗ

پہلا باب اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے بیان میں جو عزت والا نام اس کا۔

گردد چو بالغ کودکے فرض ست شناسی حق برو	داند خدا بیشک یکے جز او نشاید کس دگر

ہو جائے جب بچہ بالغ فرض ہے اللہ تعالیٰ کا اس پر پہچاننا، جاننا اللہ تعالیٰ یقیناً ایک ہے اس کے سوا نہیں کوئی دوسرا۔

بیشک بداں حضرت خدا مثلے ندارد شبہ ہم	ہرگز نزادہ کس از و نے مادر او را نے پدر

یقیناً جان اللہ تعالیٰ نہ اس کی مثل نہ مشابہ، ہرگز نہ اس سے کوئی پیدا ہوا نہ ماں اس کی نہ باپ اس کا۔

رنج: بڑی یا عظمت کے لیے ہے یعنی بڑا رنج۔ کشیدم: کھینچا میں نے۔ مدتے۔: اس میں بھی یا عظمت کے لیے ہے یعنی بڑی مدت۔ دردزہ: وہ درد جو عورت کو بچہ پیدا ہوتے وقت ہوتا ہے۔ لیکن یہاں کنایہ ہے مشقت زیادہ ہے۔ بزادم: جنا میں نے۔ ایں چنیں: اسی طرح۔ منور روشن، نامور: مشہور۔ لطف مہربانی۔ جملہ: تمام۔ عاشق: چاہنے والا۔ خواندن: پڑھنے والا۔ سحر: صبح۔

توحید: اللہ تعالیٰ کی وحدانیت۔ باری: پیدا کرنے والا۔ تعالیٰ: بلند۔ عزا: عزت والا۔ اسمہٗ: نام اس کا۔ گردد: ہوتا ہے۔ چو: جب۔ کودکے: بچے۔ فرض: لازم۔ شناسی: پہچاننا۔ حق: اللہ تعالیٰ۔ برو: او پر اس کے۔ داند: جاننا۔ یکے: ایک۔ جز: سوا۔ نشاید: لائق نہیں۔ مسئلہ: انسان قبل از بلوغت احکام شرعی کا مکلف نہیں ہوتا لیکن والدین کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنی اولاد کو احکام شرعی پر چلنے کا حکم دیں جیسے حدیث نبوی میں ہے: مُرُوْ جَبِيْنَانَكُمْ بِالصَّلوٰةَ الخ۔ حکم دو اپنی اولاد کو نماز کا جب کہ سات سال کی عمر کو پہنچے اور مارو ان کو جب کہ وہ دس سال کی عمر کو پہنچے۔ بداں: جان۔ شبہ: مشابہ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَ هُوَا السَّمِيْعُ الْعَلِيْم یعنی اس کے مشابہ کوئی چیز نہیں وہ اللہ تعالیٰ دیکھنے اور سننے والا ہے۔ زادہ: اسم مفعول کا صیغہ ہے زادن سے مشتق ہے جنا گیا۔ مادر: ماں۔ پدر: باپ۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ۔

او را طعام و آب و زن وقتے نباشد حاجتے   خوابی نہ او را غفلتے نے سہو را بروئے گذر

اس کو کھانا پینا اور بیوی کی ضرورت نہیں کسی وقت بھی کسی وقت نیند غفلت بھول نہ اس کو۔

پشتے نخواہد از کسے نے مشورت باکس کند   جملہ جہاں محتاج اواز کس نخواہد او نصر

مدد نہیں چاہتا کسی سے نہ مشورہ کسی سے کرتا ہے، تمام جہان اس کا محتاج ہے وہ کسی سے امداد نہیں چاہتا۔

جوہر مرکب جسم ہم عرض و تناہی ہم مگو   نامش مخواں جز آنکہ آن صاحب شرع کردہ خبر

اس کو جوہر، مرکب جسم بھی عرض اور اس کی حد بھی نہ کہے تو، نام اس کا نہ پڑھ سوا اس کے جو صاحب شریعت نے خبر دی۔

نے گل بگوئی بعض ہم رنگے نہ گوئی نے مزہ   بوئی نگوئی شکل ہم نے قد وقامت نے صور

نہ گل کہے تو نہ بعض رنگ نہ مزہ کہے تو بو نہ کہے نہ شکل نہ قد و قامت نہ صورت۔

او را نگوئی در مکان نے عرش گوئی جائے او   نے پیش و پس نے راست و چپ نے زیر گوئی نے زبر

اس کو نہ کہے مکان میں نہ عرش پر کہے جگہ اس کی، نہ آگے نہ پیچھے نہ دائیں نہ بائیں نہ اوپر نہ نیچے کہے تو۔

زندہ بداں حضرت خدا شنواست او بیناست ہم   اشیاء شدہ از خواست او ہم نور و ظلمت خیر و شر

زندہ جان ذات خدا کی سننے دیکھنے والا ہے۔ تمام اشیاء اس کے ارادہ سے موجود ہیں۔ روشنی، اندھیرا، بھلائی اور برائی۔

طعام: کھانا۔ آب: پانی۔ زن: عورت۔ حاجتے: ضرورت۔ خوابی: نیند۔ غفلتے: بے خبری۔ سہو: بھولنا۔ پشتے: مدد۔ اس آیت کی طرف اشارہ ہے: لَا یَتَّخِذُ وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا "وہ نہ مددگار نہ حمایتی پکڑتا ہے۔" نصر: امداد۔ جوہر: یعنی موجود۔ ممکن: جو محل میں نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ واجب ہے۔ مرکب: یعنی ذی اجزاء اس لیے مرکب اجزا کا محتاج ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات کسی کی محتاج نہیں جسم وہ جوہر جو تین طرف تقسیم کے قابل ہو۔ عرض: یعنی موجود جو محل میں ہو اس کی مثال جیسے سفیدی یا سیاہی۔ تناہی: یعنی صاحب انتہا۔ نامش: وہ نام جو کتب اور سنت اور اجماع سے ثابت نہ ہو وہ ذات باری تعالیٰ کے لیے بولنا جائز نہیں۔ نے گل: کیوں کہ گل بعض رنگ میں ہوتا ہے۔ مزہ: بو۔ شکل: قد وقامت۔ صور: صورت۔ یہ تمام صفات اجسام ہیں اور اللہ تعالیٰ جسم سے منزہ ہے۔ مکان: جگہ۔ پیش: آگے۔ پس: پیچھے۔ راست: دائیں۔ چپ: بائیں۔ زیر: نیچے۔ زبر: اوپر۔ زندہ: صاحب حیات یعنی جس کو موت نہ ہو۔ شنو: سننے والا۔ بینا دیکھنے والا۔ اشیاء: شدہ چیزیں ہوئیں۔ خواست: ارادہ۔ نور روشنی۔ ظلمت: اندھیرا۔ خیر بھلائی۔ شر برائی یعنی اللہ تعالیٰ کی حقیقی سات صفتیں ہیں: (۱) حیات (۲) قدرت (۳) سننا (۴) دیکھنا (۵) کلام (۶) علم (۷) ارادہ۔

موجود کردہ عالمے مختار در ایجاد ہم ‏‏ عاجز نبودہ ہیچکہ وقتے نگشتہ مضطر!

وجود بخشا جہان کو مختار ہے پیدا کرنے میں، عاجز نہیں کسی وقت نہ کبھی اس کو مجبوری ہوئی۔

حادث بداں جملہ جہاں جز حق مداں کس را قِدم ‏‏ جملہ صفاتش ہمچنیں بے بی شک بداں جانِ پدر

حادث (نہ رہنے والے) جان تمام جہان اللہ تعالیٰ کے سوا، نہ جان کسی کو ہمیشہ تمام صفات بھی اسی طرح شک نہ کر، اے جان باپ کی۔

گویا بداں حضرت خدا اندر ازل بر یک سخن ‏‏ آمر بداں ناہی بداں صیغہ یکے جملہ خبر

کہنے والا جان اللہ تعالیٰ کو ازل میں ایک ہی جملہ، آمر نہی جان ایک ہی صیغہ میں تمام خبر۔

حرفے ندارد صوت ہم اعراب دروے نی ہجا ‏‏ دانی کلامش بیشکے از جنسِ خاطر ہم فکر

خاص آواز اس کے کلام میں نہ مخارج آواز نہ ہجا، جان تو اس کے کلام کو بے شک جنسی خیال سوچ سے بھی۔

دیدہ شود حضرت خدا از بعد جنت آخرت ‏‏ بینند جملہ موماناں ہریک بدیدہ چشم سر

دیدار ہوگا اللہ تعالیٰ کا عالم آخرت میں جنت میں جانے کے بعد، دیکھیں گے تمام مومنین اپنی آنکھوں سے۔

بکند فرامش ہر یکی نعمت جناں زحمت جہاں ‏‏ مدہوش جملہ موماناں از یک تجلی در نظر

بھول جائیں گے ہر اک تکلیف جہان کی اور جنت کی نعمتیں، بے ہوش ہو جائیں گے تمام مومن ایک تجلی دیدار سے۔

رویت نباشد در مکاں نے در جہت نے متصل ‏‏ کیفے ندارد این سخن نے درک و نے مثل دگر

دیدار نہ مکان نہ جہت نہ کنارے میں، کیفیت نہ اس میں بات نہ جاننا نہ مثل دوسری۔

دیدن خدا در خواب ہم باشد روا اندر شرع ‏‏ محکی است از جملہ سلف صدلک درین دارد اثر

دیکھنا اللہ تعالیٰ کو نیند میں بھی جائز ہے شریعت میں، منقول ہے تمام بزرگوں سے کروڑوں کا اس میں اثر ہے۔

عالَم: جہان۔ مختار: صاحب اختیار۔ ایجاد: پیدا کرنا۔ نگشتہ: نہیں ہوتا۔ مضطر: مجبور بے اختیار۔ حادث: یعنی وہ موجود جو پہلے موجود نہ ہو۔ جیسے اَلْعَالِمُ مُتَغَیِّرٌ وَ کُلُّ مُتَغَیِّرٍ حَادِثٌ۔ حادث: فانی۔ مداں: نہ جان۔ قِدم: بکسر قاف یعنی قدیم القدیم مالا یکون بوجودہ ابتداء۔ ولا انتہا: بے ابتدا۔ گویا صاحب کلام۔ حضرت: اعلیٰ بارگاہ۔ ازل: یعنی وہ وقت جس کی ابتدا نہیں اس کے مقابل ابد ہے، جس کی انتہا نہیں۔ بر یک سخن: ایک بات۔ آمر حکم کرنے والا۔ ناہی: روکنے والا۔ صیغہ: لفظ۔ یکے: ایک ہے۔ جملہ خبر: تمام خبر۔ حرفے: خاص آواز۔ صوت: آواز۔ اعراب: یعنی حرکات وسکنات وغیرہ۔ ہجا حروف کو الگ الگ پڑھنا۔ خاطر: خیال۔ فکر: سوچ۔ دیدہ شود: دیکھی جائے گی۔ فرامش: مشتق ہے فراموشیدن سے بھولنا۔ جناں: جمع جنت۔ زحمت: تکلیف۔ مدہوش: بے ہوش۔ رویت: دیدار، دیکھنا۔ جہت: جانب، طرف۔ متصل: بلا فاصلہ۔ کیفے: کیفیت۔ درک: جاننا۔ خواب: نیند۔ محکی: بیان کیا ہوا۔ سلف: پہلے بزرگ۔ صدلک: کروڑ۔ ❁

باب دوم در بیان احکام وارکان ایمان

باب دوسرا ایمان کے احکام اور ارکان کے بیان میں

گر انبیا ہم نامدے نے شرع بودے در جہان	واجب شدی بر مردمان ایمان بخالق مقتدر

اگر انبیاء کرام تشریف نہ بھی لاتے اور شرع شریف بھی جہاں میں نہ ہوتی، (پھر بھی) لازم ہوتا لوگوں پر ایمان لانا اللہ تعالیٰ پر۔

تصدیق گرداری بدل اقرار ناری بر زبان	باشی تو مومن نزدِ حق کافر بہ نزدیک بشر

اگر دل سے مان لے تو اور زبان سے اقرار نہ کرے تو، ہوگا تو مومن اللہ تعالیٰ کے ہاں لوگوں کے نزدیک کافر ہوگا۔

گر مردمی اندر جبل نشنودہ علمے از کسے	آنجا بمیرد آنچناں یابد عذابے در سقر

اگر پہاڑوں میں رہنے والے لوگ نہ سیکھیں علم کسی سے، اس جگہ مر جائیں اسی طرح تو جہنم میں عذاب پائیں گے۔

ایمان بیارد چوں کسے علمی نخواند معرفت	عاصی بود آں مومنے ایمان مقلد معتبر

ایمان لائے اگر کوئی شخص علم کی معرفت حاصل نہ کرے، گنہگار ہے وہ مومن اس کا ایمان مقلد نہ معتبر۔

ہرگز نیاید مومنے بیروں زایمان ہیچگہ	گرچہ گناہان میکند از صد کبائر بیشتر

کسی وقت نہیں آتا مومن باہر ایمان سے کبھی، اگر چہ گناہ کبیرہ زیادہ سے زیادہ کیے ہوں۔

نامدے: نہ آتے۔ واجب: لازم۔ مردمان: جمع مرد۔ خالق: پیدا کرنے والا۔ مقتدر: قدرت والا۔ تصدیق: مان لینا، یعنی تمام امور جو سید عالم ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے ہیں یہی ایمان ہے۔ رکن: اصلی، اصل بنیاد۔ اقرار: اعتراف کرنا۔ ماننا زبان سے۔ احکام: سے مراد یعنی ایمان اصل دل سے ماننے کا نام ہے۔ لیکن مسلمانوں والے احکام اس وقت جاری ہوں گے جب زبان سے اقرار کرے۔ دوسرے مصرعے میں وضاحت ہے۔ گرداری: اگر رکھتا ہے تو۔ ناری: اصل میں نہ آری تھا نہ لائے تو۔ باشی: ہوگا تو۔ بشر: انسانوں کے یعنی اگر کوئی آدمی دل سے مانتا ہے زبان سے اقرار نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن ہے۔ مردی: کچھ لوگ۔ جبل: پہاڑ۔ شنودہ: نہیں سنتا۔ میرد: مر جائے۔ یابد: پائے گا۔ سقر: دوزخ۔ بیار: لاتا ہے۔ چوں: جب۔ نخواند۔ نہیں پڑھتا۔ معرفت: پہچان۔ عاصی: گنہگار۔ عامی: عام۔ مقلد: تقلید کرنے والا۔ مسئلہ: کوئی انسان علماء کرام سے سن کر ایمان لائے اسے دلائل وغیرہ کی خبر نہیں اگر چہ مقلد ہے اس کا ایمان معتبر ہے کوئی شک نہیں۔ نیاید: نہیں آئے گا۔ بیرون: باہر۔ ہیچگہ: کسی وقت۔ صد: سو۔ کبائر: بڑے سے بڑا گناہ یعنی ایمان قلبی تصدیق قلبی کا نام ہے کبیرہ گناہوں کے سبب سے مومن ایمان سے خارج نہیں ہوتا۔ بیشتر: بہت زیادہ۔

چوں کافرے کو میکند صد چند حسنہ طاعتے	از کفر ناید او بروں گرچہ کند عدد المطر

جب کافر زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرے، کفر سے نہ آئے گا باہر اگرچہ بارش کے قطروں کے برابر ہو۔

شکے نیاری شبہ ہم ایمان خود جانانِ من	برحق بگومن مومنم ورنہ تو باشی از کفر

تردد اپنے ایمان میں نہ لا بےیقینی بھی اے جان میری یعنی اے دوست ایمان کے ساتھ کہہ میں مومن ہوں ورنہ تو کافر ہوگا۔

دوزخ نماند مومنے جاوید لیکن چند گاہ	قدر گنہ رنجے کشد آید بروں پس زا نقدر

جہنم میں نہیں رہے گا مومن ہمیشہ لیکن کچھ وقت، اندازہ گناہ تکلیف پائے گا باہر آئے گا اس قدر۔

چوں تو گناہان میکنی نیکی بکن ہم متصل	عفوت کند حضرت خدا جملہ گناہ گردد بدر

جب تجھ سے گناہ ہو جائے تو جلدی نیکی کر لگاتار، معاف کرے گا اللہ تعالیٰ، تمام گناہ ہوں گے۔

☆☆☆☆☆☆

باب سوم در بیان عقائد و عقبوت گور

باب تیسرا سوالات منکر نکیر اور قیامت کے بیان میں

در گور پرسش حق بدان بر کودکان ہم بالغان	منکر نکیری پُرسدش از وی چو غائب شد بشر

قبر میں سوال یقینی جان بچوں اور بالغوں پر بھی، منکر نکیر سوال کریں گے جب آدمی غائب ہوگا یعنی دفن ہوگا۔

حسنہ: نیکی، جمع حسنات آتی ہے۔ نیاید: نہ آئے گا۔ بروں: باہر۔ گرچہ: اگرچہ۔ کند: کرے۔ عدد المطر: گنتی شمار یعنی کافر جب دل سے تصدیق نہ کرے کتنی ہی عبادت کرے کفر سے باہر نہیں آئے گا۔ شکے: تردد۔ شبہ: بےیقینی۔ الف نون زائد ہیں جانان: محبوب۔ من: میرا۔ کفر: پہلے حروف مفتوح جمع کافر۔ نماند: نہ رہے گا۔ جاوید: ہمیشہ۔ چندگاہ: کچھ وقت۔ قدر: برابر اندازہ، یعنی مومن اپنے گناہوں کی سزا پا کر دوزخ سے باہر آجائے گا۔ متصل: لاگو، لاگ، لگاتار۔ عفو: معاف۔ بدر: ختم باطل، یعنی انسان سے اگر گناہ ہو جائے تو توبہ استغفار کوئی نیکی کا کام کرے اللہ تعالیٰ معاف فرمادے گا وہ رحیم و کریم ہے۔ قرآن پاک میں ہے: اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ۔ (پ:۱۲، ھود:۱۱۴) ترجمہ: بےشک نیکیاں برائیوں کو مٹادیتی ہیں۔۔۔ گور: قبر۔ پرسش: سوال و جواب۔ بدان: جان۔ کودکان: کودک بچہ۔ منکر: بضم میم وفتح کاف فرشتے کا نام ہے، منکر نکیر یہ دو خوفناک شکل والے فرشتے جو قبر میں سوال و جواب کریں گے۔ بشر: انسان یعنی مردہ جب قبر میں جائے گا سوال کریں گے تیرا رب کون ہے؟ تیرا مذہب دین کیا ہے؟ اشارہ کریں گے کہ اس نورانی شکل والے کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ کامل ایمان والا صحیح جواب دے گا کافر اور منافق نہ دیں گے اور سزا پائیں گے۔ بچوں سے سوال ہوگا کہ تم اپنے والدین کو ایمان کے ساتھ چھوڑ آئے ہو یا کافر۔

مومن کہ باشد پارسا بدہد جوابے زود شاں		گویند او را خپ تو ہچو عروسے شاد ور

مومن جو ہوگا پرہیزگار جواب جلدی دے گا، فرشتے اس کو کہیں گے سو جا تو خوش دلہن کی طرح۔

عصاۃ بعضے مومناں گویند جواب از فضل حق		کفار را بستہ زباں دائم عذاب بیشتر

گناہگار بعض مومن اللہ کے فضل سے جواب دیں گے، کافروں کی زبان بند ہوگی ہمیشہ عذاب بہت زیادہ ان کو۔

غرقہ با بے گرشود شیرے خورد یا سوختہ		او را سوالے دان یقیں در گور نے ایں منحصر

پانی میں ڈوب جائے یا درندہ کھا جائے یا آگ میں جل جائے، اس سے سوال یقین جان اس کا قبر میں ہی انحصار نہیں۔

در گور ضغطہ حق بداں ابرار را آساں شود		اشرار را باشد چناں چوں در جوازاں نیشکر

قبر میں تنگی حق جان نیک لوگوں پر آسان ہوگی، بدکاروں پر قبر ایسے جیسے بیلنے میں گنا۔

اطفال جملہ کافراں اندر سوال از بہشت		کردہ توقف بیشکے آن شمع امت نامور

بچے تمام کافروں کے جنت میں اس سوال کے جواب میں، ٹھہر گئے وہ چراغ امت مشہور یعنی ابوحنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ)۔

در گور عاصی مومنے بیند عذابے چندگاہ		کفار را در گور داں دائم عذابے بیشتر

قبر میں گناہگار مومن دیکھے گا عذاب کچھ وقت کافروں کو قبر میں ہمیشہ عذاب بہت زیادہ۔

انعام و راحت بے عدد احساں کرم در گورہا		مومن کہ باشد صالحے بیند ہمیں شام و سحر

نعمتیں اور آرام بے شمار بھلائی مہربانی قبر میں، مومن جو ہوگا نیک دیکھے گا صبح و شام بھی۔

پارسا: نیک، پرہیزگار۔ بدہد: دے گا۔ زود: جلدی۔ شاں: انہیں۔ گویند: کہیں گے۔ خسپ سو۔ ہچو: مثل۔ عروس: دلہن۔ شادور: خوش۔ عصاۃ: ضم عین جمع عاصی گناہگار، نافرمان۔ فضل: مہربانی۔ بستہ: بند۔ دائم: ہمیشہ۔ بیشتر: بہت زیادہ۔ غرقہ: ڈوبا ہوا۔ آبے: پانی۔ شیرے: شیر۔ خورد: کھائے۔ سوختہ: جلا ہوا۔ منحصر: بند۔ ضغطہ: تنگی۔ ابرار: نیک۔ اشرار: جمع شریر۔ برا: بدکار۔ چناں: اس طرح۔ چوں: جیسے۔ جوازا: بیلنا۔ نیشکر: گنا۔ اطفال: جمع طفل بچہ۔ جملہ: تمام۔ توقف: ٹھہرنا۔ شمع: چراغ۔ نامور: مشہور یعنی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے مشرکوں کے بچوں کے سوال اور جنت میں جانے کے بارے میں سکوت فرمایا ہے۔ لیکن بعض کے نزدیک وہ اہل جنت کے خادم ہوں گے اور بعض کے نزدیک وہ اعراف میں ہوں گے۔ واللہ اعلم۔ گور: قبر عاصی: گناہگار۔ عقاب: عذاب۔ چندگاہ: کچھ وقت۔ دائم: ہمیشہ۔ بیشتر: بہت زیادہ۔ انعام: نعمت۔ راحت: آرام۔ بےعدد: بے شمار۔ گورہا: جمع گور قبر۔ صالح: نیک۔ بیند: دیکھے گا۔ سحر: صبح۔

درگور باشد زندگی چوں زندگی امروز ہم	کنجشک نشیند برقبر مردہ بداند مادہ نر

قبر میں زندگی دنیا کی زندگی جیسی ہوگی، چڑیا بیٹھے قبر پر میت جانتا ہے مادہ ہے یا نر۔

راحت عذابے ہرچہ ہست از نیک و بد در گورہا	دانند خلقے ہمگناں الا ہمیں جن و بشر

آرام، عذاب جو کچھ ہے نیک و برے کو قبر میں، جانتی ہے تمام مخلوق علاوہ جن وانسان کے۔

صورے چو اوّل دردمد میرند جملہ زندگان	در صور دومی بیشکے خیزند ہر یک از قبر

صور جب پہلی بار پھونکے گا تمام مخلوق مرجائے گی۔ صور دوسرا پھونکنے سے اٹھے گا ہر کوئی قبر سے۔

صورے گرفتہ در دہان دادہ خمے مر پشت را	یک پائی پیش و پس دگر باشد ہمیں او منتظر!

صور منہ میں لے کر پیٹھ جھکائے ہوئے، ایک پاؤں آگے اور دوسرا پیچھے کیے ہوئے حکم کے انتظار میں ہے۔

اجساد و عالم جمگی مجنوں و عاقل کودکاں	جن و شیاطیں وحش ہم طیرو بہائم درحشر

جسم والے تمام جہاں مجنوں وعاقل بچے، جن شیاطین درندے بھی پرندے تمام جانور میدان محشر میں اکٹھے ہوں گے۔

آیند حاضر جمگی ہر یک حسابی میدہند	عدلے شود برہمگناں ظلمے نہ برکس نے جبر

تمام کے تمام محشر میں اکٹھے ہوکر حساب دیں گے، انصاف ہوگا تمامی پر نہ کسی پر ظلم ہوگا نہ زیادتی۔

امروز: آج کی دن۔ کنجشک: چڑیا۔ نشیند: بیٹھے۔ بداند: جانتا ہے۔ مادہ: مؤنث۔ نر: مذکر۔ مسئلہ: میت کی روح کا بدن کے ساتھ ایسا تعلق ہوتا ہے کہ وہ زائرین کو جانتے ہیں حتیٰ کہ پرندوں کو بھی جانتے ہیں کہ ہماری قبر پر نر بیٹھا ہے یا مادہ۔ یہ تو عام انسانوں کے متعلق ہے کہ قبر پر آنے والے کو جانتا ہے۔ سید عالم ﷺ کی شان مقدس تو تمام کائنات سے زیادہ ہے مومن کا یہ عقیدہ ہے ظاہر مدینہ میں ہیں اور حقیقت میں ہر مومن کے سینہ میں ہیں۔ قرآن پاک کی آیت شاہد ہے: اَلنَّبِیُّ اَوْلیٰ بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ (پ:۲۲)۔ ہمگناں: تمام۔ الا: مگر۔ ہمیں: بھی۔ بشر: انسان۔ خیزند: اٹھے گا۔ دمد: دمیدن سے مشتق ہے پھونکنا۔ میرند: مریں گے۔ یہ حدیث پاک میں ہے حضرت اسرافیل علیہ السلام نے صور کو دائیں ران پر رکھ کر منہ میں لیے ہوئے سر آسمان کی طرف کیے ہوئے حکم خداوندی کے منتظر ہیں۔ فائدہ: پہلے اور دوسرے صور میں چالیس سال کا وقفہ ہوگا۔ اسے عالم برزخ کہتے ہیں۔ گرفتہ: لیا ہوا۔ دہاں: منہ۔ دادہ: دیئے ہوئے۔ خمے: باعظمت کے لیے کمر جھکائی ہوئی۔ منتظر: انتظار کرنے والا۔ اجساد: جمع جسد جسم۔ عالم: جہان۔ جمگی: تمام۔ مجنوں: پاگل، بے وقوف۔ عاقل: عقل مند۔ کودکاں: جمع کودک بچہ۔ وحش: درندے۔ طیر: پرندے۔۔ بہائم: جمع بہیمہ جانور، چوپایہ۔ حشر: قیامت کا دن۔ اعضاء انسانی بولنے والے ہوں گے گواہی دیں گے ہاتھ اور پاؤں، تمام جہاں حیراں ہوں گے دہشت سے، بے خبر ہوں گے ہوش سے۔

میزان بحق داں بیشکے از بہر مومن کافراں	اعمال را وزنی شود آں خیر باشد خواہ شر

وزن برحق جان بے شک مومن کافروں کے لیے، اعمال کا وزن ہوگا چاہے اچھے ہوں یا برے۔

نیکی گراں آید اگر مصلح بداں اور اولے	مفسد شقی باشد یقیں شرے گران آید اگر

اگر نیکیاں بھاری ہوں اس کو اللہ تعالیٰ کا دوست جان لیکن وہ، بدکار بدبخت ہوگا جس کی برائیاں بھاری ہوں گی اگر۔

پس نامہا پراں شود یابند جملہ مرداں	درراست دست مومناں دردست چپ جملہ کفر

پھر نامہ اعمال اڑتے آئیں گے اور تمام لوگ ان کو حاصل کریں گے، مومنوں کے دائیں ہاتھ میں تمام کافروں کے بائیں ہاتھ میں ہوں گے۔

بر پشت دوزخ پل بداں خلقی رود بالای آن	از تیغ باشد تیز تر باریک داں از موئے سر

پیٹھ دوزخ پر پل جان جس پر تمام مخلوق گزرے گی، تلوار سے تیز اور بال سے باریک ہوگی۔

بعضے جو برقے بگذرند بعضے چو بادو راکبے	بعضے چو راجل میروند بعضے چو موری ہم بتر

گزریں گے کچھ لوگ بجلی کی طرح کچھ ہوا کی طرح کچھ سوار کی رفتار، کچھ پیدل کچھ چیونٹی کی رفتار سے بھی آہستہ چلیں گے۔

روشن شود ہم روئے ہا بعضے چو ماہ چار دہ	بعضے سیہ باشد چناں دیجور شب زو خوبتر

کچھ چہرے چودھویں کے چاند کی طرح چمکتے ہوں گے، کچھ چہرے سیاہ ہوں گے کالی رات سے بھی زیادہ کالے۔

آیند جوارح در سخن بدہند گواہی دست و پا	جملہ جہاں حیراں شود مردم ز ہولش بے خبر

اعضاء انسانی بولنے والے ہوں گے گواہی دیں گے ہاتھ اور پاؤں، تمام جہاں حیراں ہوں گے دہشت سے بے خبر ہوں گے ہوش سے۔

میزان: ترازو، یعنی قیامت کے دن وزن کیے جائیں گے۔ خیر: بہتر۔ شر: برا۔ گراں: بھاری۔ مصلح: نیک۔ ولی: دوست۔ مفسد: بدکار: برا۔ شقی: بدبخت۔ نامہا جمع نامہ۔ پراں: اڑنے والا۔ راست: دایاں۔ چپ: بایاں۔ کفر: کافر۔ پشت: پیٹھ۔ رود: جائے گی۔ بالا: اوپر۔ تیغ: تلوار۔ موئے: بال۔ برقے: بجلی۔ باد: ہوا۔ راکبے: سوار۔ راجل: پیدل۔ مور: چیونٹی۔ بتر: برے زیادہ۔ روئے: منہ۔ ماہ چاردہ: چودھویں کے چاند کی طرح۔ سیہ: کالا۔ چناں: اسی طرح۔ دیجور: شب اندھیر رات۔ خوبتر اچھے زیادہ۔ جوارح: جمع جارحہ اعضاء۔ دست: ہاتھ۔ پا: پاؤں۔ ہول: خوف جیسے سورۂ یٰسین میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ الخ یعنی آج کے دن ہم ان کے مونہوں پر مہر لگادیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے بات کریں گے اور ان کے پاؤں ان کے اعمال کی گواہی دیں گے۔

ہم حوضِ کوثر حق بداں اندر بہشت آں چار جوئے	ز آب و شیر و شہد ہم جوئے چہارم از خمر

بھی حوض کوثر برحق جان بہشت میں چار نہریں، پانی اور دودھ اور شہد بھی چوتھی نہر شراب (پاک شراب)۔

مخلوق داں امروز تو جنت جہنم ہر دورا	این ہر دورا با اہل خود فانی مدان اے شہ پسر

پیدا جان آج تو جنت اور جہنم دونوں کو، ان دونوں کو اپنے اہل کے ساتھ فنا ہونے والا نہ جان۔

امروز مالک میکشد ہیزم بدوزخ دم بدم	ہر لحظہ رضواں کوشکے سازد ہمی از مشک تر

روزانہ فرشتہ ایندھن ڈالتا ہے دوزخ (میں) لحہ بہ لحہ، ہر لحہ جنت کا فرشتہ مشک سے تر محل بنا رہا ہے۔

مومن بجنت جاوداں نے مرگ بیند نے خلل	کافر بسوزد ہمچنیں دائم بآتش در سقر

مومن کو بہشت میں موت آئے گی نہ بیماری، کافر جلتا رہے ہمیشہ دوزخ میں۔

مومن بقدر ذنب خود بیند عذاب و بعد ازاں	آید برون جنت رود صد کشک یابد از گہر

مومن اپنے گناہوں کے اندازہ سے عذاب پائے گا اور بعد اس کے، آئیں گے باہر اور جنت میں جائیں گے سو موتیوں والا محل پائیں گے۔

مومن بدوزخ چون رود آتش نگردد گرد اُو	نقصان نہ او را در سقر الا ہمیں خوف و خطر

مومن جب دوزخ میں جائے گا تو آگ نہ پھرے گی اردگرد اس کے، تکلیف نہ اس کو جہنم میں مگر بھی خوف اور ڈر۔

دوزخ بسوزد جن پریٰ کافر چو باشد بالیقیں	در نیل جنیاں داں اختلافے مشتہر

دوزخ میں جلیں گے جنات کافر ہر حال میں۔ جنات کا دوزخ میں جانا اختلاف مشہور۔

حوض کوثر: روز قیامت ایک حوض ہوگا جو کہ سید عالم ﷺ اپنے مبارک ہاتھوں سے اپنی پیاری امت کو عطا فرمائیں گے۔ جوئے: نہر۔ آب: پانی۔ شیر: دودھ۔ شہد: ماکھی۔ خمر: شراب یعنی شرابا طہور۔ مخلوق: پیدا شدہ۔ داں: جان۔ امروز: آج جنت جیسے قرآن پاک میں ہے: اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ یعنی متقیوں کے لیے تیار کی گئی ہے اور جہنم کے بارے فرمایا: اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ یعنی کافروں کے لیے تیار کی گئی۔ مالک: دوزخ کے داروغہ کا نام۔ کشد: کھینچے گا۔ ہیزم: لکڑی ایندھن۔ دم بدم: لحہ بالحہ ہر ساعت۔ ہر لحظہ: ہر گھڑی۔ رضوان: جنت کے داروغہ کا نام۔ کوشک: کوٹھری۔ سازد: کرے گا۔ مشک: کستوری۔ جاوداں: ہمیشہ۔ مرگ: موت۔ علل: علت بیماری۔ سوز: جلے گا۔ ہمچیں: بھی، اسی طرح۔ دائم: ہمیشہ۔ آتش: آگ۔ سقر: دوزخ۔ قدر: اندازہ۔ ذنب: گناہ۔ بیند: دیکھے گا۔ برون: باہر رود: جائے گا۔ صد: سو۔ کشک: کوٹھری محل: یابد: پائے گا۔ گہر: موتی۔ گردد: گرویدن سے مشتق ہے پھرنا۔ گرد اُو: اردگرد۔ نیل: پانا۔ پریاں: اللہ تعالیٰ کی ایک پوشیدہ مخلوق ہے۔ مشتہر: مشہور۔

نومیدی بودن از خدا ہم ایمنے از کفر داں
تصدیق کاہن کفر شد از غیب چوں گوئید خبر

ناامید اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بھی بے خوف ہونا کفر جان۔ تصدیق جادوگر کی غیب سے جب دے خبر کفر ہے۔

ہرگز نباشد اولیاء چون انبیاء در مرتبہ
نے از فرشتہ ہیچکس باشد چو ایشاں اے پسر

ہرگز نہیں اولیا مثل انبیاء کے مرتبہ میں، نہ کوئی فرشتہ انبیاء کے مرتبہ جیسا اے بیٹے

زہاد جملہ اولیا باشند افضل از ملک
جز از خواص چارکس ہر چار ایشاں نامور

عبادت گزار تمام اولیاء ہیں افضل فرشتوں سے، سوا خاص ان چار مشہور فرشتوں کے۔

جزا انبیاء و اولیاء زہا دو صالح مرد ماں
فضلے ندارد بر ملک دیگر عوامے از بشر

سوا انبیاء اور اولیاء عبادت گزار لوگوں کے، فضیلت نہیں رکھتے فرشتوں پر عام انسانوں سے۔

ہرگز نباشد ہیچکس پس انبیاء بوبکر چوں
از بعد ادمی داں عمر پس بعد ازاں عثمان نگر

ہرگز نہیں کوئی شخص انبیاء کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرح، ان کے بعد جان حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو دیکھ۔

وز بعد او حیدر بداں کو بود شاہی در جہاں
مسلم شوی سنی ہمی او از رفض گردی پاک تر

اور ان کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ جان جہان میں بادشاہ ہیں، مسلمان سنی رفض سے پاک زیادہ۔

افضل خدیجہ از زناں پس عائشہ افضل بداں
افضل ز جملہ دختراں ہم فاطمہ زہرا شمر!

افضل ہیں بی بی خدیجہ ص عورتوں سے پھر بی بی عائشہ ص افضل جان، افضل تمام بیٹیوں سے بھی بی بی فاطمۃ الزہراص کو گن۔

ایمنے: بے خوف۔ کاہن: نجومی، نجومی اگر کہے کہ مجھے غیب کا علم ہے تو اس کی تصدیق کرنا کفر ہے، غیب کا علم فقط اللہ تعالیٰ کو ہے اور اس کی عطا سے انبیاء کرام علیہم السلام کو ہے۔ زہاد: جمع زاہد، عبادت کرنے والے۔ ملک: فرشتے۔ خواص: خاص یعنی فرشتے چار ہیں۔ حضرت جبرائیل امین، حضرت میکائیل، حضرت اسرافیل، حضرت عزرائیل علیہم السلام۔ اولیاء کرام ان چار کے علاوہ باقی فرشتوں سے افضل ہیں۔ سید عالم ﷺ تمام مخلوق سے افضل ہیں۔ انبیاء کرام تمام مخلوق سے افضل ہیں۔ انبیاء کرام اور رسل عظام کے بعد تمام مخلوق سے افضل حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں۔ خدیجہ: یہ سید عالم ﷺ کی زوجہ ہیں، تمام عورتوں کی سردار ہیں، عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والی ہیں۔ عائشہ: یہ بھی سید عالم ﷺ کی زوجہ مطہرہ ہیں۔ بڑے بڑے صحابہ کرام کو جو مسائل در پیش ہوتے آپ سے دریافت کرتے۔ ان کی شان میں اٹھارہ آیات قرآن کی نازل ہوئیں۔ دختران: بیٹیاں۔ سید عالم ﷺ کی چار صاحبزادیاں تھیں۔ سیدہ زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ ام کلثوم، سیدہ فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہن، لیکن ان سے سیدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا مشہور ہیں۔ زہرہ: کلی۔ شمر: شمار کر۔

سخنے مگو در حق کس اصحاب احمد مصطفیٰ
سیارہ دانی ہر یکے نے ہمچو شان کس راہبر

بات نہ کر کسی اصحاب مصطفیٰ ﷺ میں یعنی تنقید، ستاروں کی مثل جان ہر ایک کو ان جیسا نہیں کوئی رہبر۔

گواہی بدہ کیں دہ نفر از اہل جنت بیشکے
بوبکر و عثمان و علی دانی چہارم شہ عمر

گواہی دے جو یہ دس صحابہ اہل بہشت بے شک، حضرت ابوبکر، حضرت عثمان، حضرت علی جان تو بادشاہ حضرت عمر۔ (رضی اللہ عنہم)

سعد و سعید و طلحہ دان ہم بوعبیدہ، ہمچنیں
دانی زبیر او شد نہم ہم عبدالرحمٰن نامور

حضرت سعد، حضرت سعید، حضرت طلحہ جان حضرت ابوعبید بھی اسی طرح، جان تو حضرت زبیر نویں دسویں حضرت عبدالرحمٰن مشہور۔

میثاق را بر حق بداں ز آدم ذراری جملگی
منکر مشو تو زیں سخن تا رستہ گردی در حشر

(وعدہ) یثاق حق جان تمام اولاد آدم سے، انکار کرنے والا نہ ہو تو اس بات کا تا کہ چھٹکارا پائے تو حشر میں۔

لیکن بداں کیں ہم شود از خواست ایزد لم یزل
فحش و خطاء عیب ہم آنہا مداں از کس دگر

لیکن جان جو کچھ ہے سب اللہ تعالیٰ کی مشیت سے ہے، اچھا برا سب کسی اور سے نہ سمجھ۔

تو نار و جنت عرش را کرسی و ہم لوح و قلم
موجود داں مخلوق ہم فانی مداں و منکسر

دوزخ، بہشت، عرش، کرسی، لوح و قلم، موجودہ جان یہ سب پیدا ہیں نہ ان کو فنا ہوگی نہ ٹوٹ پھوٹ۔

سخنے۔ بات۔ مگو: نہ کہے۔ اصحاب: وہ خوش قسمت صحابہ جو ایمان کی حالت میں بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے اور اسی حالت میں دنیا سے رخصت ہوئے۔ سیارہ: ستارا۔ دانی: جان تو۔ سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اِذَا رَاَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَسُبُّوْنَ اَصْحَابِیْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰی شَرِّکُمْ ترجمہ: جب تم لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کو گالیاں دیتے ہیں تو تم کہو تمہارے شر پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔ ہمچو: مثل۔ کیں: اصل میں کہ ایں تھا۔ دہ: دس۔ نفر: فرد یعنی وہ خوش نصیب انسان جن کے جنتی ہونے کی خوشخبری سید عالم ﷺ نے دی، ان کو عشرہ مبشرہ بھی کہتے ہیں اور یہ اختیار مصطفیٰ ﷺ بھی ہے وہ یہ صحابہ ہیں جن کے نام متن میں ہیں باقی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نام آخر میں آیا قافیہ ملانے کے لیے۔ میثاق: عہد و پیمان۔ جملگی: تمام۔ منکر: انکار کرنے والا۔ مشو: نہ ہو۔ رستہ: رستن سے مشتق ہے نجات پانا، چھوٹنا۔ حشر: قیامت یعنی اللہ تعالیٰ نے سیدنا آدم علیہ السلام کی پیٹھ سے تمام نسل کو پیدا فرمایا اور ان سے عہد لیا فرمایا: اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ تمام نے جواب دیا بَلٰی ہاں تو ہمارا رب ہے پھر سب کو سجدہ کا حکم ہوا، بعض نے دو سجدے کیے، بعض نے ایک، بعض نے بالکل نہ کیا، یہ میثاق وادی مکہ مکرمہ اور طائف کے درمیان تھی۔ ایزد: اللہ تعالیٰ۔ لم یزل: ہمیشہ رہنے والا۔ فحش: بے حیائی۔ مداں: نہ جان۔ نار: آگ یعنی دوزخ۔ لوح: تختی۔ قلم: لکھنے کا آلہ۔ داں: جان۔ فانی: فنا یعنی برباد۔ منکدر: خراب ہونے والی یعنی چھ چیزیں جن کو فنا نہیں۔ دوزخ، جنت، عرش، کرسی، لوح و قلم اس کے علاوہ ارواح بھی فنا نہیں ہوں گے۔

درلوح مرقوم آنچہ شدزاں خشک وفارغ شد قلم	جز آں نیاید ہیچگہ ہرگز نہ گردد خامہ تر

لوح میں لکھا گیا اس سے فارغ اور خشک ہو گیا قلم، لکھے ہوئے کے سوا کچھ نہ ہوگا دوبارہ لکھنے کے لیے قلم تر نہ ہوگا۔

بر بادشاہاں ہیچگہ بیروں میا تیغے مکش	بکنند ظلمے گرچہ شاں صد گونہ یا جورو جبر

بادشاہوں کے مقابل کسی وقت تلوار نہ نکال باہر، اگرچہ زیادتی کریں ان سے سوظلم یا جبر ہو۔

غزوی بکن باغیاں زیر علم سلطان خود	باغی چو بینی شد کسے او را بکش تعجیل تر

جنگ کر باغیوں سے نیچے جھنڈے اپنے بادشاہ کے، سرکش جب ہو جائے کوئی شخص اس کو جلدی قتل کر۔

رخصت بداں اندر سفر افطار افضل صوم داں	جائز نگویم در سفر اندر نماز الا قصر

اجازت جان سفر میں افطار روزہ افضل جان، جائز نہیں کہتا سفر میں نماز مگر قصر۔

ہر چار گانہ فرض را باید کہ دوگانہ کنی	در وتر سنت ہیچگہ ہرگز مکن قصر اے پسر

ہر چار رکعت فرض کو چاہیے کہ دو رکعت ادا کرے تو، وتر اور سنت میں کمی نہیں اے بیٹے۔

باید گذاری جمعہ را پس ہر کہ باشد نیک و بد	مسح بکن بر موزہا باشی بخانہ یا سفر

چاہیے ادا کرے جمعہ پیچھے اچھے اور برے کے، مسح کر موزوں پر ہو تو سفر یا گھر میں۔

میدان شفاعت برحق است ابرار مر اشرار را	خواہند از حضرت خدا آرند بیروں از سقر

شفاعت کا میدان حق جان نیکوں گناہگاروں پر، باہر لائیں گے اللہ تعالیٰ کے حکم سے گنہگاروں کو جہنم سے۔

مرقوم: لکھا ہوا۔ جز: سوا۔ خامہ: قلم، حدیث نبوی ﷺ ہے قَدْ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ یعنی جو کچھ ہونے والا ہے قلم اسے لوح محفوظ میں لکھ کر خشک ہو گئی ہے۔ بیروں میا: جنگ نہ کر۔ تیغ: تلوار۔ مکش: نہ کھینچ۔ گرچہ: اگرچہ۔ صد: سو۔ جور: ظلم۔ بینی: دیکھے تو۔ جبر: زیادتی۔ غزوے: جہاد۔ بکن: کر۔ باغیاں: جمع باغی۔ زیر: نیچے۔ علم: جھنڈا۔ سلطان: بادشاہ۔ بکش: قتل کر۔ تعجیل تر: جلدی زیادہ۔ رخصت: اجازت۔ افطار: روزہ نہ رکھنا۔ صوم: روزہ۔ داں: جان۔ نگویم: نہیں کرتا۔ الا: مگر۔ قصر: یعنی چار رکعت نماز کو دو رکعت پڑھنا اگر کسی نے چار پڑھ لی تو آخر دو رکعت نفل ہوں گی، وتر اور سنت پورے پڑھنے ہوں گے ان کی قصر نہیں۔ باید: چاہیے گذاری: ادا کرے۔ بد: برا یعنی فاسق کے پیچھے نماز جمعہ پڑھنا نماز تو ہو جائے گی مگر مکروہ ہے۔ خانہ: گھر یعنی موزوں پر مسح کرنا گھر میں ہے ایک دن ایک رات۔ یعنی سچے مقیم کے لیے ایک دن ایک رات اور مسافر کے لیے تین دن تین رات۔

زبہر مردہ زندگان بدہند صدقہ یا دعا	گردد عذابے دُور شان یابند راحت بیشتر

میت کے لیے زندہ صدقہ یا دعا کریں، ہوتا ہے عذاب دور ان سے اور ان کو آرام ہوتا ہے، بہت زیادہ۔

مشکل چو کارے مرترا آید گہے میخواں دُعا	مغز عبادت داں دُعا دارد دعا جاناں اثر

مشکل جب بھی کوئی کام ہو تجھے دعا کر، دعا کو عبادت کا مغز جان دعا اثر رکھتی ہے، بہت محبوب۔

دانی قیامت را نشاں دجّال دیگر دابہ ہم	عیسیٰ فرد آید کشد دجّال را از پشتِ خر

جان تو قیامت کی نشانی دجال اور دابہ بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نیچے آئیں گے (آسمان سے) اور دجال کو گدھے کی پیٹھ سے اتار ماریں گے۔

یاجوج باماجوج ہم پیدا شوند اندر جہاں	سرہائے بعضے آسمان باشند و بعضے یک شبر

یاجوج ماجوج بھی جہاں میں ظاہر ہوں گے، کچھ کے قد آسمان تک (یعنی بڑے ہوں گے) اور کچھ ایک بالشت کے ہوں گے۔

ازسوئے مغرب شمس را باشد طلوع بے نزاع	بستہ شود درِ توبہ راکاں بود مفتوح بربشر

مغرب کی طرف سورج طلوع ہوگا بغیر اختلاف کے (یہ بات)، بند ہوگا دروازہ توبہ اک وہ جو کھلا ہوا ہے انسانوں کے لیے۔

عاصی کہ باشد زودتر توبہ کند کردہ گناہ	لیکن ندامت آنزمان ہرگز نیاید کارگر

گنہگار جلدی توبہ کرنے لگے گا کیے ہوئے گناہوں سے، لیکن اس وقت شرمندگی ہرگز کام نہ آئے گی۔

زبہر: واسطے۔ بدہند: دیتے ہیں۔ گردد: ہوتا ہے۔ یابند: پاتے ہیں۔ راحت: آرام۔ بیشتر: بہت زیادہ۔ فائدہ: بدنی مالی عبادت کا ثواب مسلمان میت کو بخشنا جائز ہے اس کے ثبوت کے لیے قرآن واحادیث شاہد ہیں۔ کار: کام۔ مرترا: خاص کر تجھے۔ گہے: کبھی۔ میخواں: پڑھ۔ مغز: مخ۔ جاناں: محبوب۔ جیسے ارشاد باری ہے: اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ترجمہ: مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔ دجال: لمبے قد والا ایک آنکھ سے ہوگا قرب قیامت میں گدھے پر سوار ہو کر جزیرہ شام اور یمن سے آئے گا حرمین طیبین کے سوا تمام روئے زمین کا گشت کرے گا۔ دابہ: چوپایہ۔ دابۃ الارض: یہ ایک جانور، اس کے ہاتھ میں عصا سیدنا موسیٰ علیہ السلام اور انگوٹھی سیدنا سلیمان علیہ السلام ہوگی، عصا سے ہر مسلمان کی پیشانی پر ایک نورانی نشان بنائے گا اور انگوٹھی سے ہر کافر کی پیشانی پر سیاہ نشان، اس وقت تمام کافر اور مسلمان علیحدہ ہو جائیں گے، جو کافر ہوگا وہ کبھی ایمان نہ لائے گا اور جو مسلمان ہوگا وہ کبھی کافر نہ ہوگا۔ عیسیٰ: سیدنا عیسیٰ علیہ السلام۔ فرو آید: نیچے آئیں گے۔ پشت: پیٹھ۔ خر: گدھا یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لا کر اسے قتل کریں گے۔ یاجوج: چھوٹے قد والی مخلوق۔ ماجوج: بڑے قد والی مخلوق، یہ دونوں یافث بن نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔ یک شبر: ایک بالشت۔ سوئے: طرف۔ شمس: سورج۔ طلوع: نکلنا۔ نزاع: جھگڑا، اختلاف۔ بستہ شود: بند ہوگا۔ در: دروازہ۔ مفتوح: کھلا ہوا یعنی قیامت کی نشانی میں سے سورج کا مغرب سے نکلنا ہے اور اس وقت تمام کافر ایمان لائیں گے لیکن ان کا ایمان قبول نہ ہوگا۔ عاصی: گنہگار۔ زودتر: جلدی زیادہ۔ ندامت: شرمندگی۔ آنزمان: اس وقت۔

کثرت زناں اندر جہاں دانی قیامت رانشاں	براسپ چوں بینی زناں آید قیامت زودتر

کثرت عورتوں کی جہاں میں جان تو قیامت کی نشانی، گھوڑوں پر جب دیکھے تو عورتوں کو آئے گی قیامت جلدی

دیگر نشانی علمہا خوانند خلقے بے عمل	ساجد بہ بینی اند کے مسجد بیابی بیشتر

دوسری نشانی علم پڑھیں گے بے عمل لوگ ہوں گے لیکن، نمازی دیکھے تو تھوڑے ہوں گے مسجدیں پائے گا تو زیادہ۔

مشغول بینی در بنا خلقے شدہ از جان و دل	مرگے بخواہی آنزمان مرُدَن ہمیں بہتر شمر

مصرف دیکھے گا تو تعمیرات میں دل و جان سے، موت کی آرزو کر اس وقت مرنا بہتر گن۔

محمود احمد تاج دیں مزدور بینی ہر طرف	شادی قبولا زیر کا مقطع شدہ ہم مشتہر

محمد احمد تاج دین اچھے ناموں والے لوگ مزدور نظر آئیں گے ہر طرف، گھٹیا لوگ عزت اور شہرت پانے والے ہوں گے۔

اہل بوادی روستا کوبان شبان ہم جفت راں	کفشے نہ گاہے پائے شان پگے نبودے شان بسر

دیہاتی گائے، بکریاں، بیل چرانے والے کھیتی باڑی کرنے والے، جوتا نہ کبھی پاؤں ان کے پگڑی نہ ہوگی ان کے سر پر۔

دانی قیامت را نشان ایشان چو بینی شہر ہا	مشغول گشتہ در بنا ہر یک بقصر مفتخر!

جان تو قیامت کی نشانی ان کو جب دیکھے تو شہروں میں، مصروف ہوں گے تعمیرات میں ہر ایک محلات پر فخر کرنے والے۔

غسل ووضو نے کارشاں نے ذکر حق اندرزبان	نے درنماز و نے دعا نے پاک تن شہِ پسر

غسل اور وضو ان کا کام نہ ہوگا نہ یادِ حق ان کی زبان پر ہوگی، نہ نماز میں نہ دعا میں نہ جسم پاک اے بادشاہ کے بیٹے۔

کثرت: زیادتی۔ زناں: جمع زن عورت۔ اسپ: گھوڑا۔ چوں: جب۔ بینی: دیکھے تو، یعنی قرب قیامت میں علم اٹھ جائے گا، بے حیائی عام ہوگی، زنا عام ہوگا، شراب پی جائے گی، عورتوں کی کثرت ہوگی، پچاس عورتوں کا سرپرست ایک مرد ہوگا، بغیر عذر گھوڑوں پر (کاروں پر) عورتوں کا سوار ہونا قیامت کی علامت ہے۔ خوانند: پڑھیں گے۔ ساجد: سجدہ کرنے والے۔ اند کے: تھوڑے۔ بیابی: پائے گا۔ بیشتر: بہت زیادہ۔ مشغول: مصروف۔ بینا: تعمیر۔ مرگے: موت۔ محمود احمد: اس سے اچھے نام مراد ہیں۔ شادی قبولا زیرکا: یہ الٹے نام ہیں۔ مقطع: جاگیردار یعنی شریف خاندان اور اچھے اچھے ناموں والے مزدور ہوں گے، گھٹیا خاندان کے لوگ معزز اور محترم ہوں گے جیسے آج کل ہے۔ بوادی: جمع بادیہ جنگل۔ روستا: دیہاتی۔ چوپایہ: گائے چرانے والا۔ شبان: بکریاں چرانے والا۔ کفشے: جوتا بردار۔ کاہے: نہ کبھی۔ پائے شاں: پاؤں ان کے۔ پگے: پگڑی۔ قصر: محل۔ مفتخر: فخر کرنے والے، یعنی دیہاتی لوگ شہروں میں آباد ہو کر اونچے اونچے محل بنائیں گے اور فخر کریں گے۔

❖❖❖❖❖❖

باب چہارم در بیان علم و عمل و فضل آں گوید

باب چوتھا علم وعمل اور اس کی فضیلت کے بیان میں۔

برسنگِ خار نقش داں علمیکہ خوانی در صغر!	بر آب داں نقشِ را علمیکہ خوانی در کبر

سخت پتھر پر نقش جان علم جو پڑھے بچپن میں، پانی پر لکیر جان وہ نقش کو جو علم پڑھے تو بڑھاپے میں۔

قرآن بخواں تفسیر ہم آموز خط صرف ولغت	نحو و معانی با بیاں توحید ہم فقہ و خبر

قرآن پاک پڑھ، تفسیر بھی سیکھ، خوش خطی صرف اور لغت، نحو اور معانی کا بیان، عقائد بھی فقہ اور حدیث کا علم پڑھ۔

علمے بخواں کاں مرترا نافع بود منجی شود	جنت بیابی حورہم باشد خلاصی از سقر

وہ علم پڑھ جو تجھے نفع اور نجات دینے والا ہو، بہشت پائے تو حور بھی چھٹکارا ہو دوزخ سے۔

علمے کہ خوانی بہر حق بے شک ترا منجی بود	نے بہر فتویٰ نے قضا نے بہر ناں شغلے دگر

علم پڑھ اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے بے شک نجات دے گا تجھے، نہ فتویٰ کیلئے، نہ قاضی بننے کیلئے، نہ معاش کیلئے، دوسرے کام کیلئے۔

علمیکہ خوانی بہر حق داں سود خود آن علم را	علمیکہ نبود بہر حق زاں علم بینی صد ضرر

علم جو پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے تو جان نفع اپنا اس علم کو، علم جو نہ ہو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اس سے دیکھے گا اپنا سو نقصان۔

گر علم خوانی بہر آں تا صدر شینی مرتفع!	آن علم داں چوں کسبہا بل کسب زاں بہتر شمر

اگر علم پڑھے تو عزت، شہرت، نفع کے لیے (اونچی جگہ بیٹھنے)، وہ علم جان کسب یعنی کاروبار بلکہ کسب کو اس سے بہتر گن۔

سنگ: پتھر۔ خار: سخت۔ صغر: بچپن۔ آب: پانی۔ کبر: بڑھاپا۔ آموز: اموختن سے مشتق ہے، سیکھنا۔ خط: علم کتابت، خوش خطی۔ صرف: وہ علم ہے جس کے پڑھنے سے الفاظ وغیرہ کی بحث کی جاتی ہے۔ لغت: وہ علم ہے جس کے پڑھنے سے الفاظ مفردہ کے معنی بیان کیے جاتے ہیں۔ نحو: وہ علم ہے جس کے پڑھنے سے اسم فعل حرف کے آخری اعراب اور بنا اور ترکیب کی بحث کی جاتی ہے۔ معانی: وہ علم جس کے پڑھنے سے موقع اور محل کے مطابق بات کرنے کی بحث ہوتی ہے۔ بیان وہ علم جس میں ایک مطلب کو مختلف طریقوں سے بیان کرنے کا اندازہ لگایا جائے۔ توحید: اللہ تعالیٰ کی وحدانیت۔ فقہ: اعمال اور اس کے احکام کا بیان۔ خبر: حدیث شریف۔ نافع: مفید۔ منجی: نجات دینے والا۔ خلاصی: رہائی۔ سقر: دوزخ۔ قضا: فیصلہ۔ سود: نفع۔ ضرر: نقصان۔ صدر: بلند۔ شینی: اصل نشینی تھا، بیٹھے تو۔ مرتفع: اونچا۔ کسبہا: کاروبار، علم کا مطلب رضا خداوندی نہیں بلکہ دنیا کمانا ہے۔ تو وہ علم محنت مزدوری سے بھی برا ہے۔

حیلہ نیا موزی گہی منکر نگر دی از حیل — از شرع بیروں پائی ہرگز نیاری اے پسر

بہانہ نہ سیکھ کبھی انکار کرنے والا نہ ہو حیلہ سے، شریعت سے باہر پاؤں اپنا ہرگز نہ رکھ اے بیٹے۔

چوں دوست داری علم رایا علاے متعلمے — پاکیزہ گردی از گنہ گنہے کہ کردی در عمر

جب محبت رکھے تو علم یا عالم یا طالب علم سے، پاک ہوگا تو گناہ سے گناہ جو تو کرے حیاتی میں۔

وقتیکہ بینی طالبے مر علم را یاری بکن! — جنت بیابی از خدا کلکے دہی گر منکسر

جس وقت دیکھے تو طالب علم کو اس کی مدد کر، بہشت دے گا اللہ تعالیٰ اگر قلم ٹوٹی دے تو۔

گر علم خواند مردمی بکند عبادت اند کے — باشد ز خاصاں نزد حق و ز عابداں نزدیکتر

اگر علم پڑھے کوئی شخص عبادت کرے تھوڑی، ہوگا خاص الخاص اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور عابدوں سے زیادہ نزدیک۔

فضلیکہ دارد عالمے برعابداں ہم زاہداں! — چوں فضل احمد مصطفیٰ برکم کمینہ از بشر

بزرگی جو رکھتا ہے عالم عابدوں اور زاہدوں پر، ایسے جیسے بزرگی محمد مصطفیٰ ﷺ کی عام آدمی پر۔

باعالماں نسبت بکن عابد کہ تنہا خویش را — خواہد خلاصی از خدا عالم خلاصی صد نفر

علماء سے محبت کر عابد اکیلا اپنے آپ کو، چاہے گا چھٹکارا اللہ تعالیٰ سے عالم چھٹکارا سو آدمی کا۔

شو خاکپائے عالماں تا جائے یابی در جناں — شو دور تر از جاہلاں تا تو نسوزی در سقر

ہو مٹی علماء کے پاؤں کی تا کہ جگہ پائے تو بہشت میں، دور ہو تو جاہلوں سے تا کہ نہ جلے تو دوزخ میں۔

نیا موزی: نہ سیکھے تو۔ گہی: کبھی۔ حیل: جمع حیلہ قوت یعنی حیلہ کرنے یا نہ کرنے میں کسی کا حق تلف ہونے کا فکر ہو تو حیلہ کرنا مکروہ ہے۔ اگر کسی کا حق تلف نہیں ہوتا تو حرج نہیں جائز ہے۔ چون: جب۔ داری: رکھتا ہے تو۔ متعلمے: طالب علم، علم دین اور عالم اور متعلم سے محبت کرنے سے اللہ تعالیٰ گناہ معاف کر دیتا ہے۔ مر خاص۔ یاری: مدد۔ بیابی: پائے گا۔ کلکے: ساتھ کسرہ کے وہ چیز جو اندر سے کالی ہو۔ اس جگہ قلم مراد ہے۔ دہی: وے تو۔ منکسر: ٹوٹا ہوا جیسے حدیث پاک میں ہے مَنْ اَعَانَ عَالِمًا اَوْ عِلْمًا وَلَوْ بِقَلَمٍ مَكْسُوْرٍ وَجَبَتْ لَهُ۔ جو شخص عالم یا متعلم کی مدد کرے اگرچہ ٹوٹے ہوئے قلم سے اس پر جنت واجب ہو جاتی ہے۔ خواند: پڑھے۔ اندک: تھوڑی۔ عابداں: عبادت کرنے والے یعنی اگر کوئی آدمی علم دین پڑھے، فرائض اور واجبات کے علاوہ اور عبادت نہ کرے، باقی وقت دین کی خدمت میں لگائے تو وہ عابدوں سے زیادہ مقبول ہوگا۔ زاہداں: جمع زاہد دنیا کی لذتوں سے کنارہ کرنے والا۔ فضل: فضیلت، بزرگی۔ بشر: انسان۔ تنہا: اکیلا۔ خواہد: خلاصی رہائی۔ صد نفر: سو آدمی عالم کو عابد پر قیاس نہ کر۔ خاک پا: خادم، خدمت کرنے والا مراد ہے۔ جناں: جمع جنت۔ نسوزی: نہ جلائے۔ سقر: دوزخ۔

مقصود از علم ست عمل درس و قضا مقصود نی	عالم کہ باشد بے عمل دانی کمانے بی وتر

مقصد علم سے ہے عمل، پڑھانا اور فیصلہ مقصد نہیں، عالم جو ہے بے عمل جان تو کمان بغیر زہ کے۔

علمی چو حاصل شد ترا ترس از خدا تقوی بکن	ورنہ تو باشی دزدِ دیں ہم راہزن ہم حیلہ گر

علم جب تجھے حاصل ہو ڈر اللہ تعالیٰ سے اور پرہیز کر، ورنہ ہوگا تو چور دین کا ڈاکو حیلہ ساز۔

☆☆☆☆☆

باب پنجم در قضا حاجت و وضو تیمّم و غسل

باب پانچواں پوری کرنے ضرورت وضو، تیمم اور غسل کے بیان میں۔

چوں تو قضا حاجت روی زورے بکن بر پائے چپ	ہم سوئے قبلہ رو مکن ہم پشت را اے نامور

جب پاخانہ کی ضرورت ہو دباؤ ڈال بائیں پاؤں پر، طرف قبلہ منہ نہ کر پیٹھ بھی اے مشہور۔

چوں بول و غائط مر ترا زحمت دہد رحال کن!	گر تو بداری ساعتی صد رنج بینی صد ضرر

جب پیشاب، پاخانہ خاص تجھے تکلیف دے اسی حال میں کر (فوراً)، اگر دیر کرے گا کچھ لحہ سو تکلیف دیکھے گا سو نقصان۔

چون در قدم جا میروی اوّل بنہ تو پائی چپ	گر باتو باشد کاغذے آں دور کن باخود مبر

جب بیت الخلاء جائے تو پہلے بایاں قدم رکھ، اگر تیرے پاس کاغذ ہو اسے دور کر اپنے ساتھ نہ لے جا۔

دائم تو باشی باوضو جامہ نداری ریم گین!	چونتو شوی ہم بے وضو درحال کن تعجیل تر

ہمیشہ باوضو ہو کپڑا نہ پہن میلا کچیلا، جب تو بے وضو ہو جلدی وضو کر۔

مقصود: مقصد درس پڑھنا۔ قضا فیصلہ کرنے والا۔ وتر: جہاں تیر رکھ کر چلایا جاتا ہے۔ علم حاصل کرنے والے کی فضیلت قرآن پاک میں ہے وَالَّذِيْنَ اُوْتُو الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ علم کے بہت درجات ہیں۔ سیّد عالم ﷺ نے فرمایا: عُلَمَاءُ اُمَّتِيْ اَنْبِيَاءِ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے نبیوں کی مثل ہیں۔ ترس: ڈر۔ تقوی: پرہیزگاری۔ دزد: چور۔ راہزن: ڈاکو۔

قضا حاجت: پاخانہ کرنے کیلئے جائے تو۔ زور: وزن۔ چپ: بایاں۔ سوئے: طرف۔ رو: منہ۔ پشت: پیٹھ۔ اے نامور: اے مشہور۔ بول: پیشاب۔ غائط: پاخانہ۔ زحمت: تکلیف۔ درحال: جلدی۔ بداری: دیر کرے۔ ساعتے: ایک گھڑی۔ رنج: تکلیف۔ ضرر: نقصان۔ قدم: جا، بیت الخلاء۔ اوّل پہلے۔ بنہ: رکھ۔ کاغذ: یعنی وہ کاغذ جس پر اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کا نام نامی ہو یا قرآن پاک حدیث پاک لکھی ہوئی ہو۔ مبر: نہ لے جاؤ۔ دائم: ہمیشہ۔ جامہ: کپڑا۔ ریم گن: میلا کچیلا یعنی ہمیشہ پاک صاف باوضو رہنا بہت ثواب ہے۔ جیسے حدیث پاک ہے: اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے۔

وقتیکہ گردی بے وضو نظری مکن بر مصحفے ‏ ‏ نظرے مکن در آسمان سیارہ نی شمس و قمر

جس وقت تو ہو بے وضو قرآن پاک پر نظر نہ کر، نظر نہ کر آسمان میں نہ ستارے نہ سورج اور چاند۔

نی سوئے کعبہ کن نظر نی سوئے روئ عالمان ‏ ‏ نی ذکر گوئی نی سبق نی روئے مادر نے پدر

نہ کعبہ پاک کی طرف نظر کر نہ علماء کے چہرے کی طرف، نہ ذکر کر تو نہ سبق پڑھ نہ دیکھ چہرا ماں باپ کا۔

نی رد سلامے ہم کنی نے اندر آئی مسجدے ‏ ‏ نی خواب بکنی نی خوری تجہیز میت ہمسفر

نہ سلام کا جواب دے نہ مسجد میں آئے تو، نہ نیند کر نہ کھانا کھا نہ میت کو کفن پہنا نہ سفر کر۔

این جملگی آداب داں اجرے بیابی از خدا ‏ ‏ یا کن تیمّم یا وضو آنگہ عبادت اے پسر

یہ تمامی مستحب جان ثواب پائے گا تو اللہ تعالیٰ سے، یا کر تیمم یا وضو اس وقت عبادت کر اے بیٹے۔

مصحف نگیری بے وضو مسجد نیائی ہم جنب ‏ ‏ بزہ گار گردی بیشکے ہم فاقہ بینی ہم فقر

قرآن پاک نہ اٹھا بے وضو مسجد میں نہ آ جنبی حالت میں، گنہگار ہوگا تو بے شک بھوک دیکھے گا تو غریبی۔

آبِ منی ظاہر چو شد بادفق و شہوت جانمن ‏ ‏ یا حشفہ غائب چوں شود اندر فروجے یا دبر

پانی منی کا جب ظاہر ہو ساتھ اچھلنے اور خواہش سے اے میری جان، یا ذکر چھپ جائے شرم گاہ میں آگے یا پیچھے۔

انزال باشد خواہ نے فرضے بدانی غسل را ‏ ‏ وطی بہائم مردہ ہم انزال آنجا معتبر

منی کا نکلنا ہو یا نہ فرض جان غسل کو، صحبت مردے جانور کی صورت میں انزال معتبر ہے۔

مصحفے: قرآن۔ سیارہ: ستارہ۔ شمس: سورج۔ قمر: چاند۔ یعنی بے وضو سے مراد ناپاک یعنی جس پر غسل لازم ہو۔ سوئے: طرف۔ کعبہ: بیت اللہ شریف۔ رو: منہ۔ عالمان: علمائے کرام۔ مادر: ماں۔ پدر: باپ۔ رد: جواب۔ نی خواب: نہ نیند کرے تو۔ خوری: کھائے تو۔ تجہیز: میت کو کفن پہنانا۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ .... مسجد میں جنبی کا جانا منع ہے۔ حدیث پاک ہے لا احل المسجد بجنب ولا لحائض جنبی اور حائضہ کے لیے مسجد حلال نہیں یعنی جائز نہیں۔ بزہ: گناہ۔ فاقہ: بھوک۔ فقر: غریبی، فقیری۔ منی: وہ سفید پانی جس کے خارج ہونے سے انتشار ختم ہو جاتا ہے۔ دفق: ٹپکنا، اچھلنا۔ شہوت انتشار۔ حشفہ: وہ حصہ بندے کا جو ختنہ کرنے سے ظاہر ہوتا ہے۔ فروج: جمع فرج عورت کی شرم گاہ۔ دبر: پچھلی طرف۔ انزال: منی کا جلدی سے نکلنا۔ خواہ: چاہے بدانی: جان تو۔ بہائم: بہیمہ چوپائے۔ **مسئلہ**: زندہ انسان کے آگے یا پیچھے حشفہ غائب ہو جائے تو دونوں یعنی فاعل اور مفعول پر غسل لازم ہوگا، انزال ہو یا نہ ہو۔ مردہ یا چوپایہ کے ساتھ یہ حالت ہو تو غسل اس وقت واجب ہوگا جب انزال ہو۔

گر محتلم گردی شبے دیدہ منی آبے نشاط	غسلے بکن در صبحدم ہم ازاں وضو بگذار فجر

اگر احتلام رات کو ہو منی کا پانی لذت سے دیکھا، غسل کر صبح کو اسی وضو سے فجر پڑھ۔

چوں از نفاس و حیض ہم پاکی بہ بیند عورتے	پاکیزہ بکند غسل او ایں غسل را فرضی شمر!

جب نفاس اور حیض سے پاکیزگی دیکھے عورت، پاکیزگی اختیار کرے غسل سے اس کے اس غسل کو فرض شمار کر۔

سنت بداں غسل جمعہ در عید ہر دو عرفہ ہم	بر مردہ ہم واجب شدہ غسل بدہ پاکیزہ تر

سنت جان غسل جمعہ، عیدین عرفہ بھی ، میت کو بھی واجب ہے غسل دے، بہت پاکیزگی کر۔

چوں پیش آید حاجتی غسلے بکن از جان و دل	مسلم چو گردد کافرے داں غسل آن ہم دوست تر

جب ضرورت پیش ہو غسل کر دل و جان سے، کافر جب مسلمان ہو اس کو غسل دینا مستحب ہے۔

ہر عضو را میشود بگو کلمۂ شہادت بارہا	بیشک شوی پاک از گنہ جنت در آئی ہشت در

ہر عضو دھوتے وقت کلمہ شہادت پڑھ بار بار، بے شک گناہوں سے تو پاک ہوگا بہشت میں جائے گا، آٹھ دروازوں سے۔

محتلم: احتلام یعنی نیند کی حالت میں انزال ہو جائے۔شبے: رات۔دیدہ: دیکھا۔نشاط: لذت۔صبح دم: صبح کے وقت۔فجر: صبح کی نماز۔**مسئلہ:** مرد یا عورت کو نیند میں انزال ہوا اور رطوبت بھی محسوس ہو تو غسل واجب ہے ورنہ نہیں اور اسی غسل سے نماز ادا کر سکتے ہیں۔نفاس: وہ خون جو بچہ پیدا ہونے کے بعد عورت کو آتا ہے۔اس کی مدت کم نہیں ہے زیادہ سے زیادہ چالیس دن ہے۔حیض وہ خون ہے جو ہر ماہ عورت کو آتا ہے اس کی کم سے کم مدت تین دن زیادہ سے زیادہ دس دن تک ہے۔حیض اور نفاس کا خون بند ہو تو اس وقت عورت پر غسل فرض ہے۔جمعہ اور عیدین عرفہ یعنی نویں ذوالحجہ کو غسل کرنا سنت ہے، میت کو غسل دینا واجب ہے۔حاجتے: ضرورت۔مسلم: مسلمان۔یعنی کوئی حاجت در پیش ہو غسل کر کے دعا کرنا مستحب ہے۔حضرت امام نجم الدین نسفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: سید عالم نور مجسم ﷺ خواب میں صلوٰۃ الحاجت کا طریقہ ارشاد فرمایا دو رکعت نماز ضرورت پہلی رکعت میں فاتحہ شریف کے بعد سورۃ کافرون دس مرتبہ دوسری رکعت میں فاتحہ شریف کے بعد سورۃ قل ہو اللہ دس مرتبہ پڑھیں۔نماز مکمل کر کے سر سجدہ میں رکھ کر دس بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اور دس بار یاغیاث المستغیثین اس کے بعد اپنی ضرورت عرض کرے پھر ہزار بار یارب یارب پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ضرورت پوری ہوگی۔یا کافر مسلمان ہو جبکہ اس کے بدن پر کوئی نجاست لگی نہ ہو تو غسل کرنا مستحب ہے۔عضو: بدن۔ہشت در: آٹھ دروازے۔یعنی وضو کرتے وقت ہر عضو دھوتے وقت کلمہ شہادت پڑھے یا دعائیں یاد کر لیں ہر عضو کی دعا ہے پڑھ لیں ثواب ہے۔۔مسواک کے بارے میں سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مجھے اپنی امت کا مشقت کا خوف نہ ہوتا تو ہر وضو کے وقت انہیں مسواک کرنے کا حکم دیتا۔'' روزے میں بھی مسواک کر سکتے ہیں اور عطر لگانا سنت ہے۔

مسواک را در ہر وضو دائم بکن در صوم ہم	خوشبو بکن تو جامہ تن گروی معطر در حشر

مسواک کو ہر وضو کے ساتھ کر روزہ میں بھی، خوشبو کر کپڑوں کو معطر ہو گا قیامت میں۔

درریش و سبلت شانہ کن یابی از درم غم	در سینہ گرداں شانہ را ابر و بکن ہم فرق سر

داڑھی اور مونچھوں میں کنگھی کر پائے گا امان قرض کے غم سے، سینہ کے بالوں اور ابرو میں کنگھی کر اور سر کے بالوں میں بھی مانگ نکال۔

یکساں تیمّم ہر دو را محدث بود خواہی جنب	چونتو یابی آب را یا سرد باشد یا خطر!

ایک جیسا ہے تیمم بے وضو خواہ جنبی ہو یہ دونوں کے لیے، جب نہ ملے پانی یا سردی ہو یا دشمن کا ڈر۔

از جنس ارضی ہر چہ ہست از خاک وریگ وسرمہ گچ	سازی تیمّم در نقع گرخاک باشد خوب تر

جنس زمین سے جو بھی ہے مٹی ریت سرمہ چونا، تیمم کر غبار مٹی اگر اچھی ہو۔

در غسل کردن ہم وضو سخنے مگو با ہیچکس	فارغ شوی چوں از وضو میخواں ہمی سورہ قدر

غسل وضو کرنے میں کسی سے بات نہ کر، فارغ ہو تو جب وضو سے پڑھ ساتھ ہی سورۃ القدر

پیش از سخن بزار چوں از حق نجواہی حاجتی	گردد روا آن حاجت فی الحال یابی زود تر

پہلے بات کرنے سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو اپنے حاجت کی، بہت جلد جائز ضرورت پوری ہو گی جلد سے جلد۔

....

ریش: داڑھی۔ سبلت: مونچھ۔ شانہ: کنگھی۔ یابی: پائے گا۔ وام: قرض۔ غم: پریشانی۔ فرق: مانگ سر۔ مسواک کو ہر وضو میں ہمیشہ کر روزے کی حالت میں بھی، خوشبو لگا کپڑا پہن قیامت میں معطر ہو گا۔ یکساں: برابر۔ محدث: بے وضو۔ تیمم: لغوی معنی قصد کرنا۔ مسئلہ: اگر پانی نہ ہو یا ٹھنڈا ہو استعمال کرنے سے بیماری کا خطرہ ہو یا پانی تک پہنچنے میں خطرہ ہو تو جنبی اور بے وضو ایک جیسا تیمم کریں گے۔ جنس زمین پر ایک مرتبہ ہاتھ مار کر منہ پر اور دوسری بار بازوں پر مسح کیا جائے۔ ریگ: ریت۔ گچ: چونا۔ نقع: غبار۔ سورہ قدر: اِنَّا اَنْزَلْنَا فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ الخ یعنی وضو سے فارغ ہونے کے بعد سورہ قدر پڑھ لے۔ پیش: آگے۔ سخن: بات۔ حاجتی: ضرورت۔ روا: جائز۔ فی الحال اس وقت یعنی وضو کر کے کسی سے بات نہ کرو۔ دو رکعت شکرانہ وضو کے طور پر پڑھی جائے۔ یعنی نفل تحیۃ الوضو۔

۞۞۞۞۞

باب ششم بیان اوقات نماز وعقوبت تارک الصلوٰۃ

باب چھٹا نماز کے اوقات اور نماز چھوڑنے والے کی سزا کے بیان میں

داری بپا اوقات را در ترک آن ملعون شوی — تارک مصر کافر بداں، ہم جائی او دوزخ شمر

قائم رکھ اوقات نماز چھوڑنے میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہوگا، چھوڑنے والا اصرار کرنے والا کافر جان جگہ اس کی جہنم میں گن۔

چونتو کنی دو وقت را یکجا جمع در روز و شب — محبوس باشی یک حقب اندر جہنم ہم سقر

جب تو اکٹھی پڑھے دن رات کی نماز، قید میں رہے گا ایک حقب دوزخ میں جلے گا۔

چونتو گزاری فجر را سخنے مگو باہیچکس — تا در طلوع میخوں دعا گردی تو شخصی معتبر

جب پڑھ لے نماز فجر تو بات نہ کر کسی سے، طلوع سورج تک ذکر ودعا میں مشغول رہے تو اس سے تیز امرتبہ بلند ہوگا۔

گردی بدوزخ سوختہ آنجا بمانی سالہا — چون تو کنی ترک جمعہ خمس جماعت اے پسر

ہوگا دوزخ میں جلا ہوا اس جگہ نہ رہے تو بہت سال، جب تو کرے چھوڑنا جمعہ کا پانچ باجماعت اے بیٹے۔

چوں بشنوی بانگ آذاں ساکت شوی سخنی مگو — مشغول در کاری مشو میکن اجابت نامور

جب سنے تو اذان کی آواز خاموش ہو بات نہ کہے، مصروف کام میں نہ ہو اذان کا جواب دے اے مشہور۔

بپا: قائم۔ اوقات: جمع وقت۔ ترک: چھوڑنا۔ ملعون: لعنتی۔ مصر اصرار کرنے والا یا انکار کرنے والا۔ محبوس: قید۔ حقب: اسی سال، حدیث پاک میں ہے جو آدمی دو نمازوں کو جمع کرے گا وہ اسی حقبہ تک جہنم کی آگ میں رہے گا۔ ایک دن وہاں کا دنیا کے ہزار سال کے برابر ہوگا۔ چونتو جب تو یعنی فجر کی نماز کے بعد سورج طلوع تک کسی سے بات نہ کرنا چاہیے اسی طرح عصر کی نماز کے بعد مغرب تک کیونکہ فرشتوں کی تبدیلی کا وقت ہے فرشتے بارگاہ الٰہی میں عرض کریں گے ہم نے آمد و رفت کے وقت بندے کو ذکر وعبادت میں پایا۔ سوختہ: جلا ہوا۔ آنجا: اس جگہ۔ بمانی: نہ رہے تو۔ سالہا: بہت سال۔ خمس: پانچ۔ جماعت: باجماعت نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنا سنت مؤکدہ ہے۔ بشنوی: سنے تو۔ بانگ: آواز۔ ساکت: خاموش۔ مشو: نہ ہو۔ میکن: کر۔ اجابت جوب دینا یعنی اذان کے وقت کسی قسم کی بات نہ کرنی چاہیے۔ اذان دینے والا جو الفاظ کہے سننے والا بھی وہی الفاظ کہے۔ اشھد ان محمد رسول اللہ سن کر انگوٹھے چوم کر آنکھوں سے لگائے اور درود شریف پڑھے۔ سید عالم ﷺ کا مقدس نام چومنا صحابہ کرام کی سنت ہے۔ الحمد للہ سنت طیبہ مسلک حق اہل سنت کو نصیب ہے مکمل تفصیل کے لیے انگوٹھے چومنے کا ثبوت مکتبہ اویسیہ رضویہ بہاول پور سے منگوا کر پڑھیں۔ حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح کے وقت لاحول ولاقوۃ الا باللہ، الصلوٰۃ خیر من النوم کے وقت صدقت وبررت، قدقامت الصلوٰۃ کے وقت اقامھا اللہ وادامھا۔

ترک اجابت چوں کنی یا خود سخنگوی دراں
آید بلا ہا پیش تو در ہر زماں تعجیل تر

چھوڑنا جواب کا جب کرے تو یا خود باتیں کرتا ہے، آئیں گی مصیبتیں سامنے تیرے ہر وقت جلدی زیادہ۔

برپائی داری چاشت را اشراق ہم ناغہ مکن
گردی تونگر بیشکے یابی بسے ہم مال و زر

قائم رکھ نماز چاشت، اشراق بھی ناغہ نہ کر، مال دار ہوگا بے شک پائے گا بہت مال اور سونا۔

وقت تہجد نیم شب بگزار تو از صدق دل
حق را بہ بینی بیشکے ایمن شوی از شوروشر

وقت تہجد آدھی رات ادا کر سچے دل سے تو، اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا بے شک بے خوف ہوگا لڑائی جھگڑے سے۔

نعمت بیابی بیکراں گر تو نخسپی آن زماں!
آن وقت وقت خاصگاں ہرگز نیابی جز سحر

نعمتیں بے شمار پائے گا اگر نہ سوئے تو اس وقت، یہ وقت خاص لوگوں کا وقت ہرگز نہ پائے گا تو سوائے سحر کے۔

از فرض چوں فارغ شوی غفران نجواہی بعد ازاں
تاچوں نماز مصطفیٰ گردد نمازت نامور

نماز فرض سے جب فارغ ہو تو کر دعا استغفار کر اس کے بعد، تاکہ نماز تیری محمد مصطفیٰ ﷺ کی طرح افضل و اعلیٰ ہو اور مشہور۔

چون از آئی بروں فی الحال تو کرسی نجواں
مشتاق تو گردد جناں ہم حور یابی ہم قصر!

جب نماز پڑھ لے فوراً آیۃ الکرسی پڑھ، مشتاق ہوگی بہشت تیری حور پائے گا تو بھی محل۔

چوں تو گزاری وتر را سخنے مگو با ہیچکس
فارغ چو گردی از عشا بستر بیاری پشت

جب تو پڑھے نماز وتر بات نہ کہے کسی سے، فارغ جب ہو تو نماز عشاء سے بستر پر آ سو جا۔

آید: آئے۔ بلا مصیبت۔ ہرزمان: ہروقت۔ پیش: آگے۔ تعجیل تر: جلدی زیادہ۔ برپائی: قائم۔ داری: رکھے تو۔ چاشت: چوتھائی حصہ دن کا گزرنے کے بعد چار یا دو رکعت پڑھی جاتی ہے اسے چاشت کہتے ہیں۔ اشراق: سورج ایک دو نیزہ بلند ہونے پر بارہ یا کم سے کم چار رکعت پڑھی جاتی ہے۔ ناغہ: چھوڑنا۔ تونگر: دولت مند، مالدار۔ زر: دولت۔ سونا: تہجد، نیند کا چھوڑنا یعنی آدھی رات یا سونے کے بعد اٹھ کر بارہ رکعت پڑھی جاتی ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ یہ ہر رکعت میں قل ہو اللہ احد تین بار پھر پہلی رکعت میں بارہ بار پڑھے پھر ہر رکعت میں ایک ایک بار کم پڑھتا جائے۔ صدق دل سچے دل۔ بینی: دیکھے گا تو۔ ایمن: بے خوف۔ شوروشر: قیامت کی تکلیفیں۔ بیکراں: بے شمار۔ نخسپی: نہ سوئے تو، خفتن سے مشتق ہے سونا۔ جز: سوا۔ سحر: صبح۔ غفران: بخشش۔ کرسی: آیۃ الکرسی۔ مشتاق: صاحب شوق۔ جناں: جمع جنت۔ قصر: محل۔ گذاری: ادا کرے تو۔ بیاری: آئے تو۔ پشت پیٹھ، یعنی سید عالم ﷺ نے عشاء سے پہلے سونے اور بعد میں بات وغیرہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔

چوں تو بخواہی دوستی باحق کنی باید کہ تو	مشغول باشی صبحدم سازی وضو وقت سحر

جب تو چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دوستی کرے، چاہیے کہ تو، مصروف ہو صبح کر وضو وقت سحر۔

حاضر شوی چوں بشنوی مُردہ کسی از اہل دیں	حاضر شدن یابی جزا در ترک بینی صد ضرر

حاضر ہو تو جب سنے مسلمان کی وفات، حاضر ہونے سے پائے گا ثواب چھوڑنے میں دیکھے گا سو نقصان۔

بر پائے داری جمعہ را ترکش نداری ہیچگہ!	باشد امیری ظالمی باغی بود یا داد گر!

قائم رکھ تو جمعہ چھوڑ نا نہ کر کبھی، ہو بادشاہ ظالم باغی یا صاحب انصاف۔

میگو اذاں اوقات را ضائع مکن اے جانِ من	یابی جزا بے حد وعد ایں جانگیرے مزد اگر

کہہ اذان وقت ضائع نہ کر اے جان میری، پائے گا ثواب بہت اس جگہ اگر نہ لے مزدوری۔

مزدے مگیر امروز تو فرد اجزا ضائع مکن	باشد امامت یا اذان تعلیم یا چیزے دگر

مزدوری نہ لے آج تو آخرت کا ثواب ضائع نہ کر، چاہے امامت ہو یا اذان یا تعلیم دین یا دینی کام۔

☆☆☆☆☆

باب ہفتم در بیان زکوٰۃ وصدقات

باب ساتواں زکوٰۃ اور صدقات کے بیان میں

چون مال یابی از خدا خواہی کہ ماند سالہا	ربعی بدہ از عشر آں اور اکہ بینی مفتقر

جب مال تو اللہ تعالیٰ سے چاہتا ہے تو رہے بہت سال، چالیسواں حصہ دے اس کو دیکھے تو ضرورت مند۔

صبحدم: صبح۔ سازی: کرے تو۔ سحر: صبح۔ بشنو: شنیدن سے مشتق ہے، سننا۔ جزا: ثواب۔ ترک: چھوڑنا۔ بینی: دیکھے گا۔ صد ضرر: سو نقصان۔
برپائے: قائم۔ دادگر: انصاف والا یعنی امیر عادل ہو یا ظالم اس کے پیچھے نماز جمعہ پڑھنا چاہیے۔ اوقات: وقت۔ بے حد وعد: بے حساب۔ مزد: مزدوری، اجرت حدیث شریف میں ہے جو انسان ثواب آخرت کیلئے دنیاوی معاوضہ کے لیے نہیں، سات سال اذان دے گا کُتِبَ لَہٗ بَرَاۃٌ مِنَ النَّارِ (رواہ ترمذی) یعنی اس کے لیے دوزخ سے برأت لکھ دی جاتی ہے۔ مگیر: نہ لے۔ سیّد عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَلْمُؤَذِّنُوْنَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ (رواہ مسلم) مؤذنوں کی گردنیں قیامت کے دن سب سے زیادہ دراز ہوں گی۔
یابی: پائے گا تو۔ بماند: رہے۔ سالہا: بہت سال۔ ربعی: چوتھائی۔ عشر: دسواں حصہ یعنی دسویں حصہ کا چوتھا حصہ چالیسواں حصہ۔ مفتقر: محتاج۔

دو صد درم شرعی چو شد سالی بماند دست تو	فاضل بود از حاجت دا ئن نباشد پیش در

دوسو درہم شرعی سال بعد جو تیرے پاس باقی رہ جائے، زائد تیری ضرورت سے ہو قرض نہ ہو آگے تیرے۔

مثقال بست از ذہب نیمے بدہ مثقال تو	پنج ازاں دو صد درم بدہ یابی خلاصی از سقر

بیس مثقال سونے سے آدھا مثقال دے، پانچ سو سے دو سو درہم دے تو خلاصی پائے گا تو دوزخ سے۔

پیرایہ باشد چوں ترا زان ہم زکوتے فرض داں	تابر تو ماند سالہا یا بدز تو دختر و پسر

زیور ہوں تیرے پاس ان سے بھی زکوۃ فرض جان، تا کہ تیرے پاس رہے دیرپا اور بیٹیوں بیٹوں پر۔

اسپ خرے سود اگنی در ہر سرے دینار دہ	از گاؤچوں سے سر شود اغنام جملہ چہل سر

تجارت کے گھوڑے میں ہر گھوڑے پر ایک دینار دے، تیس گائیں اور چالیس بکریاں جب ہوں۔

از گاؤ دہ یکسالہ را او ز چل غنم وہ یک سرے	پنج چو یابی از شتر یک گوسفند از مادہ نر

گاؤ سے ایک سال کا بچہ اور چالیس بکریوں میں سے ایک بکری، پانچ جب پائے تو اونٹ نر ایک مادہ بکری دے۔

☆☆☆☆☆☆

دربیان زکوۃ زراعت وصدقہ ودعا

بیان زکوۃ کھیتی اور صدقہ اور دعا میں

از غلہ ہا عشری بدہ چوں تو زراعت میکنی	ورنہ شوی بزہ گار ہم برکت نیابی در ثمر

غلہ سے دسواں حصہ دے جب کاشت کاری کرے تو، ورنہ گناہگار ہوگا بھی برکت نہ پائے گا پھلوں میں۔

دوصد: درم، ساڑھے باون تولے۔ فاضل: بچت۔ زائد: حاجت یعنی اہل وعیال کے کھانے پینے پہننے وغیرہ کی ضرورت۔ دائن: قرض۔
مثقال: بست بیس مثقال یعنی ساڑھے سات تولے۔ ذہب: سونا۔ نیمے: آدھا بیس مثقال میں سے آدھا۔ مثقال: چالیسواں حصہ ہے۔
پیرایہ: زیور۔ دختر: بیٹی۔ پسر بیٹا۔ اسپ: گھوڑا۔ خری: مشتق خرید سے خریدن ہے خریدے تو۔ دینار سونے کا سکہ: گاؤ: گائے۔ چل: چالیس۔
غنم: بکری، بھیڑ۔ شتر: اونٹ۔ گوسفند: بکری۔ مادہ: مؤنث۔ نر مذکر۔ مسئلہ: سواری کے گھوڑوں پر زکوۃ نہیں ہاں تجارت کے گھوڑوں پر ہے ایک گھوڑے پر ایک دینار ہے۔
زکوۃ ز کے ساتھ ہو پاک کرنا ذال کے ساتھ ہو تو ذبح کرنا۔ غلہ: گندم۔ عشرے: دسواں حصہ۔ زراعت: کاشتکاری۔ بزہ گاہ: گناہگار۔ ثمر: پھل۔

مالِ مزکی بیشکے ہم با تو ماند ہم ولد	آتشے نگرد و گردد او غرقہ نگر دد در بحر

مال زکوٰۃ دیا ہوا بے شک تیرے پاس رہے گا تیری اولاد کے پاس، آگ نہ جلائے اس کو نہ غرق ہو دریا میں۔

چوں زکوٰۃ را مانع شوی صلوات را آری بجا	قصری نیابی در جناں افتادہ باشی پیش در

جب زکوٰۃ نہ دینے والا ہو نمازیں ادا کرے تو محل نہ پائے گا تو بہشت میں پڑا ہو گا دروازہ پر۔

صدقہ بدہ از مالِ خود وز خاص مالِ خویشتن	مستاں تو صدقہ از کسی باشد زکوٰۃ یا نذر

صدقہ دے اپنے مال سے یعنی خاص اپنے مال سے کسی غیر کا حصہ نہ ہو، کسی سے نہ لے تو صدقہ ہو زکوٰۃ یا منت، نذر نیاز

ناوجہ بدی صدقہ را داری ازان طمع جزا	آثم شوی دوزخ روی از خمر خوردن آن بتر

حرام (مال) سے صدقہ دے اور اس سے امید ثواب کی رکھے تو، گناہگار ہو گا جہنم میں جائے گا شراب پینے سے برا زیادہ۔

درویش گوید چوں دعا و اندیقین ناوجہ را	آثم شود وزیں دعا ملعوں شود ہم خاک سر

فقیر جو دیتا ہے دعا حرام مال جان کر، گناہگار ہو گا اس دعا دینے سے ملعون اور رسوا۔

گر تو برانی بر زبان ناوجہ دادن تسمیہ	کافر شوی دوزخ روی ایں حکم درخانی نگر

اگر بسم اللہ زبان پر لائے تو حرام مال دیتے ہوئے، کافر ہو گا جہنم میں جائے گا یہ حکم خانی میں دیکھ۔

گر خفیہ بدہی صدقہ را ایمن شوی از خشم حق	چوں نوح گردد عمر تو دو چند یابی مال و زر

اگر چھپا کر (بے ریا) دیتا ہے صدقہ بے خوف ہو گا اللہ تعالیٰ کے غصہ سے، نوح علیہ السلام کی طرح عمر لمبی ہو گی تیری دولت زیادہ ہو گی۔

مزکی: اسم مفعول کا صیغہ ہے وہ مال جس کی زکوٰۃ ادا ہو چکی ہو۔ ولد: اولاد۔ آتش: آگ۔ بحر: دریا۔ مانع: روکنے والا۔ صلوات: جمع صلوٰۃ۔ قصر: محل، یعنی نماز اور زکوٰۃ دونوں فرض ہیں ایک کا انکار کفر ہے اور چھوڑنا گناہ کبیرہ جیسے بخاری شریف میں ہے کہ سیدنا موسیٰ علیہ السلام ایک مرد سے گزرے وہ نماز پڑھ رہا تھا عرض کی اے اللہ! یہ آدمی اچھی طرح نماز پڑھ رہا ہے جواب آیا اے موسیٰ! قسم ہے مجھے عزت و جلال کی اگر یہ سو سال نماز پڑھے اور سو سال حج پیدل کرے مگر زکوٰۃ ادا نہ کرے تو اسے کچھ فائدہ نہ دیں گے اللہ تعالیٰ یہ فرض صحیح ادا کرنے کی توفیق دے، آمین۔ خویشتن: اپنے آپ۔ مستان: مشتق ستاون سے لینا نذر یعنی کوئی آدمی اپنے اوپر راہ خداوندی میں مال دینا لازم کرے یعنی منت ماننا۔ ناوجہ: ناجائز۔ طمع: امید۔ جزا: ثواب۔ آثم: گناہگار۔ خمر: شراب۔ خوردن: پینا۔ بتر: اصل بدتر تھا برا زیادہ۔ خاک سر: ذلیل خوار۔ برانی: لائے تو۔ دادن: دینا۔ تسمیہ: بسم اللہ شریف۔ خانی: یہ فتویٰ کی کتاب کا نام ہے۔ نگر: گریستن سے مشتق ہے، دیکھنا۔ خفیہ: پوشیدہ۔ ایمن: بے خوف۔ خشم: غصہ۔ چوں: مثل۔ نوح: سیدنا نوح علیہ السلام کی عمر ایک ہزار پانچ سو سال تھی۔

صدقہ بدہ از بہر حق نے بہر نامے و نے ریا ۔۔۔ چوں تو ریا صدقہ دہی ذرہ نیابی در حشر

صدقہ دے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے نہ نام اور نہ دکھلاوا کے لیے، جب دکھلاوا کے لیے دے صدقہ ذرّہ نہ پائے گا قیامت میں۔

صدقہ دہی درویش را ایذا مکن منت منہ ۔۔۔ در زیر نہ تو دست خود تا دستِ او گردد زبر

صدقہ دے فقیر کو تکلیف نہ دے احسان نہ جتلا، نیچے رکھ ہاتھ اپنا اوپر ہو ہاتھ اُس کا یعنی لینے والے کا۔

گندم بدہ تو نیم صاع خرما وجو اضعاف آں ۔۔۔ در فطر ایں واجب شدہ اضحٰی بکش شاۃ و بقر

گندم دے آدھا صاع اور کھجور اور جو دگنا اس کا، فطرانہ میں یہ واجب ہے قربانی میں ذبح کر بکری، گائے۔

گاؤ شتر از ہفت کس شاتی بکش از یک نفر ۔۔۔ بر پل چو فردا بگذری چوں برق لامع میگذر

اونٹ گائے سات آدمی بکری ایک کی طرف سے ذبح کر، کل قیامت کے دن پل صراط سے بجلی کی طرح گزر جائے گا۔

چوں پیش آید حاجتی یا زحمتے صدقہ بدہ ۔۔۔ صحت شود حاجت روا زحمت رود بیرون زود

جب پیش آئے ضرورت یا مصیبت تو صدقہ دے، تندرستی ہوگی ضرورت پوری ہوگی مصیبت گھر سے دور ہوگی جلدی۔

چوں صدقہ خواہی تا دہی اول بدہ ارحام را ۔۔۔ درویش را ہرگز مدہ ایشاں چو بینی مفتقر!

جب صدقہ دینا چاہے سب سے پہلے قریبی رشتہ داروں کو دے، فقیر کو ہرگز نہ دے ان کو جب دیکھے تو محتاج

....

ریا: دکھلاوا۔ ذرّہ: کچھ۔ حشر: قیامت یعنی جو بھی نیکی ہو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہو۔ ایذا: تکلیف۔ مکن: نہ کر۔ منت: احسان، مہربانی جتلانا۔ منہ: نہ رکھ زیر نیچے۔ گردہ: ہو۔ زبر اوپر جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے: لَاتُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى یعنی صدقات احسان اور تکلیف سے باطل نہ کرو صدقہ دیتے وقت اپنا ہاتھ فقیر کے ہاتھ سے نیچے کرنا چاہیے کیونکہ سید عالم ﷺ نے اسی طرح ارشاد فرمایا: اَلصَّدَقَةُ تَقَعُ يَدَ الرَّحْمٰنِ قَبْلَ اَنْ تَقَعَ فِي يَدِ السَّائِلِ۔ صدقہ سائل کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ نیم صاع: آدھا صاع، صاع کا وزن ساڑھے چار سیر ہے، نصف ساع کا وزن سوا دو سیر۔ خرما: کھجور۔ اضعاف دوگنا یعنی گندم ہو تو سوا دو سیر اور کھجور ہو تو ساڑھے چار سیر۔ فطر: فطرانہ۔ اضحٰی: قربانی۔ بکش: ذبح کر۔ شاۃ: بکری۔ بقر: گائے۔ مسئلہ: صاحب نصاب پر اپنی طرف سے اور چھوٹے بچوں کی طرف سے صدقہ فطر واجب ہے اور قربانی مالدار پر واجب ہے۔ گاؤ: گائے۔ شتر: اونٹ۔ ہفت کس: سات آدمی۔ یک نفر: ایک آدمی۔ پل: یعنی پل صراط۔ فردا کل قیامت۔ برق: بجلی۔ لامع چمکنے والا۔ مسئلہ: قربانی گائے بھینس، اونٹ میں سات آدمی شامل ہوں بکری میں ایک مرد جانور تندرست اور بے عیب ہوں۔ حدیث پاک میں ہے فَاِنَّهَا عَلَى الصِّرَاطِ مَطَايَاكُمْ یعنی وہ پل صراط پر تمہاری سواریاں ہیں۔ زحمت: تکلیف۔ روا: جائز۔ رود: جائے گی۔ در: دروازہ۔ خواہی: چاہتا ہے تو۔ دہی: دے تو۔ ارحام: قریبی رشتہ دار۔ مفتقر: محتاج یعنی جب رشتہ دار محتاج ہوں تو فقیر کی بجائے انہیں صدقہ دے۔

صدقہ بگرداند بلا خشم خدا شاند فرد	ہرگز نیاید نزد تو آفت بلا خوف و خطر

صدقہ ٹال دیتا ہے اللہ تعالیٰ کے غصہ کو، ہرگز نہ آئے گی مصیبت قریب تیرے بے خوف بے ڈر ہو گا۔

☆☆☆☆☆

باب ہشتم در بیان روزہ ہائے ماہ رمضان

باب اٹھواں روزے رمضان المبارک کے بیان میں۔

روزہ بکن نیت زدل رمضان چو بینی ماہ را	غیبت مکن فحشے مگو از لاغ و بازی کن حذر

روزہ کی دل سے نیت کر رمضان المبارک کا چاند دیکھے تو، غیبت، نہ گالی گلوچ نہ کہے، مذاق کھیل بازی سے پرہیز کر۔

باآب کن افطار راچوں گرم بینی از ہوا	افطار باخرما بکن بینی ہوا چوں سرد تر

پانی سے افطار کر گرم دیکھے تو ہوا یعنی گرمی میں، افطار کر کھجور سے جب دیکھے تو ہوا سرد یعنی سردی میں۔

افطار چوں خواہی کنی از حق بخواہی آن زماں	از ہر مہمے کاں ترا دشوار باشد اے پسر

افطار جب کرنا چاہے اللہ تعالیٰ سے دعا کر اس وقت، ہر مقصد میں جو تجھے مشکل ہوا ہے بیٹے۔

روزہ بداری بہر حق نے بہر نام و نے ریا	تانیکہ میخوروی بشب افطار کن ہم زاں قدر

روزہ رکھ اللہ تعالیٰ کے لیے نہ دکھلاوے اور نام کے لیے، کھانا رات کو جتنا کھاتا ہے اتنا ہی سے افطار کر۔

گہہ گہہ بداری نفل را مفطر نباشی دائما	ہم بیض را داری بپا باشی بخانہ یا سفر

کبھی کبھی نفلی روزہ رکھ افطار کرنے والا نہ ہو ہمیشہ، ایام بیض کے روزے رکھ چاہے گھر میں ہو یا سفر میں۔

....

برداند: دیتا ہے، بلا مصیبت۔ خشم: غصہ۔ شاند: بٹھاتا ہے۔ فرد: نیچے۔ آفت: مصیبت۔ سیّد عالم نور مجسم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ اَلصَّدَقَةُ رَدِّ الْبَلَا صدقہ بلا کو رد کرتا ہے۔۔۔۔رمضان رمض سے مشتق ہے بمعنی جلانا یہ ماہ گناہوں کو جلا دیتا ہے بلکہ دل سے اقرار کرے۔ بینی: دیکھے تو۔ ماہ: چاند۔ غیبت: پس پشت عیب کہنا۔ فحشے: غلط بیانی کرنا۔ لاغ: مزاح۔ بازی: کھیل کود۔ ضرر: پرہیز، ڈر۔ آب: پانی۔ خرما: کھجور۔ یعنی جب گرم ہوا چل رہی ہو تو پانی کے ساتھ افطار کرے جس طرح سید عالم ﷺ کا ارشاد يُفْطِرُ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّي عَلٰى رُطَبَاتِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ رُطَبَاتِ فَتَمَرَاتِ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ فَمِنْ مَاءِ ترجمہ: نماز پڑھنے سے پہلے تر کھجور سے افطار کرے اگر وہ نہ ہو تو خشک کھجور ورنہ سادہ پانی سے۔ مہمے: مقصود، دشوار، مشکل۔ گہہ گہہ: کبھی کبھی۔ مفطر: افطار کرنے والا۔ دائما: ہمیشہ۔ بیض: یہ تین دن تیرہ چودہ پندرہ ان کو ایام بیض اس لیے کہتے ہیں کہ ان ایام میں راتیں روشن ہوتی ہیں۔ بپا: قائم۔ داری: رکھ تو۔ خانہ: گھر۔

نانیکہ میخوروی بچاشت آنرا نخور درویش دہ
گر تو نگہداری ازاں چنداں نیابی ازاجر

کھانا جو کھاتا ہے وقت چاشت کے اس کو اب نہ کھا فقیر کو خیرات دے، اگر تو محفوظ رکھے گا اس کو، تو اتنی گنتی ثواب نہ پائے گا۔

روزہ بداری در رجب اوّل میانہ آخرش
ترویہ داری روزہ ہم عرفہ بداری اے پسر

روزہ رکھ ماہ رجب میں اوّل، درمیاں اور آخر اس کے، آٹھویں ذوالحجہ نویں کے روزے رکھا اے بیٹے۔

روز خمیس و ہم جمعہ شش روزہ سوال ہم
صائم شوی در ہر دو ماہ از بہر حق روز قمر

روزہ جمعرات اور جمعہ بھی چھ روز شوال کے بھی، ہر ماہ کے ابتدائی روزے رکھ اللہ تعالیٰ کے لیے سوموار کا۔

میرے کہ باشد لشکری دائم بگردد روز و شب
از نفل دارد روزہ گر افطار باشد خوبتر

امیر لشکر جو رات دن لشکر کو چلانے والا ہے ہمیشہ، نفلی روزہ رکھ تو لیکن افطار افضل ہے۔

صائم چو برگِ شب خوردزاں رنگ ماند در دہن
مکروہ باشد ایں چنیں بل خوف باشد از فطر

روزہ دار جب پان رات کو کھاتا ہے اس کا منہ رنگ میں رہے، مکروہ ہے روزہ اسی طرح بلکہ ڈر ہے ٹوٹنے کا۔

دائم بخور طعمے سحر تر کے نگیری ہیچگہ
ہرگز نہ پرسد حق ترا از طعم فطر و ہم سحر

ہمیشہ سحری کا کھانا کھا چھوڑا نہ کر کبھی، ہرگز نہ حساب لے گا اللہ تعالیٰ تجھ سے کھانے افطاری وسحری کے۔

روزہ بداں اسرارِ حق باکس مگو آں راز را
روزہ چناں پنہاں بکن نی زن بداندنی پسر

روزہ جان راز اللہ تعالیٰ کا کسی کو ظاہر نہ کر، روزہ کو ایسا چھپا بیوی بچوں کو علم نہ ہو۔

فردا چو حق اعمال را بدہد بخصمان ہر یکے
طاعت کہ باشد جملگی خصمے برد روزہ مگر

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کسی کے اعمال اس کے مخالف کو دے گا، روزہ کے سوا تمام نیکیاں لے جاوے گا۔

نان: روٹی۔ میخوری: کھائے تو۔ نخور: نہ کھا۔ درویش دہ: فقیر کو دے۔ چنداں: اتنی گنتی۔ نیابی: نہ پائے گا تو۔ اجر: ثواب۔ میانہ: درمیان۔ ترویہ: آٹھ ذوالحجہ۔ عرفہ: نو ذولحجہ۔ شش: یعنی چھ، ماہ شوال کے روزے۔ صائم: روزے دار۔ روز قمر سوموار کا دن۔ میر: سردار۔ دائم: ہمیشہ۔ بگردد: چلانے والا۔ برگ: پتا یعنی پان کا پتا۔ شب: رات۔ خور: کھائے۔ رنگ: سرخی۔ دہن: منہ۔ سحر: صبح کا کھانا۔ ترکے: چھوڑنا۔ نگیری: نہ لے تو۔ ہیچگہ: کسی وقت۔ نہ پرسد: نہ پوچھ۔ اسرار: راز۔ باکس: ساتھ کسی آدمی کے۔ مگو نہ کہے۔ چناں: اسی طرح۔ پنہاں: پوشیدہ۔ زن: عورت۔ بداند: جانے۔ فردا: کل قیامت۔ خصمان: دشمن۔

وقتی در آئی مسجدے باید در آئی معتکف		رمضان چوں آخر عشر شد شو معتکف یابی قدر

جس وقت آئے تو مسجد میں اعتکاف کی نیت سے آ، ماہ رمضان المبارک جب آخری عشرہ ہوا اعتکاف والا ہو پائے گا تو لیلۃ القدر۔

یکدم مشو بیرون ازاں جز حاجتِ غسل و وضو		بیعے مکن ہم تو مخر کالا نیاری در نظر!

ایک لحہ نہ جا باہر سوا ضرورت غسل اور وضو کے، مسجد میں خرید وفروخت نہ کر نہ خرید مال نہ لائے تو نظر میں۔

میخور طعام و آب ہم در اعتکاف وخسپ ہم		خامش مشو از ذکر حق قرآں نجواں شام وسحر

کھا کھانا اور پانی بھی پی، (سحری اور افطاری کا) اعتکاف میں اور سو بھی (یہ جائز ہے)، خاموش نہ ہو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے صبح وشام قرآن پاک پڑھ۔

☆☆☆☆☆☆

باب نہم در بیان حج وسفر وجہاد با کافران گوید

باب نواں حج وسفر اور کافروں کے ساتھ جہاد کے بیان میں

از خانہ بیروں تو مرو جز از جماعت ہم جمعہ		بیرون بداں آفت بلا وقتے مکن نیت سفر

گھر سے باہر نہ جا تو سوا جماعت بھی جمعہ کے، باہر جان مصیبت کسی وقت سفر کی نیت نہ کر۔

گر تو سفر خواہی کنی باری سفر کعبہ بکن		تا تو کنی طواف حرم بالب ببوسی آں حجر

اگر تو سفر چاہتا ہے ایک بار سفر کعبہ کا کر، تا کہ کرے تو طواف حرم بوسہ دے حجر اسود کو۔

معتکف: اسم فاعل کا صیغہ ہے یعنی اپنے آپ کو مسجد میں پابند کرنے والا۔ اعتکاف: بیٹھنے والا۔ آخر عشر: دس دن۔ یابی: پائے گا تو۔ قدر: مرتبہ، عزت، قدر سے مراد لیلۃ القدر ہے۔ رمضان المبارک کے آخری دن رات میں اعتکاف بیٹھنا سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے کہ شہر میں ایک آدمی کے ادا کرنے سے سب بری الذمہ ہو جائیں، آدمی جب مسجد میں جائے اعتکاف کی نیت کر سکتا ہے۔ اگر چہ تھوڑی دیر کے لیے ٹھہرے۔ یکدم: ایک گھڑی۔ مشو: نہ ہو۔ جز: سوا۔ حاجت: ضرورت۔ بیعے: خرید وفروخت۔ مخر: نہ خرید۔ کالا: مال۔ نظر: سامنے۔ مسئلہ: اعتکاف والا آدمی۔ قضائے حاجت، غسل، وضو کے بغیر مسجد سے باہر نہیں جا سکتا۔ البتہ سامان حاضر کیے بغیر خرید وفروخت کر سکتا ہے۔ عورت اپنے گھر کی مقرر جگہ پر اعتکاف بیٹھے۔ میخور: کھا۔ طعام: کھانا۔ خسپ: خفتن سے مشتق ہے، سونا۔ خامش: خاموشی سے مشتق ہے چپ۔ خانہ: گھر۔ بیروں: باہر۔ مرو نہ: جا۔ جز: سوا۔ بداں: جان۔ بلا مصیبت۔ باری: ایک مرتبہ۔ کعبہ: بیت اللہ شریف۔ [illegible] بوسہ دے تو۔ حجر: حجر اسود۔

در حج رفتن فرض داں گرزاد داری زاحلہ
یکسالہ ناں دہ اہل را راہے چو بینی بے خطر

حج میں جانا فرض جان اگر سفر خرچ میسر ہو، ایک سال روٹی کا خرچ گھر والوں کو دے اگر راستہ تکلیف دہ نہ ہو۔

چوں تو بیاری حج بجا در تو نماند یک گناہ
شاداں روی اندر جناں با حور شینی در قصر

جب تو ادا کرے حج تجھ میں ایک گناہ بھی باقی نہ رہا، خوش خوش جائے گا جنت میں حور کے ساتھ محل میں بیٹھے گا۔

باید مدینہ ہم روی بکنی زیارتِ مصطفیٰ
تا پاک گردی از گناہ با او نشینی در صد

چاہیے مدینہ منورہ جائے زیارتِ مصطفیٰ ﷺ کرے تو، تا کہ پاک ہو گناہ سے بلند درجہ میں بیٹھے تو۔

آنکس کہ او حج کند نرود زیارت مصطفیٰ
گفتہ جفانی آں نبی تحقیق دانی اے پسر

وہ شخص جس نے حج کیا اور نہ گیا زیارتِ مصطفیٰ ﷺ کو، فرمایا نبی پاک ﷺ ظلم کیا مجھ پر یقین جان تو اے بیٹے۔

گر تو مسافر میشوی تنہا مرو یاراں طلب
ہمسایہ حاصل کن نکو آنگہ برو خانہ بخر!

اگر تو سفر میں جائے اکیلا نہ جا ساتھی طلب کر، ہمسایہ حاصل کر لے اچھا اس وقت مکان خرید کر۔

گر تو سفر خواہی کنی روزِ قمر کن مشتری
راحت بیابی زاں سفر ہم گنج یابی ہم گہر

اگر تو سفر کرنا چاہے سوموار یا جمعرات کو سفر کر، آرام پائے گا تو اس سفر میں خزانہ پائے بھی موتی۔

روز زحل میکن سفر آئی سلامت جانمن
درحال بینی روئے شاں دیری نمائی در سفر

ہفتہ کے دن سفر کر آئے گا سلامت اے میری جان، جلدی واپسی ہو گی زیادہ دیر سفر میں نہ رہے گا تو۔

عقرب چو بینی ماہ را از خانہ دیر بیروں مرد
در برج ثابت ہم مرو مانی تو آنجا دیر تر

قریب یعنی آخر جب مہینہ ہو تو سفر میں گھر سے نہ جا، برج (نام ستارہ) میں ثابت میں بھی سفر نہ کر ورنہ زیادہ دیر سفر میں رہے گا۔

رفتن: جانا۔ زادتوشہ: راہ کا خرچہ۔ راہہ: سواری۔ اہل: اہل وعیال۔ بیاری: لائے تو۔ نماز ند: نہ رہے گا۔ یک: ایک۔ شاداں: خوش۔ شینی: نشینی کا مشتق ہے بیٹھے گا۔ قصر: محل۔ حج اور عمرہ کر کے مدینہ منورہ جائے۔ سعادت دارین حاصل کرے۔ سید عالم نور مجسم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ۔ جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لیے میری شفاعت واجب ہے۔ ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا: مَنْ حَجَّ وَلَمْ یَزُرْنِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ۔ جس نے حج کیا اور میری زیارت نہیں کی اس نے مجھ پر ظلم کیا۔ دانی: جان تو۔ مشیوی: ہو وتوں۔ تنہا: اکیلا۔ مرد: نہ جا۔ یاراں: دوست۔ ہمسایہ: پڑوسی۔ بخر: خرید۔ روز قمر: سوموار۔ مشتری: خمیس۔ راحت: آرام۔ گنج: خزانہ۔ گہر موتی: روز زحل: ہفتہ کا دن۔ عقرب: قریب۔ برج: ستارے کا نام۔

شنبہ دو شنبہ وقف کن در شرق رفتن جانمن	ور تو نمائی میروی از درد بینی صد خطر!

ہفتہ، سوموار مشرق کی جانب جانے میں وقفہ کرائے میری جان، اور اگر نہ رہے تو جائے تو اس سفر سے دیکھے گا تو تکلیف سو نقصان۔

روز سہ شنبہ اربعا سمت شمالی ہم مرو	در مشتری بیرون مرو سوئے جنوبی در سفر

منگل بدھ کے دن شمال کی جانب بھی نہ جا، جمعرات باہر سفر میں نہ جا جنوب کی طرف۔

روزِ جمعہ روز احد در غرب تو ہرگز مرو	زحمت بہ بینی در بدن صحت نیابی اے پسر

جمعہ، اتوار کے روز مغرب کی جانب سفر نہ کر، بیماری دیکھے گا صحت جسم میں نہ پائے گا اے بیٹے۔

چون گم کنی تو راہ را راہے نیابی تاروی	گوئی اذان درحال تو راہے بیابی در نظر

جب راستے کو بھول جائے اور راستہ نہ پائے تا کہ جائے تو، کہے اذان اس حال میں راستہ پالے گا تو نظر میں۔

جنگے بکن با کافراں فرضے بداں آن جنگ را	وقتیکہ بینی کافراں کردند غوغا عام تر

جنگ کر کافروں کے ساتھ فرض جان اس جنگ کو، اس وقت جب دیکھے تو کافر کر دیں حملہ شرِ عام یعنی شور فتنہ فساد۔

از حرب نگریزی گہے بزہ کارگردی دوزخے	اکبر کبائر ایں گنہ زیں کارکن کلی حذر

جنگ سے نہ بھاگ گناہگار ہوگا جہنم میں جائے گا تو، یہ بڑے سے بڑا گناہ ہے اس سے کر مکمل پرہیز۔

گر مومنان باشند دہ وان بست و یک اہل حرب	آندم کہ تانبد روئے رادانی مباح این اے پسر

اگر مومن دس ہوں اور حربی کافر اکیس، حملہ آور ہوں تو اس وقت پیچھے ہٹنا جائز اے بیٹے۔

شنبہ: ہفتہ۔ دوشنبہ: سوموار۔ وقف: ٹھہرنا۔ شرق: مشرق۔ جانمن: جان میری۔ نمائی: نہ رہے تو۔ میروی: جائے تو۔ سہ شنبہ: منگل۔ اربعا: بدھ۔ سمت: طرف۔ مرو: نہ جا۔ مشتری: جمعرات۔ سوئے: طرف۔ احد: اتوار۔ زحمت: تکلیف۔ راہ: راراستہ۔ نیابی: نہ پائے تو۔ تاوی: تا کہ جائے تو۔ گوئی: کہے۔ درحال: اس وقت۔ فائدہ: مسافر راستہ بھول جائے تو اذان کہے راستہ مل جائے گا۔ غوغا: شور۔ حرب: جنگ۔ نگریزی: نہ بھاگ تو۔ گہے: کبھی۔ بزہ: گنہگار۔ اکبر: کبائر، بہت بڑا۔ کلی: مکمل۔ حذر: خوف۔ دہ: دس۔ بست و یک: اکیس۔ اندم: اس وقت۔ تابند: تاختن سے مشتق ہے پھرنا۔ مباح: جائز یعنی جنگ میں دوگنا دشمن کے مقابلہ سے بھاگنا جائز نہیں اس سے بڑھے تو جائز ہے۔

باب دہم دربیان تلاوت قرآن وذکرودعاودرودشریف

باب دسواں تلاوت قرآن پاک اور ذکراور دعااور درود شریف کے بیان میں

قرآن چوخوانی جانمن از جان ودل اوربخواں	دریاب معنی ہر سخن دہ روز ختمے کن زسر

قرآن پاک جب پڑھے تو اے جان میری دل وجان سے، معلوم کر مقصد ہر آیت کا دس دن میں ختم کرنے سے۔

مدغم بداں معنی درو اندیشہ کن در خواندنش	ذوقے بیابی وجد ہم نوری بگردی سربسر

پوشیدہ جان مقصد غور کراس کے پڑھنے میں، ذوق پائے گا تو لذت نور ہوگا سربسر یعنی تمام۔

دروقت خواندن دان چناں گولی کہ میشوی زحق	بااوبگویم را خودازوی شوی تو مست تر

پڑھتے وقت یوں جان اللہ تعالیٰ سن رہا ہے، اس سے ہم کلام ہورہا ہے اس طرح تجھے خاص کیفیت حاصل ہوگی۔

سلطان بداں حضرت قرآں اندرحجاب صدتتق	بیزار شواز غیر حق آنکہ بیابی زو خبر

بادشاہ جان قرآن پاک سو پردوں میں، دور ہو غیر اللہ سے تا کہ پائے تو اس سے خبر۔

خواندن حروف وہم ہجاہرگزمداں ایں خواندنش	اندر دبیرستان چنیں خوانند ہر شام و سحر

پڑھنا حروف اور ہجا ہرضرور نہ جان پڑھنا اس کا، مدرسوں میں پڑھتے ہیں اس طرح ہر شام اور صبح۔

خواہی شوی اسرارداں سلطان بہ بینی چشم خود	درصحنِ دل جاروب دہ زانجابروں کن مال وزور

چاہتا ہے تو راز معلوم کرے بادشاہوں کو آنکھوں سے دیکھے، اپنے دل میں جھاڑو دے باہر کر مال اور سونا۔

یٰسین و نوح و عم راہم واقعہ با ملک خواں	پس فجر وظہر وعصر ہم مغرب عشا ای نامور

سورۃ یٰسین اور سورۃ نوح اور سورۃ عم بھی واقعہ سورۃ ملک پڑھ، بعد فجر اور ظہر، عصر، مغرب، عشاء اے مشہور۔

خوانی: پڑھ۔ دریاب: معلوم کر۔ مدغم: چھپا ہوا۔ اندیشہ: فکر۔ ذوقے: لطف۔ وجد: کیف۔ سراسر: تمام۔ چناں: اس طرح۔ تتق: پردے۔ بیزار: علیحدہ۔ ہجا جوڑ، یعنی ہر حرف کو الگ الگ پڑھنا۔ دبیرستان: مدرسہ۔ خوانند: پڑھے۔ سحر: صبح۔ خواہی: چاہتا ہے تو۔ شوی: ہووے تو۔ اسرار: جمع سرراز۔ چشم: آنکھ۔ صحن: میدان۔ جاروب: جھاڑو۔ فائدہ: پہلے بیت میں پانچ سورتوں کا ذکر ہے دوسرے بیت میں پانچ نمازوں کا ذکر ہے ہر نماز کے بعد ان سورتوں کے پڑھنے سے بے شمار ثواب اور فائدے ہیں۔ سورہ یٰسین صبح کی نماز کے بعد پڑھنے سے حفظ ایمان اور عزت ہوتی ہے۔ سورہ نوح ظہر کی نماز کے بعد پڑھنے سے دنیا کی مصیبتیں اور دشمن کے شر اور جان ومال کی حفاظت ہوتی ہے۔ سورہ عم عصر کی نماز کے بعد پڑھنے سے آخرت ہوتی ہے۔ سورہ واقعہ مغرب کی نماز کے بعد پڑھنے سے رزق کی وسعت اور فراخی ہوتی ہے۔ سورہ ملک عشاء کی نماز کے بعد پڑھنے سے عذاب قبر سے نجات ہوتی ہے۔

در شب جمعہ طٰہٰ بخواں یابی جزائے بے عدوحد
پیش از جمعہ خوانی کہف ایمن شوی از شور وشر

جمعہ کی رات سورۃ طٰہٰ پڑھ ثواب پائے گا تو بے شمار، پہلے نماز جمعہ سے تو پڑھ سورۃ کہف بے خوف ہوگا فتنہ وفساد سے۔

از بہر عزت روز شب تو سورۂ یوسف بخواں
سورۂ تغابن رانجوان میترسی از طاعون اگر

عزت کے لیے دن رات تو سورۃ یوسف پڑھ، سورۃ تغابن پڑھ ڈرتا ہے تو طاعون سے اگر۔

در بند خواں اخلاص ہم الحمد را باتسمیہ
میخواں چہل یکبار تو ہر تپ کہ باشد درد سر

قید میں پڑھ سورۃ اخلاص بھی الحمد اللہ شریف بسم اللہ شریف کے ساتھ، پڑھ اکتالیس بار ہر بخار سر درد کے لیے۔

اوقات خمسہ ذکر گو ہم قوت خود را ذکر کن
چنداں بگو تو ذکر حق تا ذکر گوید موئے سر

پانچوں نماز کے وقت اپنی طاقت کے مطابق ذکر کر، اتنا اللہ تعالیٰ کا ذکر کر کہ سر کے بال بھی ذکر کریں۔

ہرگہ کہ گوئی ذکر حق ذکر گوید مرترا
گردی یکے از اولیاء گر ذگر گوئے از ہر سحر

جس وقت اللہ کو یاد کرے گا اللہ تعالیٰ تجھے بھی یاد کرے گا، ہوگا اولیاء سے اگر ذکر کرے تو ہر صبح یعنی سحر کے وقت۔

در خفیہ گو ذکر و دعا تاپاک گردی از ریا
روزی ترا گردد لقا بینی خدارا در بصر

پوشیدہ کہہ ذکر اور دعا تا کہ پاک ہو دکھلاوے سے، قیامت کے دن تجھے اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا۔

مغزِ عبادت دان دُعا بردار دست وکن دعا
الحاح کن خواندہ دُعا آیدا جابت زود تر

دعا عبادت کا مغز جان اٹھا ہاتھ اور کر دعا، عاجزی سے دعا پڑھ (یعنی مانگ) جلد قبول ہوگی۔

یابی اجابت طائری دارد دوپرز صدق وحل
طیراں نگردد ممکنش چون بشکند این ہر دو پر

پائے گا قبولیت دعا پرندہ کی شکل ہے جس کے سچائی اور حلال کمائی دو پر ہیں، اڑنا ممکن نہیں جب ٹوٹ جائیں دو پر۔

جزا: ثواب۔ بے عدوحد: بے شمار، یعنی جمعہ کی رات سورہ طٰہٰ پڑھنے سے بہت ثواب ہوتا ہے۔ جمعہ نماز سے قبل سورہ کہف پڑھنے سے ہر مصیبت سے حفاظت ہوتی ہے۔ بند: قید۔ خواں: پڑھ۔ اخلاص: قل ھو اللہ احد الخ۔ تسمیہ: بسم اللہ شریف۔ چہل و یک: اکتالیس۔ تپ: بخار۔ فائدہ: قید سے رہائی کیلئے سورہ اخلاص اور بخار اور دردسر کیلئے اکتالیس بار بسم اللہ شریف سورہ فاتحہ پڑھی جائے۔ اوقات: وقت۔ خمسہ: پانچ۔ قوت: روزی۔ موئے: بال۔ ہرگہ: ہروقت۔ گوئی: کہے تو اس آیت کی طرف اشارہ ہے۔ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ تم میرا ذکر کرو میں تمہارا چرچا کروں گا۔ خفیہ: پوشیدہ۔ ریا دکھاوا، نمائش۔ لقا: ملنا، ملاقات۔ بصر: آنکھ۔ بردار: اٹھا۔ الحاح: عاجزی۔ یابی: پائے گا تو۔ اجابت: قبولیت۔

چوں تو دُعا خواہی کنی صلوات در اوّل بگو ‏ ‏ ‏ در ختم مرویست صلوات گو حاجت بیابی زودتر

جب تو دعا چاہتا ہے درود پاک پڑھ اوّل میں، اور اختتام میں درود پاک پڑھ، مروی ہے ضرورت جلد پوری ہوگی۔

ساعت اجابت داں دعا وقتِ ندا روزِ جمعہ ‏ ‏ ‏ در جمعہ ساعت آخریں خواندن دعا غنمی شمر

دعا کی قبولیت کی گھڑی جان، اذاں کے وقت جمعہ کے دن، جمعہ کی آخری گھڑی دعا کرنا غنیمت گن۔

اتمام اذان دیدی چو شد از حق بخواہی حاجتے ‏ ‏ ‏ وقت اقامت ہم ازاں در جوفِ شب وقت سحر

مکمل ہونے اذان پر اللہ تعالیٰ سے اپنی ضرورت مانگ، درمیان اذان تکبیر بھی اور سحری کے وقت یعنی آدھی رات۔

از ظہر تا در عصر ہم در روز اربعا خواں وعشاء ‏ ‏ ‏ در شب جمعہ عیدین ہم وقتیکہ میبارد مطر

ظہر تا عصر بھی بدھ کے دن دعا مانگ، رات جمعہ عیدین میں بھی جس وقت بارش ہو رہی ہو۔

وقتیکہ گردی نرم دل افطار بکنی روزہ را ‏ ‏ ‏ چون تو کنی ختم قرآن حاضر جماعت صد نفر

جب ہو تو رقت دل افطار روزہ کے وقت، جب تو قرآن پاک ختم کرے حاضر جماعت سو آدمی۔

در شب برات وہم شب اوّل کہ باشد از رجب ‏ ‏ ‏ وقتیکہ جملہ غازیاں حملہ کنند بر صف کفر!

شعبان کی پندرہویں رات میں اور رجب کی پہلی رات، جس وقت مجاہدین اسلام کافروں پر حملہ کریں۔

چوں تو کنی فرضے ادا میکن زجاں و دل دُعا ‏ ‏ ‏ وقتیکہ کعبہ مرترا اے جانِ من آید نظر

جب تو فرض ادا کرے دل و جان سے دعا کر، جس وقت کعبہ مکرمہ تجھے نظر آئے اے میری جان۔

مرد مسافر زحمتی دارند عرضے از دُعا ‏ ‏ ‏ دانی اجابت بیشکے دیگر دعا مادر پدر!

مرد مسافر بیمار دعا کریں (قبول ہوتی ہے)، جان تو قبولیت دعا بے شک ماں باپ کی۔

زودتر: جلدی زیادہ۔ وجہ: جائز۔ پوشی۔ پہنے تو۔ خوری: کھائے تو۔ کذب: جھوٹ۔ غیبت پس پشت برائی کہنا۔ فحش: بے ہودہ باتیں گالی گلوچ۔ جلس وحصر: بند کرنا یا روکنا۔ طائر: پرندہ۔ صدق: سچائی۔ حل: حلال۔ طیران: اڑنا۔ بشکند: ٹوٹ جائے۔ صلوات: جمع صلوٰۃ، درود شریف۔ حاجت: ضرورت۔ ساعت: گھڑی۔ ندا: اذان۔ غنمی: غنیمت۔ شمر: گن۔ اتمام: مکمل۔ ازاں اس سے۔ جوف: درمیان۔ روز اربعا: بدھ۔ بارو: باریدن سے مشتق ہے برسنا۔ مطر: بارش۔ وقتیکہ گردی نرم دل: یعنی جب رقت طاری ہو افطار کے وقت۔ صد نفر: سو آدمی۔ شب برأت: شعبان کی پندرھویں رات۔ غازی: مجاہدین اسلام۔ کفر: کافر۔ مادر پدر: ماں باپ۔ یہ تمام دعا کے وقت بتائیں ہیں ان وقتوں میں دعا قبول ہوتی ہے۔

باب یازدہم در بیان مکاسب وقناعت وسوال

باب گیارھواں محنت مزدوری اور قناعت اور سوال کے بیان میں

شرمے نداری ننگ ہم از کسب کردن جانمن — آموز کسب و علم را شوذوفنون صاحب ہنر

شرم نہ کر عار بھی محنت کرنے سے اے جان میری، سیکھ ہنر اور علم ہو صاحب فنون۔

آموز علم و ہم ہنر درہا نہ گردی تابسے! — آنکس کہ باشد باہنر نانی نخاہد دربدر

سیکھ علم اور ہنر بھی دربدر دھکے نہ کھا بہت، وہ شخص جو ہے باہنر دربدر روٹی نہیں مانگتا ہے۔

از کسب کد خود بخوروز دست رنجِ خویشتن — چیزے نخواہی اس کسے تا شہد گردی ہم شکر

ہنر اپنے سے روٹی کھا (ہاتھ کی کمائی) اور مشقت رہنے سے، کسی سے نہ مانگ تاکہ ہو لوگوں میں شہد اور شکر۔

کارے بکن درحال تو داں کاہلی چوں کافرے — کاہل کہ باشد آدمی او را بداں چوں گاؤخر

کام کر ہر حال میں تو سستی جان کافروں کی طرح، سست جو ہو آدمی اس کو گائے اور گدھے کی طرح جان۔

سنگے چو آری ہیزمی بر پشتِ خود از کوہ و دشت — او را فروشی ناں خوری بہتر زصد نان پدر

پتھر لکڑی اٹھالائے اپنی پیٹھ پر جنگل اور پہاڑ سے، اس کو بیچ روٹی کھا اچھا ہے سو روٹی باپ سے مانگے۔

کنجارہ بخوری شیرنی آبی خوری شوروِنمک — بہتر زسلطاں چوں روی شربت خوری نعمت دگر

بچا ہوا کھا درختوں کے پتے کھا پانی نمکین پینا، اچھا ہے کہ بادشاہ کے پاس جاکر شربت پیئے اور اعلیٰ کھانے کھائے۔

نداری: نہ رکھے تو۔ ننگ: عار شرم۔ کسب کمائی۔ آموز: آموختن سے مشتق ہے سیکھنا۔ ذو: صاحب۔ فنون: فن۔ فائدہ: کوئی بھی کسب کرنا اور زندگی بسر کرنا انبیاء کرام کی سنت ہے۔ سیدالانبیاء ﷺ کا ارشاد ہے کہ اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰہِ کسب کرنے والا اللہ تعالیٰ کا دوست ہے۔ انبیائے کرام نے خود بھی کسب کیا، حضرت آدم علیہ السلام زراعت کا کام کرتے تھے، حضرت نوح علیہ السلام مستری کا کام کرتے تھے، حضرت ادریس علیہ السلام درزی کا کام کرتے تھے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کپڑا فروخت کرتے تھے اور سیدالانبیاء ﷺ نے بکریاں چرائیں اور صحابہ کرام نے بھی کسب وغیرہ فرمایا۔ کد: خود صاحب گھر۔ رنج: تکلیف۔ درہا: دروازے۔ نہ گردی: نہ پھرے تو۔ کاہلی: سستی۔ گاؤ: گائیں۔ خر: گدھا۔ سنگے: پتھر۔ آری: لائے تو۔ ہیزمی: لکڑی۔ پشت: کمر۔ کوہ: پہاڑ۔ دشت: جنگل۔ فروشی: فروخت کر۔ کنجارہ: روغن۔ شیر: دودھ۔

چوں سگ نباشی منتظر برخوانِ کس تا کے خورد — مردمے چو بینی این چنیں اوراںبداں از سگ بتر

کتے کی طرح نہ ہوئے تو انتظار کرنے والا کسی کے دستر خوان پر کھانے کا، آدمی جب دیکھے تو اس طرح اس کو جان کتے سے برا۔

چوں تو ستانی از کسے خلقے ترا گوید گدا — ورتو کسے رامید ہی گویند شاہِ معتبر!

جب تو مانگے تو لوگ تجھے فقیر کہیں گے، اگر دے تو کسی کو تو کہیں بادشاہ عزت والا۔

پندے بگویم خوب تر درگوش کن نیکو شنو — احوالِ خود باکس مگو رنج بکش نانے بخور

بہت اچھی نصیحت کہتا ہوں میں اس کو غور سے سن، اپنا حال کسی کو نہ بتلا محنت مزدوری کر کے روٹی کھا۔

ہم خواستن محظور شد اندر شریعت بیشکے — یک روزہ نانی چوں بود آں خشک باشد خواہ تر

بھی مانگنا منع ہے شریعت میں بے شک، ایک دن کی روٹی ہو خشک یا تازہ۔

چوں تو بخواہی مال و زر از بہر عز و مفخرت — میداں یقیں آں مال راسوزند آتش چوں جمر

جب تو عزت وفخر کے لیے مال جمع کیا، جان یقیناً اس مال کو جہنم میں انگاروں کی طرح جلائیں گے۔

گرمی بکارے کشت ہم مقدور باشد گر ترا — در زرع کارے خود بکن بردار میوہ بیشتر!

اگر کاشت کاری کرے تو تجھے اس طاقت سے ہو، کھیتی میں خود کام کر اٹھا پھل بہت زیادہ۔

کسبے بکن نانی بخور صبر و قناعت پیشہ کن — چوں تو نخواہی از کسے در عدن یابی کشک زر

محنت کر روٹی کھا صبر اور قناعت کی عادت بنا، جب تو کسی سے سوال نہ کرے جنت میں سونے کا محل پائے گا۔

کسبے کہ باشد در جہاں باشد شمردہ نفع آں — در کشتِ نفع عالمے سودش نباشد منحصر

محنت جو ہے جہاں اس کا فائدہ کم ہے، کھیتی باڑی کا فائدہ کم نہیں بلکہ سارے جہان کو ہے۔

....

سگ: کتا۔ نباشی: نہ ہوئے تو۔ منتظر: اسم فاعل کا صیغہ ہے انتظار کرنے والا۔ خوان: دستر خوان۔ بر: برا زیادہ۔ ستانی: ستاندن سے مشتق ہے مانگنا۔ خلقے: مخلوق۔ گدا: فقیر، بھیک مانگنے والا۔ میدہی: دے تو۔ پندے: نصیحت۔ خوب: اچھی۔ گوش: کان۔ شنو: سن۔ احوال: حال۔ بکش: کھینچ۔ خواستن: مانگنا۔ محظور: منع۔ مفخرت فخر۔ سوزند: جلانے والی۔ آتش: آگ۔ جمر: انگارہ۔ کشت: کاشتکاری کرنا۔ مقدور: اندازہ۔ زرع: کھیتی۔ بردار: اٹھا۔ میوہ: پھل۔ بیشتر: بہت زیادہ۔ پیشہ: طریقہ۔ عدن: جنت کے طبقے کا نام۔ کشک زر: سنہری محل۔ شمردہ: محدود۔ کشت: کھیتی باڑی۔ سود: فائدہ۔ منحصر: بند۔

تیر و کمال از دست خود مہمل نداری ہیچگہ	آموز کردن آشنا اسپاں دوانی ہم شتر

تیر اور کمان اپنے ہاتھ سے چھوڑ نا نہ کسی وقت، بے کار گھوڑے دوڑا اونٹ بھی۔

☆☆☆☆☆

باب دوازدہم در بیان نکاح کردن وجز آں

باب بارھواں نکاح کرنے کے بیان میں

تا مر ترا قوت بود تزویج کردن وقف کن	آفت بداں اندوہ غم اندر نکاح اے نامور

جب تک تجھے قوت ہے شادی کرنے میں وقفہ کر، مصیبت جان فکر اور غم نکاح میں اے مشہور۔

چون تو نمائی زن کنی کن خوبصورت پارسا	فرمان برد خدمت کند مونس بود شام وسحر

جب نہ رہ سکے تو خوبصورت نیک عورت سے نکاح کر، فرماں بردار خدمت کرے ساتھ ہو صبح شام۔

اندوہ نارد پیش تو اندوہ و غم جملہ برد	گروی ندارد ایں صفت گوئی طلاقش زود تر

شکایت نہ کرے سامنے تیرے بلکہ تمام غم دور کرے، اگر اس میں یہ اوصاف نہیں دے طلاق اس کو جلدی۔

در چار چیز از خود فروتر زوج چون خواہی کنی	در سن وطول و ہم حسب چارم بکثرت مال وزر

اپنے سے چار چیزوں میں کم والی سے نکاح کر تو، عمر میں قد میں حسب نسب میں مال کی زیادتی میں۔

زن را چو خواہی خواستن ہرگز نخواہی جز چنین	در خلق و خوبی ہم ادب خوف خدا از خود زبر!

عورت جب چاہے تو ان اوصاف والی کے سوا نہ ڈھونڈ، اخلاق میں حسن ادب خوف خدا میں خود تیرے سے اوپر ہو۔

مہمل: چھوڑنا۔ ہیچگہ: کسی وقت۔ آشنا: بے کار۔ اسپاں: گھوڑے۔ دوانی: دوڑنا۔ شتر: اونٹ۔

سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَلنِّكَاحُ سُنَّتِيْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّي ۔ "نکاح میری سنت ہے جس نے میری سنت سے منہ پھیرا وہ مجھ سے نہیں۔" اور مقام پر ارشاد فرمایا: اَلنِّكَاحُ نِصْفُ الْإِيْمَانِ ۔ "نکاح آدھا ایمان ہے"۔ مرترا: خاص کر تجھے۔ قوت: طاقت۔ تزویج: شادی۔ کردن: کرنا۔ وقف: تاخیر۔ آفت: مصیبت۔ اندوہ: فکر۔ اے نامور: اے مشہور۔ نمانی: نہیں رہ سکتا۔ پارسا: نیک۔ فرمانبردار۔ مونس: ساتھی۔ نارد: نہ لائے۔ برد: لے جائے۔ گوئی: کہے۔ زودتر: جلدی، زیادہ۔ فرو: کم۔ سن: عمر۔ طول: زیادہ، لمبائی۔ حسب: ذات۔ چارم: چوتھی۔ خواستن: چاہنا۔ خلق: اخلاق۔ خوبی: نیکی۔ زبر: اوپر۔

کوتاہ و فربہ زن مکن دیگر دراز و لاغرک ۔۔۔ ہرگز نخواہی کاملہ فرزند آرد آں بتر

چھوٹے قد والی موٹی جسم والی نہ کر لمبے قد والی کمزور دبلی، ہرگز نہ چاہے تو سن رسیدہ بوڑھی بری اولاد پیدا ہوگی۔

ہرگز مکن حنانہ راداں زن کہ داردساق مو ۔۔۔ منّانہ کہ راہم دفع کن مکارہ بدخوزشت تر

ہرگز نہ کر نوحہ کرنے والی اور جور کھے ہو پنڈلی پر بال، حسان جتلانے والی کو دور کر، مکر کرنے والی بری عادت والی۔

آں زن کہ او ایذا کند باریک داردساق و پا ۔۔۔ بررو بگوید بدترا دائم بہ بینی بستہ سر

وہ عورت جو تکلیف پہنچائے باریک رکھے پنڈلیاں اور پاؤں، تیرے منہ پر شکایت کرے ہمیشہ دیکھے گا تو سر باندھا ہوا۔

چوں تو بخواہی خلوتی بیمار سازد خویش را ۔۔۔ در ہر سخن عذرے کند مکارہ باشد حیلہ گر

جب تو چاہے علیحدگی (صحبت) بیمار کرے گی اپنے آپ کو، ہر بات میں بہانہ کرے مکارہ حیلہ گر ہو۔

آہستہ چوں گوئی سخن پاسخ دہد نعرہ زند ۔۔۔ بے اذن اور بیروں رود تنہا بگرد دربدر

آہستہ جب بات کرے تو اونچی آواز سے جواب دے، بغیر اجازت باہر جائے اکیلی پھرے دربدر۔

مردم چو آیند پیش اواز تو گلہ بروے کند ۔۔۔ گوید قوی ناخوش منم اوگرچہ باشد خوب تر

لوگ رشتہ دار جب آئیں ان کو تیرا گلہ (شکایت) کرے، کہے میں بہت تنگ ہوں اگرچہ ہو اچھی بہت

سر را نہ پوشد ہیچگہ نی روئی شوید دست و پا ۔۔۔ نے چشمہا سرمہ کند نے شانہ اندر فرق سر

سر نہ ڈھانپے کبھی نہ منہ ہاتھ پاؤں دھوئے، نہ آنکھوں میں سرمہ کرے نہ سر میں کنگھی۔

پنہاں کند از تو سخن مہماں بد اند دشمناں ۔۔۔ اوّل نہ تو طمعے خورد و زمرد بخورد بیشتر

تجھ سے چھپا کر رکھے سو باتیں مہمان کو جانے دشمن، تیرے سے پہلے کھانا کھالے اور مرد سے زیادہ کھائے۔

کوتاہ: چھوٹی۔ فربہ: موٹی۔ دراز: لمبی۔ لاغر: کمزور۔ کاملہ: وہ عورت جس کی عمر پچاس سال سے زیادہ ہو۔ آرد: لائے گی۔ بتر: بمراز یادہ۔ حنانہ: وہ عورت جوگر یہ زیادہ کرے اور ہر وقت سر کو باندھے رکھے۔ ساق مو: وہ عورت جس کی پنڈلی پر بال ہوں۔ حنانہ: وہ عورت جو شوہر کو احسان جتلائے۔ دفع: دور کر۔ مکارہ: مکر کرنے والی۔ بدخوہ: بری عادت والی۔ زشت تر: بری زیادہ۔ ایذا: تکلیف۔ ساق: پنڈلی۔ پا: پاؤں۔ دائم: ہمیشہ۔ خلوتی: تنہائی۔ ساد: کرے گی۔ عذر: بہانہ۔ حیلہ گر: بہانہ بنانے والی۔ پا: پاؤں۔ دید: جواب دے گی۔ نعرہ زند: بلند آواز کرے گی۔ بےاذن: بغیر اجازت۔ بیرون: باہر۔ رود: جائے گی۔ تنہا: اکیلی۔ بگرد: پھرے گی۔ گلہ: شکایت۔ ناخوش: بہت تنگ۔ منم: میں۔ خوب تر: اچھی زیادہ۔ نہ پوشد: نہ پہنے گی۔ ہیچگہ: کسی وقت۔ روئی: منہ۔ وید: دھوئے گی۔ دست و پا: ہاتھ پاؤں۔ چشمہا: آنکھ۔ شانہ: کنگھی۔ فرق: مانگ۔ پنہاں: پوشیدہ۔ بداند: رکھے گی۔

آنکس کہ دارد زن چنیں اورا بدوزخ داں یقین	توچوں زنی یابی چنیں فی الحال اورا کن بدر

وہ شخص جو ایسی بیوی رکھے اس کو جہنم میں جان، اگر ایسی بیوی ملے تو جلد جدا کر یعنی طلاق دے۔

راحت بخواہی در جہاں فی الحال روسر یہ بخر	چوں ماہ از شب چار دہ شیریں سخن ہم سیمبر

آرام چاہتا ہے تو جہاں میں اس حال میں لونڈی خرید کر، چودھویں کے چاند جیسی ہو میٹھی بات کرنے والی چاندی جیسی سوہنی نہ ہو۔

گر نیک یابی پارسا قانع بود خدمت کند	با او بساز و خوش بزی ورنہ برو دیگر نجر

اگر نیک پائے تو صالح قناعت کرنے والی ہو خدمت کرنے والی، اس سے موافقت کر ورنہ جا دوسری خرید کر۔

شہوت مبین در روزن بیگانہ چون باشد ترا	در سوئے امرد ہم مبین وز نزد او شود و رتر

خواہش سے نہ دیکھ عورت بیگانی کا چہرہ جب ہو تیری اپنی، نابالغ لڑکے کی طرف بھی نہ دیکھ اس سے دور ہو اس کے نزدیک نہ ہو۔

چون تو لواطت یا زنا تقبیل بکنی مس ہم	خیرات جملہ عمر تو ناچیز گرد دہم ہدر

جب تو نے لواطت کی یا زنا کیا بوسہ لیا یا چھوا، نیکیاں تمام حیاتی کی بے کار ضائع ہو گئیں۔

☆☆☆☆☆

باب سیزدہم درآوردن عروس بخانہ ومجامعت باد

باب تیرھواں لانے دلہن کو گھر میں اور آداب صحبت کے بیان میں

چوں توز نے آری بمنزل پائے او در حال شو	باید بریزی اب راہر چہار گوشہ بام و در

جب تو دلہن کو گھر میں لائے تو اس کے پاؤں دھو، پانی چاہیے چھڑکنا چاروں کونوں اور چھت اور دروازہ پر۔

خلوت کنی چوں بازنی نام خدا اول نجواں	از دیو شیطان جمگی خوانی تعوذ اے نامور

صحبت کرے جب تو بیوی سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام لے، شیطان سے بچنے کے لیے اعوذ باللہ پڑھا اے مشہور۔

فی الحال: اس وقت۔ بدر: باہر۔ راحت: آرام۔ سریہ: کنیز۔ بخر: خرید۔ ماہ از چاردہ: چودھویں کا چاند۔ سیمبر: سیم، چاند۔ قانع: قناعت کرنے والی۔ بساز: موافقت۔ بزی: جینا۔ شہوت: خواہش۔ مبین: نہ دیکھ۔ امرد: بے ریش یعنی نابالغ لڑکا۔ لواطت: لونڈے بازی۔ تقبیل: بوسہ۔ مس: ہاتھ لگانا۔ ناچیز: بے کار۔ ہدر: ختم۔ چوں: جب۔ زن: عورت۔۔۔۔۔ بمنزل: گھر۔ شو: ہو۔ بریزی: ڈالے تو۔ گوشہ: کونہ۔ بام: چھت در: دروازہ۔ خلوت: علیحدگی، تنہائی۔ دیو: بھوت۔ تعوذ: یعنی اعوذ باللہ پڑھنا۔ مسئلہ: صحبت کرنے سے پہلے اعوذ باللہ بسم اللہ شریف اور یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ جَنِبنَا الشَّیطٰنِ مِمَّا رَزَقْتَنَا (اے اللہ ہمیں شیطان سے دور فرما اور جو کچھ تو نے ہمیں عطا فرمایا ہے اس سے شیطان کو دور فرما)۔

میکن ضیافت صبحدم کش گو سفند و گاؤ را ‌ ‌ ‌ طعمی بکن خلقی بخواں آمد چنین اندر خبر

کر دعوتِ ولیمہ صبح کے وقت ذبح کر بکری یا گائے، کھانا پکا لوگوں کو بلا آیا ہے اسی طرح حدیث پاک میں۔

در وقت خلوت اہلِ خود شہوت زنی بیگانہ را ‌ ‌ ‌ در دل چو آری بیشکے دختر بزاید نے پسر

اپنی بیوی سے صحبت کے وقت اگر کسی دوسری عورت کا خیال کیا، دل میں جب لائے تو بے شک لڑکی پیدا ہوگی نہ لڑکا۔

زیر درخت بارور ہرگز مرو نزدیک زن ‌ ‌ ‌ فرزند بدہد چون خدا ظالم بود ہم بے ہنر

پھل دار درخت کے نیچے اپنی بیوی سے صحبت نہ کر، بیٹا دے جب اللہ تعالیٰ ظالم ہوگا بے ہنر۔

گر بے وضو خلوت کنی بخلے بہ بینی در ولد ‌ ‌ ‌ در زیر مہ سیارہ ہم فرزند فاسق زشت تر

اگر بے وضو صحبت کی پائے گا تو بخل لڑکے میں، چاند ستاروں کے سایہ میں صحبت کرے گا بیٹا فاسق اور بدصورت ہوگا۔

سخنے مگو تو آں زماں گنگے ولد باشد ازاں ‌ ‌ ‌ نظر مکن در شرم گہہ فرزند آید بے بصر

بات نہ کر تو اس وقت (صحبت کے) گونگا ہو بیٹا اس سے، نظر نہ کر شرم گاہ میں ورنہ بیٹا اندھا پیدا ہوگا۔

خلوت مکن با اہل خود چوں سیر خوروی طعم را ‌ ‌ ‌ بیمار گردی بیشکے صد رنج بینی صد ضرر

صحبت نہ کر اپنی بیوی سے جب پیٹ بھر کر کھانا کھائے تو، بیمار ہوگا بے شک تو سو نقصان دیکھے گا سو تکلیف۔

اوّل ز شب قربان مکن چنداں نیابی راحتی ‌ ‌ ‌ قربان چو آخر شب کنی باشد ستوہ خوب تر

ابتدا رات میں قربت نہ کر اس سے اتنی لذت نہ پائے گا تو، صحبت جب آخر رات کرے گا عمدہ اور بہتر ہے۔

ضیافت: مہمانی یعنی دعوت ولیمہ۔ صبحدم: صبح کے وقت۔ کش: ذبح کر۔ گوسفند: بکری۔ گاؤ: گائیں۔ خلقی: مخلوق۔ آمد: آیا۔ چنیں: اسی طرح۔ خبر: حدیث شریف۔ عن انس ﷺ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ رَائِیْ عَلٰی بِنْ عَوْفِ اَثْرِ صَفْرَةٍ عَلٰی زِرَةُ نِوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ بَارِیْکَ اللّٰهُ لَکَ اَوَلَمْ وَلَوْ بِشَطَاطَةٍ ترجمہ: حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں سید عالم ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن ﷺ بن عوف کے کپڑوں پر زرد رنگ دیکھ کر فرمایا: "یہ کیا ہے؟" عرض کی: "میں نے سونے کا ٹکڑا مہر دے کر ایک عورت سے نکاح کیا ہے۔" آپ نے ارشاد فرمایا: "تجھے اللہ تعالیٰ برکت دے اس نکاح کی خوشی ولیمہ کر اگرچہ ایک بکری ہو۔" اہل خود: عورت اپنی۔ شہوت: خواہش۔ زنی: عورت۔ بیگانہ: دوسری۔ آری: لائے تو۔ دختر: بیٹی۔ بزاید: پیدا ہوگا۔ پسر: لڑکا۔ زیر: نیچے۔ بار: پھل۔ مرو: نہ جا۔ فرزند: بیٹا۔ بدہد: دے گا۔ بخلے: بخیلی۔ بینی: دیکھے گا تو۔ ولد: اولاد میں۔ مہ: چاند۔ سیارہ: ستارے۔ فاسق: گنہ گار۔ زشت تر: برا زیادہ۔ بے بصر: نابینا، اندھا۔ سیر خوری: پیٹ بھر کر کھانا۔ اوّل زشب: پہلی رات۔ قرباں: صحبت۔ راحتی: لطف۔ ستودہ: مضبوط۔ خوب تر: اچھا زیادہ۔

اوّل کہ باشد چوں شبے ہم درمیان و آخرش
چوں تو روی نزدیک زن بینی ز پیری صد خطر

مہینہ کی ابتدائی تاریخ اور درمیانی اور آخری تاریخ (عورت سے صحبت نہ کر)، جب تو صحبت کرے گا دیکھے گا سو نقصان بڑھاپے سے۔

اوّل میانہ ماہ چوں باشد نگر دی گرد زن
ورنہ زیان باشد ترا لازم بود کردن حذر

یکم، پندرہ جو چاند کی دیکھے نہ پھرے تو عورت کے اردگرد، ورنہ نقصان ہوگا تیرا لازمی ہے پرہیز کرنا۔

فارغ چوں از قربان شوی از زن جدا شوز و وتر
خودرا بآب گرم شو تا تپ نہ بینی درد سر

صحبت سے فارغ ہونے کے بعد عورت سے جلدی جدا ہو، گرم پانی سے غسل کر بخار نہ دیکھے سر درد۔

خلوت بکن با زن جوان خدرے بکن از پیرزن
نزدیک رفتن پیرزن باشد ہمیں خوردن زہر

صحبت کر نوجوان عورت سے بوڑھی عورت سے پرہیز کر، نزدیک جانا بوڑھی عورت کے زہر کھانا ہے۔

تعجیل در خلوت مرو باشد زیانی مرترا!
دانی کمی از مغز سرہم روشنی اندر نظر

جلدی جلدی صحبت نہ کر بہت نقصان ہوگا تجھے، دماغی کمزوری ہوگی اور بینائی بھی۔

گر کس رود در سالمہ باشد قوی اندر بدن
ذوقے ازاں ہم بے حصر یا بد فوائد بیش تر

اگر کوئی شخص جائے کنواری عورت کے پاس ہوگی زیادہ طاقت جسم میں، لذت بھی اس سے بے حساب پائے گا فائدے بہت زیادہ

وقتیکہ گشتی محتلم غسلے بکن پاکیزہ شو
ورنہ شیاطیں بیشکے انباز گردد اے پسر

جب تجھے احتلام ہو غسل کر پاک ہو، ورنہ شیاطین شریک ہوں گے اے بیٹے۔

کامل چو بینی ماہ شد صحبت بکن با اہل خود
ناقص چو بینی ماہ را منکوحہ در خلوت مبر

کامل جب دیکھے مہینہ صحبت کر اپنی بیوی سے، ناقص جب دیکھے مہینہ بیوی کو صحبت میں نہ لا۔

زن را طلب کن آنچناں ہرگز نداند مردمے
آواز نے کس بشنو تاریک باشد آں حجر

عورت کو بلا اس طرح ہرگز نہ جانے کوئی شخص، آواز نہ سنے کوئی شخص اندھیرا ہو اس حجرے میں۔

میانہ: درمیان۔ نگردی: نہ پھرے تو۔ گرد: اردگرد۔ زیاں: نقصان۔ حذر: ڈر۔ زودتر: جلدی زیادہ۔ تاتپ: بخار۔ خلوت: ہمبستری، علیحدگی۔
پیرزن: بوڑھی عورت۔ رفتن: جانا۔ خوردن: کھانا۔ تعجیل: جلدی۔ مرو: نہ جا۔ زیانی: نقصان۔ مرترا: خاص کر تجھے۔ دانی: جان تو۔ مغز: دماغ۔
سالمہ: کنواری یعنی جوان۔ قوی: طاقت۔ بیحصر: بے حساب۔ فوائد: جمع فائدہ۔ گشتی: ہو تو۔ محتلم: احتلام والا۔ انبار: شریک۔ ناقص آخر ماہ۔
منکوحہ: زوجہ یعنی جس سے نکاح ہو۔ مبر: نہ لے۔ تاریک: اندھیرا۔ حجر: مکان۔

انجانبا شد کودکے نے گربہ باشد سگے	بگزیں محلے آنچناں کانجا نباشد جانور

اس جگہ نہ ہو بچہ نہ ہو بلی کتا، پسند کر ایسی جگہ کہ اس جگہ کوئی جانور بھی نہ ہو۔

نزدیک اہلِ خود مشنین بنی چو آنجا بیوہ زن	بوسہ مدہ فرزند خود چوں شستہ بنی بے پدر

اپنی عورت کے قریب نہ بیٹھ دیکھے تو جب اس جگہ بیوہ عورت، اپنے بیٹے کو نہ چوم جب بیٹھا ہو دیکھے تو بغیر باپ والا (یتیم)۔

ترس از خرابی حال شان ناگاہ آہی از دروں	بزنند گر دو سوختہ جملہ جہاں کوہ و شجر!

ڈر اس کی خرابئ حال سے اچانک وہ دل کی آہ سے، جلا مارے گا تمام جہاں کو پہاڑ اور پتھر۔

حائض چو گردد عورتے حرمت بداں قربان او	چوں تو وطی نسیاں کنی صدقہ بدہ دینا روزر

حیض والی جب ہو عورت کو حرام جان صحبت اس کی، [illegible] بھول کر صدقہ دے سونے اور دینار کو۔

او را مکن از خود جُدا، ہمچو جہوداں مشرکاں	ذوقے بگیر از جملہ تن جز موضع خون منفجر!

اس کو نہ کر اپنے سے الگ مثل یہودیوں مشرکوں کے، ذوق لے تمام جسم سے سوائے جگہ خون بہنے والی کے۔

فرزند چون بدہد خدا اور انکوے بنہ	نامیکہ ناشد برسرش احمد و عبدے خوبتر

بیٹا جب اللہ تعالیٰ عطا فرمائے اس کا اچھا نام رکھ، نام جو ہو "سر" اس کا احمد اور عبداللہ اچھا زیادہ۔

از روز زادن ہفتمی ہم دور کن موئ سرش	گر دختر ست شاقی بکش شاتیں چوں باشد پسر

جننے کے ساتویں روز دور کر اس کے سر کے بال، اگر بیٹی ہو بکری ذبح کر دو بکرے کر جب ہو بیٹا۔

کودک: بچہ۔ گربہ: بلی۔ سگے: کتا۔ بگزیں: پسند کر۔ مشین: نہ بیٹھ۔ مدہ: نہ دے۔ شستہ: بیٹھا۔ بے پدر: یتیم۔ ترس: ڈر۔ ناگا: اچانک۔ آہی: فریاد۔ دروں: دل۔ بزنند: مارے گا۔ سوختہ: جلا۔ کوہ: پہاڑ۔ شجر: درخت۔ حائض: حیض والی۔ حرمت: حرام، جیسے قرآن پاک میں ہے: لَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ نہ قریب جاؤ یہاں تک کہ پاک ہو جائیں۔ نسیان: بھول کر۔ دینار سونے کا سکہ۔ زر: سونا۔ ہمچو: مثل۔ جہوداں: جمع جہود یہودی۔ ذوقے: لطف۔ بگیرے: جملہ تن تمام بدن۔ جز: سوا۔ موضع: جگہ۔ منفجر: بہنے والی۔ فرزند: لڑکا۔ بدہد: دے۔ نکونامے: اچھے نام۔ بنہ: رکھ۔ خوبتر: اچھا زیادہ یعنی جب اللہ تعالیٰ بچہ یا بچی عطا فرمائے تو اچھے نام رکھ برکت ہوگی۔ لڑکا ہو تو یہ نام عبدالرحمٰن عبداللہ عبدالخالق محمد احمد، غلام رسول، عبدالرسول، عبدالمصطفےٰ محمد علی وغیرہ لڑکی ہو تو یہ نام عائشہ، فاطمہ، زہرہ، زینب، رقیہ، کلثوم، شاہدہ، طاہرہ وغیرہ۔ حضرت ابودردا رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تم کو تمہارے نام اور تمہارے باپوں کے نام سے پکارا جائے گا لہٰذا اپنے نام اچھے رکھو (رواہ ابودردا)۔ زادن: پیدائش۔ ہفتمی: ساتویں۔ موئے: بال۔ شاقی: ایک بکری۔ بکش: ذبح کر۔ شاتیں: دو بکریاں۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

جعدی نداری بر سرش کاں ہست شیطاں رامقر		ہمچو رسوم جاہلاں موئی نداری برسرش

مثل رواج جاہلوں کے بال نہ رکھ تو اوپر اس کے سر کے، چوٹی نہ رکھ تو اس کے سر پردہ جو ہے شیطان کا ٹھکانہ۔

☆☆☆☆☆

باب چہاردہم درآداب طعام خوردن

باب چودھواں آداب کھانا اور پانی پینے کے بیان میں۔

آں طعم باشد سود تو باقی مرض داں دردسر		طعمے چو خواہی تا خوری در روز شب یکبار خور

کھانا جب تو چاہے کھانا دن اور رات میں ایک بار کھا، وہ کھانا ہوگا نفع بخش باقی بیماری جاں سر کا درد بھی۔

طعمیکہ در سیری خوری آں طعم بخورِد دل جگر		در جوع چوں طعمی خوری آں طعم داں بے علتی

بھوک میں جب کھانا کھائے تو اس کھانے کو جانے بغیر بیماری کے، کھانا جو پیٹ بھرے ہوئے کھائے تو کھانا وہ کھا جاتا ہے دل اور جگر کو۔

بردار لقمہ خورد تر میخائی آں را بیشتر		از پیش خود طعمی بخور در پیش کس منداز دست

اپنے آگے سے کھانا کھا کسی کے آگے سے ہاتھ نہ ڈال، لقمہ اٹھا کر کھا تو چبائے اس کو بہت زیادہ۔

چوں طعم خوردی ہم بشو آمد چنین اند خبر		چوں طعم خواہی تا خوری اوّل بشو تو دستہا

جب کھانا چاہے تو تا کہ کھائے تو پہلے ہاتھوں کو دھو، جب کھانا کھالے تو بھی دھو آیا اسی طرح حدیث میں۔

پہلو زدہ بالائی کھٹ افتادہ تکیہ ہم مخور		تعظیم خور تو طعم رگو تسمیہ ہر لقمہ را

تعظیم سے کھائے تو کھانے کو بسم اللہ شریف پڑھ ہر لقمہ پر، ٹیک لگا کر چارپائی پر لیٹ کر سہارے لیے ہوئے نہ کھا۔

مسئلہ: ساتویں دن بچے کا سر مونڈنا اس کا نام رکھنا، عقیقہ کرنا مستحب ہے لڑکی کی طرف سے ایک بکری لڑکے کی طرف سے دو بکریاں ذبح کرنا افضل ہے۔ لڑکے کی طرف سے ایک بکری دے تو بھی جائز ہے۔ رسوم: رسم کی جمع طریقہ۔ جعدی: چوٹی۔ نداری: نہ رکھے تو۔ ستر: ٹھکانہ۔
چوں: جب۔ خواہی: چاہتا ہے۔ خوری: کھائے۔ سود: فائدہ۔ مرض: بیماری۔ جوع: بھوک۔ بےعلتی: بغیر بیماری کے۔ سیری: پیٹ بھر کر کھانا۔ پیش: آگے۔ میندار: نہ ڈال۔ بردار: اٹھا۔ میمائی: چبائے۔ بیشتر بہت زیادہ۔ بشو: دھو۔ دستہا: یعنی ہاتھوں کو کھانا کھانے سے قبل اور بعد میں دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا سنت ہے۔ گو: کہے۔ تسمیہ: بسم اللہ شریف۔ پہلو زدہ: ٹیک لگا کر۔ کھٹ: چارپائی۔ افتادہ: لیٹ کر۔ مسئلہ: کھانا بسم اللہ شریف پڑھ کر شروع کرے اور جب کھانا ختم کرے الحمدللہ پڑھے۔ بسم اللہ کہنا بھول گیا تو جب یاد آئے تو پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَ آخِرَہٗ۔
بسم اللہ شریف زور سے کہے تا کہ ساتھ والوں کو بھی یاد آ جائے۔ حدیث شریف میں ہے: قال النبی ﷺ الشیطان، یتعجل الطعام ان لم یذکر بسم اللہ علیہ۔ سید عالم ﷺ نے فرمایا: اگر کھانے سے پہلے بسم اللہ شریف نہ پڑھی جائے تو شیطان جلدی سے شروع کر دیتا ہے۔

کثرت ایادی برکتست تنہا مخور مثل دواں | طعمیکہ تنہا میخوری ہمراہ خود شیطان نگر

زیادتی آدمیوں کی برکت ہے اکیلے نہ کھا مثل جانوروں کے، کھانا جو اکیلے کھائے تو ساتھ اپنے شیطان کو دیکھ (سمجھ)۔

چوں ریزہ افتد بر زمیں بردار آنرا خود بخور | ختم و بدایت ملح کن بردوز بر لقمہ نظر

جب ٹکڑا اگر پڑے زمین پر اٹھا اس کو خود کھا، شروع اور آخر میں نمک کھا ہر لقمے پر نظر رکھ۔

درآب وطعم وخواں تو ناگہ بیفتد چوں مگس | غوطہ بدہ آنرابکش از من بیاموزایں ہنر

کھانے اور پانی میں اچانک پڑے جب مکھی، غوطہ دے اس کو باہر نکال مجھ سے سیکھ یہ ہنر۔

گفتست خاتم انبیاء، ہم ایں چنیں اے جانِ من | بر پر یکے دان زحمتی واں دیگری دارد ثمر

کہا خاتم النبیین ﷺ بھی اسی طرح اے جان میری، ایک پر میں اس کے جان بیماری اور دوسرے میں رکھی ہے شفا۔

چوں از غذا فارغ شوی فی الحال روخوابی بکن | راحت بیابی در بدن آودہ گردد مغز سر

جب تو غذا سے فارغ ہو اس وقت نیند کر، آرام پائے تو بدن میں آرام ہوگا مغز سر میں۔

درشب طعامے چوں خوری باید روی گامے چہل | تا تونگردی زحمتی نے رنج بینی دردِ سر

رات کو تو کھانا کھائے چاہیے کہ چالیس قدم چلے، تا کہ نہ ہو تجھے کوئی تکلیف نہ غم نہ دیکھے دردسر۔

عیبے مکن درطعم کس چیزی کہ یابی خوش بخور | نے ترش گوئی بے مزہ نے مثل آں چیزی دگر

نقص نہ نکال کھانے میں کسی چیز کا جو چاہے تو خوشی سے کھا، نہ کھٹا کہہ کر تو بے مزہ نہ مثال وہ چیز دوسرے کی۔

خواہی شوی بے شک غنی مالے بیابی بیکراں | تخلیل کن دنداں خود چوں طعم خوردی اے پسر

اگر چاہتا ہے تو بے شک مالدار ہو مال پائے تو بے حساب، خلال کر اپنے دانتوں کا جب کھانا کھالے تو اے بیٹے۔

چوں مرترا مہماں رسد اکرام کن بے حد وعد | فی الحال کش درپیش او طعمیکہ باشد ماحضر

جب تیرے پاس مہمان آئے میزبانی کر بہت زیادہ، اس وقت اس کے سامنے رکھ کھانا جو کچھ حاضر ہو۔

ریزہ: ٹکڑا۔ فتد: پڑے۔ بردار: اٹھا۔ ختم: آخر۔ بدایت: شروع۔ ملح: نمک۔ بردوز: مشتق ہے۔ دوز: سینا۔ ناگفتہ: اچانک کھانے میں مکھی گر پڑے تو اسے ڈبو کر نکال دو کہ اس کے ایک پر میں بیماری اور ایک پر میں شفا ہے۔ غذا: کھانا۔ فی الحال: اس وقت۔ دوجا: خوابے: نیند۔ راحت: آرام۔ گامے چہل: چالیس قدم: یعنی دوپہر کا کھانا کھا کر سوجانا بہتر ہے اور رات کا کو کھانا کھانے کے بعد چالیس قدم چلنا بہتر ہے۔ کھانا کھانے کے بعد دعا پڑھیے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ترش: کھٹا۔ غنی: مالدار۔ بیکراں: بے شمار۔ تخلیل: خلال کرنا۔ رسد: پہنچے۔ بے حد: وعد بے شمار۔ کش کشیدن سے مشتق ہے لانا۔

ور تو گہی مہماں شوی ہر جا کہ یابی نشین ۔۔۔ از میزبان آب ونمک خواہش مکن چیز دے دگر

اوراگر کبھی مہماں ہو جائے تو کسی جگہ جو پائے بیٹھنا، میزبان سے پانی اور نمک کی خواہش کے علاوہ دوسری چیز کی خواہش نہ کر۔

شخصیکہ خواند مرترا وقتیکہ سازد دعوتے ۔۔۔ عذری بکن ہم معذرت آنجا کہ بینی شور و شر

جو شخص دیتا ہے خاص کر تجھے دعوت، عذر کرے تو معذرت بھی اس جگہ جو دیکھے تو لڑائی جھگڑا۔

در طعم دانی شبہتے یا طعم بھر مردۂ ۔۔۔ آنجا سرود دے دف دہل فحش و غیبت خمر

کھانے میں شک جانے تو یا کھانا مردار کا ہو، اس جگہ گانے ڈھول ڈھمکے برائی اور غیبت شراب ہو۔

یا ساختند آں طعم را بہر ریائے بہر حق! ۔۔۔ خوانند آنجا اغنیاء بکند بر فقراء ازجر

یا کریں وہ کھانا دکھاوے کے لیے نہ اللہ تعالیٰ کے لیے، دیں دعوت اس جگہ امیروں کو فقیروں کو جھڑکنا کریں۔

گر ایں چنیں طعمی بود دعوت قبول آنجا مکن ۔۔۔ فارغ نشین در خانہ واز ایں چنیں شو پرحذر

اگر اس طرح کی دعوت ہو دعوت اس کی قبول نہ کر، فارغ بیٹھ گھر میں اس دعوت سے کر مکمل پرہیز۔

☆☆☆☆☆

باب پانزدہم در بیان آداب آب خوردن

باب پندھواں اداب پانی پینے کے بیان میں۔

گر آب خواہی تا خوری زاں اندکی ۔۔۔ ساکن بخور اندرسہ دم تعجیل در یکدم مخور

اگر تو پانی پینا چاہے توں چاہیے کہ تھوڑا پئے، آرام سے تین سانسوں میں پی جلدی ایک سانس میں نہ پی۔

استادہ باشی آں زمان آبی مخور جز چار جائے ۔۔۔ باقی وضو وروقف جاہم اب زم زم ہم سور

سوائے چار جگہوں کے کھڑے ہو کر پانی نہ پی کسی وقت، وضو کا بچا ہوا کھڑے ہونے کی جگہ پانی زم زم کا مسلمان بزرگ کا جوٹھا بھی۔

در: اور، اگر۔ گہی: کبھی۔ نشین: بیٹھ۔ خواہش: طلب کی۔ خواند: دیتا ہے۔ سازد: کرتا ہے۔ شبہتے: شک۔ سرود: گانا۔ دف: ڈھول: دہل: یہ بھی ڈھول کی قسم ہے۔ فحشی: برائی۔ غیبت: گلہ۔ خمر: شراب، یعنی دعوت ہو لیکن وہاں شرع کے خلاف کام ہوں اُن کی تفصیل کردی ہے وہاں دعوت رد کر دے۔ ساختند: کریں۔ ریا: ظاہرداری۔ اغنیاء: دولت مند۔ فقر: جمع فقیر۔ زجر: جھڑکنا۔ خانہ: گھر۔ پرحذر: پرخوف۔

آبے نباید تا خوری چار جا اے جانمن!	نہار و پس خلوت مخور پس خواب وہم حاجت بشر

چار جگہوں پر پانی نہیں پینا چاہیے اے جان میری، نہار اور بعد خلوت کے نہ پی نیند کے بعد اور قضائے حاجت کے بعد بھی۔

چوں تو گناہ داری بسے آبے بدہ مر خلق را	ناچیز گردد آں گناہ از حوضِ کوثر اب خور

جب تو گناہ رکھے بہت پانی پلا خاص کر مخلوق کو، ختم ہوں گے وہ گناہ حوض کوثر سے پانی پئے گا۔

آبے مخور یک ساعتی یابی اماں از درد ھا	ہر گہہ کہ خوردی طعم راز گرم وشیریں چرب وتر

پانی نہ پی ایک سانس میں تا کہ دردوں سے امان پائے تو، ہر جگہ جو کھائے تو کھانا گرم اور میٹھا اور روغنی۔

آبِ خورانی خلق را یابی ثوابے از خدا	یک قدح بدہی تشنہ را حوضے بجنت صد ببر

پانی پلائے تو مخلوق کو پائے گا ثواب اللہ تعالیٰ سے، ایک پیالہ اگر دے پیاسے کو جنت کے حوض سے سو ملے گا۔

☆☆☆☆☆

باب شانزدہم دربیان آداب جامہ پوشیدن

باب سولھواں آداب کپڑا پہننے کے بیان میں۔

جامہ بپوشی آں چناں کان دیر ماند مرترا	نے جھونہ پوشی شربتی پوش آنچناں باشد ستر

کپڑا پہنے تو وہ جو اس طرح کا ہو کہ تیرے اوپر دیر تک رہے، نہ باریک کپڑا پہنے تو نہ رنگین پہن اس طرح کا ہو جو ڈھانپے جسم کو۔

از پنبہ پوشی جامہ را در ایں بیابی راحتی	دستار باشد پیرہن شلوار کن زاں سخت تر

کپاس سے بنا ہوا کپڑا پہنے اس میں پائے تو آرام، دستار پہن چولہ (کرتہ) شلوار اور تہبند۔

....

نہار: نہار منہ یعنی کچھ کھائے بغیر پانی پینا۔ خلوت: صحبت۔ حاجت: بشر۔ قضا: حاجت۔ یعنی ان وقتوں میں پانی پینا منع ہے اور نقصان ہے۔ بسے: بہت۔ ناچیز: ختم۔ یک ساتی: ایک گھڑی۔ شیریں: میٹھا۔ چرب تر: مرغن۔ یعنی مرغن غذا کھانے کے متصل پانی پینا معدے کے لیے اور گرم یا میٹھا کھانے کے بعد دانتوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ خورانی: پلائے تو۔ قدح: پیالہ۔ تشنہ: پیاسا۔ صد: سو۔ ببر: لے گا۔
جامہ: کپڑا۔ بپوشی: تو پہن۔ کان: اصل میں کہ ان تھا۔ ماند: رہے۔ جھونہ: باریک کپڑا۔ سربتی: رنگین ریشمی باریک کپڑا ہے۔ پوش: پہن۔ ستر: ڈھانپنے والا۔ یعنی کپڑا پہننے کا اصل مقصد جسم کا ڈھانپنا ہے۔ باریک کپڑا نہ پہننا چاہیے۔ پنبہ: کپاس۔ بیابی: پائے گا تو۔ راحتی: آرام۔ دستار: پگڑی۔ پیرہن: چولہ کرتہ۔

کمخواب و خز دیباج را باید نپوشی ہیچگہ	ابریشمے چوں رشتہ شد زاں ثوب کلی کن حذر

رنگ والا اونی کپڑا ریشمی کپڑے سے بنا ہوا چاہیے کہ نہ پہنے تو کسی جگہ، ریشمی دھاگے والے سے مکمل پرہیز کر۔

مختار شد از جامہ ہا اسپید جامہ جانِ من	تو دور کن از خویشتن ہم زرد و لعل و معصفر

پسندیدہ کپڑا اسفید کرا اے جان میری، اپنے آپ سے دور کرے تو پیلا اور سرخ۔

کم پوش چرم و پشم را سجدہ مکن بالائی آں	بر پنبہ سجدہ افضلست نزدیک علماء معتبر

تھوڑا پہن اونی اور چمڑے پر سجدہ نہ کر اوپر اس کے، کپاس والے کپڑے پر سجدہ افضل ہے نزدیک علماء معتبر کے۔

دستار بندی ہفت گز شملہ گزاری پس عنق	بے شملہ باشد بندشے آں بندش شیطان شمر

دستار باندھے تو سات گز شملہ چھوڑے پیچھے گردن کے، بغیر شملہ کے باندھے جو اس باندھنے کو شیطانی شمار کر۔

شملہ کے باشد باعلم آں شملہ را روشن بدان	بے علم شملہ داں چناں چوں خانۂ تاریک تر

شملہ جو ہو علم کے ساتھ وہ شملہ کو روشن جان، بغیر علم کے شملہ جان اس طرح گھر مثل تاریک زیادہ۔

دیری بماند پاک ہم کوتہ چو پوشی جامہ را	این ست شکل صالحاں ہم مردمان نیکو سیر

دیر تک پاک رہے چھوٹا جب پہنے تو کپڑا، یہ صورت ہے صالحین کی بھی نیک عادت والے لوگوں کی۔

چوں کفش پوشی موزہ ہم باید کہ پوشی زرد و لعل	چوں کفش موزہ شد سیہ اندوہ بینی بیشتر

جب جوتا پہنے موزہ بھی چاہیے کہ پہنے تو پیلا اور سرخ، جب جوتا اور موزہ ہو کالا غم دیکھے تو بہت زیادہ۔

موزہ کہ پوشی کفش ہم اوّل بپوشی راست پا	چوں تو کشی ایں ہر دو را باید کشی برعکس تر!

موزہ جو پہنے تو جوتا بھی پہلے دائیں پاؤں میں پہن، جب تو اتارے ان دونوں کو تو چاہیے کہ اتارے الٹ۔

کمخواب: رنگ والا ریشمی کپڑا۔ خز: اونی کپڑا۔ دیباج: وہ کپڑا جو ریشمی کپڑے سے بنا ہو۔ ابریشمے: ریشمی۔ رشتہ: دھاگہ۔ ثوب: کپڑا۔ حذر: ڈر۔ مختار: اختیار والا پسندیدہ۔ جامہ: کپڑا۔ اسپید: سفید۔ زرد: پیلا۔ لعل: سرخ۔ معصفر: سرخ کپڑا۔ مثلاً میت کے غم میں سیاہ کپڑا پہننا جائز نہیں۔ کم پوش: کم پہن۔ پشم: اون۔ چرم: چمڑا۔ بالائی: اوپر۔ پنبہ: روئی۔ ہفت: سات۔ شملہ: پاند۔ عنق: گردن۔ سید عالم ﷺ اکثر سات گز کی پگڑی باندھتے تھے۔ بندش: باندھنا۔ کوتاہ: چھوٹا۔ نیکو سیر: نیک عادت والے۔ کفش: جوتا۔ زرد: پیلا۔ لعل: سرخ۔ سیہ: سیاہ۔ اندوہ: غم۔ راست پا: دایاں پاؤں۔ کشی: اتاری۔ برعکس: الٹ۔

ہر گاہ کہ پوشی جامہ نو یک کف پراز آبی بکن	دہ بار سورۂ قدر خواں زاں آب کن آں جامہ تر

ہر جگہ جو پہنے تو کپڑا نیا چلو بھر پانی سے کر ہوس بار سورۂ قدر پڑھ کر اس پانی سے اس کپڑے کو تر کر۔

انگشتری ز آہن مپوش از مس و ازار ریز ہم	تو دور کن از خویشتن خاتم کہ باشد عین زر

لوہے کی انگوٹھی نہ پہن اور تانبا قلعی وغیرہ، دور رکھ تو اپنے آپ سے انگوٹھی خالص سونے کی۔

ترک تختم افضلست امرے نباشد چون ترا	از نقرہ کن انگشتری حاکم چو گشتی نامور

جب تیری حکمرانی نہیں تو انگوٹھی کا ترک کرنا افضل ہے، نگ والی انگوٹھی پہن حکمرانی جب ہو تیری اے مشہور۔

☆☆☆☆☆

باب ہفدہم در بیان ذکر کردن و خفتن

باب سترھواں سونے اور ذکر کرنے کے بیان میں۔

در ذکر گفتن خواب رو بیدار گردی ذکر گو	باید کہ خسپی باوضو بسیار یابی ثمر!

نیند میں اور بیداری میں ذکر، چاہیے کہ تو باوضو سوئے پائے گا ثواب بہت زیادہ۔

کوچہ نگردی نیم شب از خانہ بیروں در مرو	خفتن چو خواہی شمع کس آوند پوش و بند در

آدھی رات کے وقت بھی کوچہ میں نہ جا گھر سے باہر، سونا جب چاہے تو چراغ بجھا پانی والا برتن ڈھانپ اور دروازہ بند کر دے۔

تنہا نہ خسپی خانۂ کانجا نباشد آدمی!	آسیب یابی از پری باشد ترا از جاں خطر

اکیلا نہ سوئے تو گھر میں اس جگہ جو نہ ہو آدمی، تکلیف پائے تو جن پری سے ہوگا تجھے جان کا خطرہ۔

کف: چول۔ سورہ قدر: یعنی اِنَّا اَنزَلْنَا فِی الَّیْلَۃُ الْقَدْرِ الخ۔ یعنی جب نیا لباس پہنے تو سورۃ قدر پڑھ کر چلو بھر کر کپڑوں پر ڈالے برکت ہوگی۔ انگشتری: انگوٹھی۔ آہن: لوہا۔ مپوش: نہ پہن۔ مس: تانبا۔ ارزیر: قلعی۔ خویشتن: اپنے لیے۔ خاتم: انگوٹھی۔ عین: خالص۔ زر: سونا۔ ترک: چھوڑنا۔ تختم: انگوٹھی پہننا۔ ارے: حکمران۔ نقرہ: چاندی۔ مسئلہ مرد کے لیے ساڑھے چار ماشہ چاندی کی ایک نگینے والی انگوٹھی جائز ہے اور دھات وغیرہ جائز نہیں ہے۔

فائدہ: ذکر کی تین قسم ہے ذکر عام، ذکر خاص، ذکر خاص الخاص۔ ذکر عام زبانی ہے، ذکر خاص دل جاری، ذکر خاص الخاص ذکر خیالی۔۔ خسپی: خفتن سے مشتق ہے سونا۔ بسیار: بہت۔ ثمر: پھل۔ کوچہ: گلی۔ نگردی: نہ پھرے۔ نیم شب: آدھی رات۔ شمع: چراغ۔ کش: کشتن سے مشتق ہے بجھا دینا۔ آوند: اصل میں آب وند تھا یعنی پانی کا برتن۔ پوش: ڈھانپ۔ بند در: دروازہ بند کر لینا۔ تنہا: اکیلا۔ آسیب: تکلیف۔

چوں تو عشاء کردی ادا فی الحال رو خوابے بکن | عاصی شوی دوزخ روی شبہا بگوئی چوں سمر

جب تو نماز عشاء ادا کرلے فوراً سو جا، گنہگار ہوگا دوزخ میں جائے گا رات کو اگر قصہ کہانی کہے۔

قیلولہ را داں نعمتی ہرگز نگیری ترکِ آں | راحت بیابی در بدن آسودہ گردد مغز سر

دوپہر کا سونا نعمت جان ہرگز نہ چھوڑنا لے اس کا، آرام پائے گا بدن میں آسودہ ہوگا مغز سر میں۔

مقدور باشد چوں ترا ہرگز نہ خسپی بر زمیں | طاعون وبا ہم از زمیں آید بروں جانِ پدر

طاقت ہو جب تجھے ہرگز زمین پر نہ سو، طاعون کی بیماری زمین سے آتی ہے باہر اے جان باپ کی۔

خوابے کہ بینی جانِ من تعبیر پرس از عالماں | نے کودکان نے دشمنان نے از زنانِ اہل کفر

خواب جو دیکھے اے جان میری تعبیر پوچھ علماء سے، نہ بچوں سے نہ دشمنوں سے نہ کافروں عورتوں سے۔

تعبیر بکند چوں کسی آن خواب افتد ہم بران | بدرا بگوید خوب چوں آں زشت گردد خوبتر

تعبیر کریں جب کوئی وہ خواب کی اسی پر پڑتی ہے (ویسے ہی واقع ہوتی ہے)، بری کو کہیں اچھا جب وہ بری ہو جاتی ہے اچھی زیادہ۔

گر بد بگوید خواب را آں خوب بیشک بد بداں | خواندم چنین اندر کتب دیدم بسے اندر خبر!

اگر بری کو کہیں اچھی تعبیر کو وہ اچھی بیشک بری ہی جان، پڑھا میں نے اسی طرح کتابوں میں دیکھا میں نے بہت احادیث میں۔

منکر مشو از خوابہا مرویست از پیغمبراں | درخواب بینی مصطفیٰ تحقیق داں ہم معتبر

منکر نہ ہو خواب سے مروی ہے پیغمبروں سے، نیند میں دیکھے تو مصطفیٰ (ﷺ) تحقیق جان معتبر بھی۔

شیطان بصورت مصطفیٰ قدرت ندارد تا شود | نے ہمچو کعبہ نے سما نے ہمچو شمس و نے قمر

شیطان بصورت مصطفیٰ (ﷺ) کے ہرگز نہیں رکھتا طاقت، نہ مثل کعبہ کے وہ نہ مثل سورج نہ چاند کے۔

فی الحال: اسی وقت۔ رو: جا۔ عاصی: گنہگار۔ سمر قصہ: کہانی۔ قیلولہ: دوپہر کے کھانے کے بعد نیند کرنا۔ راحت: آرام۔ آسودہ: فائدہ۔ مغز: دماغ۔ مقدور: طاقت۔ طاعون: یہ پھوڑے کا نام ہے۔ کودکاں: لڑکے۔ یعنی خواب کی تعبیر علماء باعمل سے پوچھنی چاہیے۔ اس لیے سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ یعنی اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہوتا ہے، بچوں اور کافروں سے خواب کی تعبیر نہ پوچھنی چاہیے۔ افتد: واقع ہوتی ہے۔ بد: بری۔ خوب: اچھی۔ زشت: بری۔ فائدہ اچھی خواب کی بُری تعبیر اور بُرے خواب کی اچھی تعبیر دینا اس کے مطابق ہوتا ہے، لہٰذا خواب کی تعبیر دیانت دار یعنی اولیاء، علماء سے پوچھنی چاہیے۔ منکر: انکار کرنے والا۔ مشو: نہ ہو۔ مروی: روایت۔ انبیاء علیہا السلام کے خواب صحیح ہوتے ہیں جیسے سیدنا ابراہیم علیہ السلام وسیدنا یوسف علیہ السلام۔ خواب بینی: نیند میں دیکھنا، یعنی نبی پاک ﷺ کی زیارت سے مشرف ہونا، جیسے سید عالم حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَایَتَمَثَّلُ فِیْ صُوْرَتِیْ۔ "جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے سچ مجھے دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت نہیں بنا سکتا۔"

رمضان چو آخر عشر شد شو معتکف یابی قدر		جانان نخسپی شب جمعہ عاشورہ عرفہ عیدہم

جانی! نہ سوئے تو جمعہ کی رات آٹھ نو ذوالحجہ عید کو بھی، رمضان کا جب آخری عشرہ ہوا اعتکاف سے پائے تو اجر۔

☆☆☆☆☆

باب ہیز دہم در بیان بیع وشرا

باب اٹھارواں خرید وفروخت کے بیان میں۔

در بز برکت بیشتر اسپان بہائم ہم بخر		میکن تجارت جانمن ایں از مکاسب خوبداں

تجارت کر اے جان میری یہ اچھے کسب سے جان، کپڑے میں برکت بہت زیادہ گھوڑے جانور بھی خرید۔

پرہیز کن ایں ہر دورا ملعون نگردی محتکر		غلہ مخر نیت گراں بردہ فروشی ہم مکن

غلہ نہ خرید نیت مہنگا ہونے کے غلام بیچ نہ کر، پرہیز کر ان دونوں سے ملعون ہوگا احتکار والا۔

محروم مانی از کفن آں مال بخورد کس دگر		دو سود غلہ بردہ ہم ہرگز نباشد برکتے

سود کے غلام اور غلہ میں ہرگز نہ ہوگی برکت، محروم ہوگا تو کفن سے وہ مال کھائے دوسرا آدمی۔

ایں احتکارست بیشکے مخصوص نے قوت بشر		در ہرچہ بینی ضرر کس ہیزم بود یا کاہ وگچ

جو کچھ ہے اس میں دیکھے تو نقصان لکڑی ہے گھاس چونا، یہ احتکار ہے بیشک مخصوص نہیں انسانی طاقت۔

ہرگز نگردی محتکر نزدیک علماء معتبر		گر غلہ آری از زرع بکنی ازاں انبارہا

اگر غلہ لائے تو کھیتی باڑی سے کرے تو ڈھیر اس سے، ہرگز نہ ہوگا محتکر نزدیک علماء معتبر کے۔

دانی برادر بیشکے گرچہ بود آں بدتر		چوں تو خریدی بردۂ مفروش او را ہیچگہ

جب تو غلام خریدے نہ بیچ اس کو کسی وقت، جانے تو بھائی بے شک اگر چہ ہو وہ برا زیادہ۔

جاناں: اے محبوب۔ نخسپی: نہ سوتو۔ عاشورہ: دس محرم شریف۔ عرفہ: نو ذوالحجہ۔
بیع: بیچنا، شرا: خریدنا۔ تجارت: خرید وفروخت۔ مکاسب: جمع مکسبہ کاروبار۔ بزے: کپڑا۔ اسپاں: جمع اسپ گھوڑے۔ بہائم: جمع بہیمہ جانور چوپایہ۔ بخر: خرید۔ غلہ: گندم۔ مخر: نہ خرید۔ گراں: مہنگا۔ بردہ: لونڈی۔ فروشی: بیچ۔ ملعون: لعنتی۔ محتکر: بفتحہ میم کسرہ کاف یعنی گندم خرید کر کے رکھ دینا تا کہ قیمت زیادہ ہو، یہ احتکار ہے ایسا کرنے والے کو محتکر کہتے ہیں۔ سود: نفع۔ محروم: بے نصیب۔ ضرر: نقصان۔ ہیزم: لکڑی۔ کاہ: گھاس۔ گچ: چونا۔ قوت: روزی۔ بشر: انسان۔ آری: لائے تو۔ زرع: کھیتی۔ انبار: ڈھیر۔ مفروش: نہ بیچ۔

ناکردہ کیلی وزن ہم مفروش جانان ہم فخر		کیلے و وزنی چوں خری آری بخانہ از دکاں

ناپ تول کر جب خریدے اور لائے گھر میں دکان سے، بغیر ناپ تول کے جان میری نہ بیچ نہ خرید۔

مستی مکن تقبیل ہم فی الحال درخلوت مبر		مالک کنیز [illegible] شوی پاکی رحم از فرضداں

لونڈی کا جب مالک ہو تو پاکی رحم کی فرض جان، مستی نہ کر بوسہ بھی اس وقت خلوت میں نہ لے جا۔

بیچے کنی چوں جاریہ پاکی رحم داں دوست تر		کامل چو بینی حیض را اندر کنارش زود کنا

مکمل جب دیکھے تو حیض کو تو جلدی اس سے کنارہ کر، خرید کرے جب تو لونڈی پاکی رحم کی جان قریبی زیادہ۔

کردن زنا با مادراں ہفتاد بار اے شہ پسر		پرہیز کن خوردن ربا باشد ربا خوردن چناں

پرہیز کر سود کھانے سے سود کھانا اس طرح ہے، کر نا زنا ماں کے ساتھ ستر بار اے بیٹے شہ کے۔

☆☆☆☆☆

باب نوزدہم در بیان منع صحبت سلطان واکابر واغنیاء

باب انیسواں صحبت بادشاہوں اور بڑے لوگوں دولت مندوں کے روکنے کے بیان میں۔

قانع شدن ملکے بداں خانہ پراز درو گہر		درویش شو در کنج شیں طمعے مکن از ہیچکس

درویش ہو کونے میں بیٹھ طمع نہ کر کسی شخص سے، قناعت والا ہو بادشاہی جان گھر پر موتی ہیرے۔

بدتر: بہت برا۔ فروشی: بیچے تو۔ خری: خریدے تو۔ سوگند: قسم۔ ناری: نہ لائے تو۔ صادق: سچ۔ خوری: کھائے تو۔ سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مَنْ حَلَفَ صَادِقًا ضَيَّقَ اللهُ رِزْقَهٗ وَمَنْ حَلَفَ كَاذِبًا ضَيَّقَ اللهُ قَبْرَهٗ جو شخص سچی قسم بھی کھائے تو اللہ تعالیٰ اس کی روزی تنگ کر دیتا ہے اور جو جھوٹی قسم کھائے اللہ تعالیٰ اس کی قبر تنگ کرے گا۔ فائدہ: قسم تین قسم ہے: (۱) لغو (۲) منعقدہ (۳) غموس۔ ان کی تفصیل بہار شریعت حصہ ۹ جلد اوّل میں پڑھیں۔ کیلے: ناپنا۔ وزنی: تول۔ کنیز: لونڈی۔ مستی: ہاتھ لگانا۔ تقبیل: بوسہ دینا۔ فی الحال: اس وقت۔ خلوت: تنہائی۔ مبر: لے۔ کنار: بغل گود۔ جاریہ: لونڈی۔ ربوٰ: سود۔ مادر: ماں۔ ہفتاد: ستر۔ سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مَنْ اَكَلَ الرِّبٰو فَكَاَنَّمَا جَامَعَ اُمَّهٗ سَبْعِيْنَ مَرَّةً یعنی جس نے سود کھایا اُس نے گویا اپنی ماں سے ستر بار زنا کیا۔
کنج: گوشہ۔ شیں: بیٹھ۔ مخواہ: نہ چاہ۔ قانع: قناعت کرنے والا۔ ملکے: بادشاہی۔ در: موتی۔ سلطان: بادشاہ۔ خود: اپنے۔ توپ: دریا و سلطان جہاں یکے: دریا اور بادشاہ کا ایک جان۔

نزدیک سلطان خود مرو دریا و سلطان داں یکے	چونتو ہوس سلطان کنی باشد ترا از جان خطر

اپنے بادشاہ کے نزدیک نہ جا دریا اور بادشاہ ایک جان، جب تو لالچ بادشاہ سے کرے ہوگا تجھے جان سے خطرہ۔

احسان مروت ہیچگہ ہرگز نخواہی از شہاں	چونتو ستانی دہ زمین افتاد باشی پیش در

احسان مہربانی کسی جگہ ہرگز نہ چاہے تو بادشاہوں سے، جب تو لے زمین میں پڑا ہوگا ان کے دروازے کے سامنے۔

تقلید شغل شاں مکن آفت بداں مدغم درآں	راحت بہ بینی اند کے زحمت عذابے بیشتر

ان کے کام کی پیروی نہ کر آفت جان پوشیدہ ہوگا اس میں، آرام اس دیکھے گا تو تھوڑی زحمت عذاب بہت زیادہ۔

اشغال شہ بیشک بداں ہمچوں براتی جامہ	پوشد براتی چوں کسے اور اماندانی معتبر

بادشاہ کی نوکری بیشک جان مثل مانگے ہوئے کپڑے کے، پہنے تو جب کپڑا مانگا ہوا کسی شخص کا اس کو نہیں رکھے گا تو معتبر۔

چونتو غنی بینی بدر بگریز تو فی الحال زو!	درویش چوں آید نظر آور بہ پیشش ماحضر

جب تو مالدار کو دیکھے دروازے پر دور بھاگ تو اس وقت جلدی، درویش جب آئے نظر اس کو لے آ سامنے رکھ جو حاضر ہو۔

پرہیز از میر و ملک داں زہر قاتل قربِ شان	چوں تو نشینی با ملک ہر لحظہ بینی صد ضرر

پرہیز کر ملک کے سردار سے جان زہر قاتل قرب ان کا، جب تو بیٹھے بادشاہ کے ساتھ ہر لحہ دیکھے تو سو نقصان۔

تعظیم کن درویش را چیزے بدہ از بہر حق	چوں نوح گردد عمر تو دہ چند یابی مال و زر

تعظیم کر درویش کو چیز دے اللہ تعالیٰ کے لیے، مثل نوح کے ہوگی عمر تیری دس گنا پائے تو مال و دولت۔

الطاف سلطاں چون کند ہرگز مشو مغرور آن	شکر کہ سلطان میدہد آن زہر دانی نی شکر

مہربانی بادشاہ جب کرے ہرگز نہ ہو مغرور اس سے، شکر جو بادشاہ دے اس کو زہر جان نہ کہ شکر۔

ہوس: حرص، لالچ۔ احسان: مہربانی۔ مروت: جوانمردی۔ ستانی: لے تو۔ تقلید: پیروی۔ مشغل: کام۔ آفت: مصیبت۔ اند کے: تھوڑا۔ زحمت: تکلیف۔ بیشتر: بہت زیادہ۔ مدغم: لغت میں امرعام کا معنی گھوڑے کے منہ میں لگام دینا، یہاں پوشیدہ کے معنی میں ہوگا۔ اشغال: نوکری۔ براتی جامہ: عاریۃً مانگا ہوا کپڑا۔ غنی: مالدار۔ بدر: دروازہ۔ بگریز: بھاگ۔ ماحضر: جو حاضر ہو۔ میر: سردار۔ ملک: بادشاہ۔ قرب: قریبی۔ شان: ان کی۔ نشینی: بیٹھے تو۔ لحظہ: لحہ۔ صد ضرر: سو نقصان۔ تعظیم: عزت۔ از بہر حق: خدا کے لیے۔ چوں: مثل۔ نوح: حضرت نوح علیہ السلام۔ دہ چند: دس گنا۔ یابی: پائے گا تو۔ الطاف: جمع لطف کی مہربانی۔ مغرور: غرور کرنے والا، دھوکہ دینے والا۔

ز ایشاں نیابی راحتے مہرے نیارد بر کسے　　رافت ملک آفت بداں احسانِ شاں خشم و قہر

ان سے نہ پائے تو آرام مہربانی نہیں لاتا کسی شخص پر وہ، مہربانی بادشاہ کی مصیبت جان مہربانی ان کا غضب ہے۔

چونتو روی مجلس شہاں باید نگہداری زباں　　سخنے نگوئی پیش شاں آئی بروں باشی چوکر

جب تو جائے بادشاہوں کی محفل میں چاہیے کہ محفوظ رکھے زبان کو، بات نہ کہہ سامنے ان کے باہر آ جا مثل بہرے گونگے۔

پرسندہ چوں از تو سخن خدمت بکن پاسخ بدہ　　سخنیکہ گوئی پیش شاں نرم و حزیں آہستہ تر

پوچھے جب تجھ سے بات وہ تو خدمت کر جواب دے، بات جو کہے سامنے ان کے نرمی سے اور غمگین آواز آہستہ زیادہ۔

ناخواندہ برشاہاں مرو خوانند چوں در حال رو　　طاعت بکن فرمان شاں ایں نوع از فرضی شمر

بغیر بلائے بادشاہوں کے پاس نہ جا بلائیں جب اس وقت جا، فرمانبرداری کر ان کے حکم کی یہ قسم فرض سے شمار کر۔

عدلیکہ بکند بادشاہ بہتر ز سالے شصت داں　　بکند کسی طاعت دراں یا خود عبادت بیشتر

انصاف کریں بادشاہ ساٹھ سالوں سے بہتر ہے، کرے کوئی شخص اطاعت اس میں یا خود عبادت بہت زیادہ۔

حدے اقامت چوں شود اندر زمیں از بہر حق　　از چہل صبح داں نکو بارد کہ متواتر مطر

انصاف قائم کرے جب وہ زمین میں اللہ تعالیٰ کے لیے چالیس دن جان اچھے لگا تار رحمت کی بارش۔

مہرے: محبت۔ رافت: مہربانی۔ آفت: مصیبت۔ خشم: غصہ۔ قہر: غضب۔ چوکر: بہرہ گونگا۔ پرسند: پوچھے۔ چوں: جب۔ پاسخ بدہ: جواب دے۔ حزیں: غمگین۔ ناخواندہ: بغیر بلائے۔ مرو: نہ جا۔ رو: جا۔ نوع: قسم۔ عدلیکہ: انصاف۔ شصت: ساٹھ۔ سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: عَدْلُ سَاعَةٍ خَيْرٌ مِنْ عِبَادَةِ سَبْعِيْنَ سَنَةً ایک لمحہ کا عدل ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ ور: شریعت مطہرہ۔ کتا: مقرر کردہ سزا۔ اقامت: قائم۔ چہل: چالیس۔ متواتر: پے در پے۔ مطر: بارش۔

باب بیستم در بیان حسن خلق و معیشت و مشورت و حقوق ہمسائیگان

بابِ بیسواں حسنِ خلق اور زندگی گزارنے اور مشورہ کرنے اور ہمسایوں کے حقوق میں۔

تو پیشہ کن خلقی حسن تا اجر یابی بے عدد
با خلق چنداں خُلق کن تا تو بگر دی مشتہر

اچھے اخلاق کا تو طریقہ بنائے تا کہ اللہ تعالیٰ سے اجر پائے بہت زیادہ، مخلوق کے ساتھ اتنی گنتی اخلاق کرتا کہ ہووے تو مشہور۔

ناداں چو گوید بدتر ا خلقے بکن پاسخ مدہ!
خلقے کند یاری ترا گردند ہر یک داد گر

بے وقوف جب برا تجھے کہے اخلاق تو جواب نہ دے اس کو، مخلوق کی مدد کر تو ہوا ایک انصاف کرنے والا۔

عقل و معیشت حلم ہم با مردمان ورزش بکن
تا شہد گردی در جہاں یابی بعقبیٰ بس ثمر

عقل اور معیشت حوصلہ بھی لوگوں کے ساتھ اختیار کر، تا کہ میٹھا ہو تو دنیا میں پائے آخرت میں بہت پھل (اجر)۔

نرمی بکن با جملہ کس خلق و مدار پیشہ کن
تا دوست گردی خلق را چوں روح در قالب بشر

تمام لوگوں کے ساتھ نرمی کر اخلاق اور صلح کا طریقہ بنا، تا کہ دوست ہو تو مخلوق کا مثل انسانی جسم میں روح کے۔

کن مشورت در کار ہا کارے مکن بی مشورت
مامور شد شاہ رسل در مشورت آں نامور

مشورہ کر ہر کام میں کوئی کام مت کر بغیر مشورے کے، حکم ہے رسولوں کے سردار مشورے میں ایسے اے مشہور۔

چوں تو ہمی بردہ خری اورا بداں ہمزاد خود
طعمش خوراں چوں طعم خود جامہ بپوشان خوبتر

جب تو غلام خرید کرے اس کو بھائی اپنا جان، کھانا اس کو کھلا جیسا کھانا خود کھائے کپڑا اپنہا اس کو بہت اچھا۔

پیشہ: طریقہ، عادت۔ اجر: ثواب۔ بے عدد: بیشمار، انگنت۔ خلق: خا مفتوح ہو تو معنی ہوگا مخلوق، خُلق خا مضموم ہو تو معنی ہوگا عادت۔ ایک صحابی نے سید عالم ﷺ سے پوچھا کونسا عمل افضل و اعلیٰ ہے؟ سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حُسْنُ الْخَلْقِ خوش اخلاق۔ ناداں: بے وقوف۔ بدتر: بُرا تجھے۔ پاسخ: جواب۔ مدہ: نہ دے۔ یاری: مدد۔ داد گر: انصاف کرنے والا، مددگار۔ عقل: دانائی۔ معیشت: زندگی۔ حلم: حوصلہ، نرمی۔ ورزش: اختیار۔ شہد: ماکھی۔ یابی: پائے تو۔ عقبیٰ: آخرت۔ ثمر: پھل۔ مدار: صلح۔ قالب: بدن جسم۔ مشورت: بغیر مشورہ۔ مامور: حکم۔ سید عالم ﷺ جب بھی کوئی کام کرتے صحابہ کرام سے مشورہ کرتے، اپنی امت کو بھی یہی حکم فرمایا جب کوئی کام کرو پہلے مشورہ کرو۔ بردہ: غلام۔ ہمزاد: بھائی۔ خوراں: کھلا۔ جامہ: کپڑا۔ بپوشاں: پہنا۔ حدیث پاک میں ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: الصلوٰۃ وما ملکت ایمانکم فرمایا نماز کا خیال رکھو اور غلاموں سے اچھی طرح پیش آؤ۔ غلام کا مالک پر حق ایسے ہے جیسے بیٹے کا باپ پر۔

چوں او کند عصیاں خطا بگذار از وی صبر بکن	آوند گر او بشکند یا وہ مگو دیگر بخر

جب وہ کوئی غلطی کرے غلطی معاف کر اور صبر کر، پانی کا برتن اگر اس سے ٹوٹے بیہودہ بات نہ کرے تو دوسرا خرید لے۔

کارے مفرما آنچناں رنجہ شود زاں کار ہا او	خاصہ چو بینی صائمش فرمائی کارے ماقدر

کام نہ کہہ ایسا تکلیف ہو اس کام سے اس کو، خاص کر جب روزہ اس کا ہو کہہ کام بمطابق اندازہ۔

رنجہ مکن ہمسایہ را بسیار احسان کن بر او	ورنہ بدوزخ مرترا باشد عذابے بیشتر

تکلیف نہ دے ہمسائے کو بہت احسان کر اس پر، ورنہ دوزخ خاص تجھے ہوگا عذاب بہت زیادہ۔

رنجہ مکن ہمسایہ را حضرت خدا اورا دہد!	خانہ زمینہا ملک تو آمد چنیں اندر خبر

تکلیف نہ دے ہمسائے کو اللہ تعالیٰ اس کو دے گا، گھر زمین بادشاہ آیا ہو ہرگز اس طرح حدیث شریف میں ہے۔

جملہ بزرگاں اولیاء ایذا تحمل بے شکے	کردند از ہمسائیگاں چند انکہ ناید در حصر

تمام بزرگ اولیاء نے تکلیفات اٹھائیں بے شک، کیے ہمسایوں سے اتنی گنتی نہیں آئے حساب شمار میں۔

اسپ و بہائم چوں خری کاہ و دلیدہ شاں بدہ	آبے نما ہم بار ہا نجورند اندک بیشتر

گھوڑا جانور جب خریدے گھاس دلیہ ان کو دے، پانی دکھا بار بار پلا تھوڑا زیادہ۔

دانی دہانش مد است گفتن ندار حال خود	دائم بماند بستہ لب شفقت کنی تو بے خبر

جانے تو منہ ان کے بند ہیں کہہ نہیں سکتے دل کا حال، ہمیشہ رہے گی بند زبان مہربانی کرے تو بے خبروں پر۔

عصیاں: نافرمانی، گناہ۔ خطا: غلطی۔ اوند: برتن۔ شکند: توڑے۔ یاوہ: بیہودہ۔ دیگر: دوسرا۔ بخر: خرید۔ مفرما: نہ فرما آ۔ رنجہ: رنجیدہ۔ صائم: روزہ دار۔ ہمسایہ: پڑوسی۔ خانہ: گھر۔ چنیں اسی طرح۔ خبر: حدیث شریف۔ جملہ: تمام۔ ایذا: تکلیف۔ تحمل: برداشت۔ ناید: نہیں آیا۔ حصر: حساب، شمار۔ اسپ: گھوڑا۔ بہائم: چوپایہ۔ خری: خرید۔ کاہ: گھاس۔ دلیدہ: دلیہ۔ بدہ: دے۔ آبی: پانی۔ نما: دیکھا۔ اندک: تھوڑا۔ دہاں: منہ۔ بستہ: بند۔ دائم: ہمیشہ۔ بماند: رہے گا۔ شفقت: مہربانی۔

باب بیست ویکم در حقوق والدین بر فرزنداں

باب اکیسواں والدین کے بیٹوں پر حقوق کے بیان میں۔

باوالدین احسان بکن تا اجر یابی بے عدد	خدمت تو شاں فرضی بداں در نص ہم اندر خبر

والدین کے ساتھ مہربانی کرتا کہ اجر پائے تو بے حساب، ان کی خدمت کو فرض جان قرآن اور حدیث میں ہے۔

ہر چونکہ خواہند آنکہ جنت در آئی بیشکے	مر مصطفیٰ را گفت خالق یاد کن اے نامور

ہر جو شخص چاہتا ہے کہ جنت میں آئے بے شک، خاص کر مصطفیٰ ﷺ کو کہا اللہ تعالیٰ نے یاد کرے اے مشہور۔

خدمت بکن مر جملہ را مخدوم گروی بیشکے	آنکس کہ او خدمت کند مخدوم گردد تاجِ سر

خدمت کرے خاص تمام کی مخدوم ہوگا بیشک، جو شخص ان کی خدمت کرے مخدوم ہوگا تاج والا سر پر۔

آنکس کہ عزت مید ہد ابوین را بشنونکو	دارین عزت مردرا مقبول در جملہ بشر

جو شخص عزت دے والدین کو سنے تو اچھی طرح، دونوں جہانوں میں خاص اس مرد کو عزت مقبولیت تمام انسانوں میں۔

حکایت علقمہ صحابی رسول خدا ﷺ

حکایت حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ صحابی رسول ﷺ کی۔

نشنیدۂ بر علقمہ در وقت نزع روح او	زحمت گراں بند زبان تلخی چو بروی بیشتر

کیا تو نے نہیں سنا حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ پر وقت نزع کے روح اس کی پر، زحمت سخت بند زبان تلخی اس پر جب بہت زیادہ۔

اجر: ثواب۔ بے عدد: بے شمار۔ نص: قرآن پاک۔ جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَقَضٰی رَبُّکَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِیَّاہُ وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا حکم ہے رب تیرے کا اسی کی عبادت کرو اور والدین کی خدمت کرو۔ خبر: حدیث شریف۔ جیسے سید عالم ﷺ کا ارشاد ہے: اَلْجَنَّۃُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّھَاتِ فرمایا: جنت ماؤں کے قدموں نیچے ہے۔ ہر: چونکہ۔ خواہند: جو کچھ کہ وہ چاہیں۔ مر: خاص۔ خالق: پیدا کرنے والا۔ مخدوم: جس کی خدمت کی جائے۔ ابوین: والدین۔ بشنو نکو: اچھی طرح سن بات۔

نشنید: کیا تو نے نہیں سنا۔ نزع: دم توڑنا۔ نکالنا یعنی آخری وقت۔ زحمت گراں: سخت تکلیف۔ بند زباں: زبان کا نہ چلنا یعنی کلمہ شریف کا جاری نہ ہونا۔ تلخی: کڑوی بختی۔

زن او ر بیامد بر نبی گفتا کہ اے شہ مرسلاں … برشو ہرم نزع گراں گشتست عاجز مضطرر

عورت اس آئی نبی پاک ﷺ کے پاس کہا کہ اے رسولوں کے سردار، میرے خاوند پر نزع سخت ہوا ہے بے بس پریشان مجبور۔

فرمود احمد مصطفٰی مر مرتضٰی وہم بلال … سومی بسلیمان فارسی عمار را چارم شمر

فرمایا احمد مصطفٰی ﷺ نے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو بھی حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھی تیسرے حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ فارسی چوتھے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو شمار کیا۔

رفتند شاں بر علقمہ کردند تلقین مرو را … ہرگز نہ جنبیدش زباں کردند بر احمد خبر

گئے وہ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ کے پاس کی تلقین اس کو (کلمے شریف کی)، ہرگز نہ چلی زبان اس کی کی خبر احمد مصطفٰی ﷺ کو۔

پرسید پاک دین ابوین دارد زندہ او … گفتند اصحابش چنین مردہ یقین او را پدر

پوچھا نبی پاک ﷺ نے ماں باپ اس کے زندہ ہیں؟ کہا صحابہ کرام نے اس طرح کہ باپ اس کا یقینی مر چکا ہے۔

زندہ است مادر علقمہ گشتہ ضعیف ناتواں … فرمود سید مرسلاں روائے بلالش زود تر

البتہ زندہ ہے ماں حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ کی جو ہے ضعیف اور کمزور، فرمایا رسولوں کے سردار ﷺ نے جاؤ اے بلال بلاؤ اس کو جلدی۔

بر مادرش از من سلامے گو چنین اے پیرزن … گر قدرتت داری بیا خواند ترا خیر البشر

اس کی ماں کو میرا سلام کہنا اس طرح اے بوڑھی عورت، اگر طاقت رکھتی ہے تو آ بلاتے ہیں تجھے خیر البشر ﷺ۔

گر او ندارد قدر تے اور ا بگو تو اے بلال … درخانہ خود تو شستہ شو آید بتو شافع حشر

اگر وہ نہیں رکھتی طاقت اس کو کہے تو اے بلال رضی اللہ عنہ، اپنے گھر میں بیٹھی رہے آئیں گے تیرے پاس شافع حشر ﷺ۔

رفتہ مؤذن مصطفٰی بگذار چوں پیغام ایں … برخاست شاداں شد ضعیفہ از شنیدن ایں خبر

گئے مؤذن مصطفٰی کے اس کے پاس جب یہ پیغام پہنچایا، خوش ہو کر اٹھی کھڑی ہوئی وہ بوڑھی یہ خبر سنتے ہی۔

زن: عورت۔ بیامد: آئی۔ شہ مرسلاں: سردار رسولوں کے۔ شوہر: خاوند۔ گراں: سخت۔ عاجز: بے بس، بے اختیار۔ مضطر: پریشان، مجبور، لاچار۔ فرمود: ارشاد فرمایا۔ احمد مصطفٰی: سید عالم ﷺ۔ مر: خاص۔ مرتضٰی پسندیدہ یعنی حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ سومی: تیسرا۔ چارم: چوتھا۔ شمر: گن۔ رفتند: گئے۔ شاں: وہ۔ بر: اوپر۔ تلقین: تعلیم۔ نہ جنبیدش: نہ کی حرکت یعنی زبان نہ چلی۔ پرسید: پوچھا۔ سید پاک دیں: سردار پاکیزہ دین کے۔ دارد: رکھتا ہے۔ پدر: باپ۔ مادر: ماں۔ گشتہ: ہوئی۔ ناتواں: کمزور۔ زودتر: جلدی، زیادہ۔ پیرزن: بوڑھی عورت۔ قدرت: طاقت۔ بیا: آ۔ خواند: بلایا۔ خیر البشر: افضل انسانوں کے۔ شستہ: نشستہ سے بیٹھی۔ شو آید: ہوائیں گی۔ شافع حشر: شفاعت فرمانے والے قیامت کے۔ رفتہ: گیا۔ مؤذن: حضرت بلال رضی اللہ عنہ۔ برخاست: اٹھی۔ شاداں: خوش۔ شنیدن: سنی۔

او گفت سازم جان فدا بر خاکپاز مصطفیٰ	کردہ عصیٰ در دست خود آمد بحضرت نامور

اس نے کہا ان پر میں جان قربان کر دوں مصطفیٰ ﷺ کے قدموں کی خاک پر، عصےٰ اپنے ہاتھ میں کیا آئی نبی کریم ﷺ کے پاس۔

کردہ سلامش مصطفیٰ ہم خواند احمد پیش خود	افعال جملہ علقمہ کردہ بیاں او سر بسر

کیا سلام اس نے مصطفیٰ ﷺ کو بھی بتایا سامنے احمد مصطفیٰ ﷺ، کام تمام حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ کے کیے بیان اس نے سر بسر۔

گفتہ کہ بود ایں علقمہ صاحب صلوٰۃ صوم ہم	ہم عابد و ہم زاہد و بودہ سخی و معتبر

کہا کہ تھا حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ نمازی روزے دار بھی، عابد زاہد بھی سخی اعتبار والا تھا۔

لیکن ز خدمت ہائے من قاصر بود اے ختم رسل	زن خویش را عزت بداد ے کردہ مرا بے بس بے وقر

لیکن میری خدمت میں کمی کرتا تھا اے رسولوں کے خاتم ﷺ، اپنی عورت کی عزت کرتا اور میری بے عزتی کرتا تھا۔

گفت من ہرگز نہ کردی گفت زن کردی قبول	راضی نیم زوزیں سبب اے شافع روزِ حشر

میری بات ہرگز نہ مانتا عورت کی بات مانتا تھا، اس وجہ سے میں اس سے راضی نہیں ہوں اے شفاعت کرنے والے روز حشر کے۔

فرمود سید زود تر ہیزم بکن جمع اے بلال	سوزیم تا مر علقمہ کن آتشے تعجیل تر

فرمایا سردار اکرم ﷺ نے جا تو اے بلال رضی اللہ عنہ جلدی لکڑیاں جمع کر، جلاؤں میں تاکہ خاص حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ کو آگ میں جلدی زیادہ۔

عجزے بکرد آں پیرزن گفتہ کہ ای شہ مرسلان	بہر چہ سوزی علقمہ دلبند دارم ایں پسر

عاجزی کی اس بوڑھی عورت نے کہا کہ اے رسولوں کے سردار ﷺ، کس لیے جلاتا ہے تو علقمہ دل کا ٹکڑا رکھتی ہوں میں اس بیٹے کو۔

فرمود سیّد گر شوی خوشنود بر فرزند خود	ہرگز نہ سوزانم و را یابد نجات اندر حشر

فرمایا رسول اکرم ﷺ اگر ہے تو راضی اپنے بیٹے پر، ہرگز نہ جلاؤں گا میں اس کو پائے نجات حشر میں۔

سازم: کرتی ہوں میں۔ فدا: قربان۔ عصا بیت: لاٹھی۔ افعال: جمع فعل کام۔ جملہ: تمام۔ سر بسر: تمام سارے۔ صلوٰۃ: نماز۔ صوم: روزہ۔ عابد: عبادت کرنے والا۔ زاہد نیک۔ قاصر: کمی کرنے والا۔ بد: مشتق ہے۔ بود: تھا۔ زن: عورت یعنی بیوی۔ خویش: اپنی کو۔ بداد: رکھتا تھا۔ مارا: مجھے۔ بے وقر: بے عزت۔ گفت من: میرا کہنا۔ ہیزم: لکڑیاں۔ سوزم: جلائیں ہم۔ آتشے: کی آگ تیار کر۔ تعجیل: جلدی زیادہ۔ عجزے: عاجز۔ پیرزن: بوڑھی عورت۔ بہر چہ: کس لیے۔ دلبند: دل کا ٹکڑا یعنی پیارا بیٹا۔ دارم: رکھتی ہوں میں۔ پسر: لڑکا۔ فرمود: فرمایا۔ شوی: ہوے۔ خشنود: خوش۔ فرزند: بیٹا۔ نسوزانم: نہیں جلاؤں گا میں۔ نجات: آزاد خلاصی۔

گفتا گواہ شو یا نبی راضی شدم بر علقمہ	خوشنود گشتم ایں زماں جور کردی یا جبر

کہا گواہ ہو جاؤ یا نبی ﷺ راضی ہوں میں علقمہ ﷺ پر، رضامند ہوں اس وقت البتہ اس نے ظلم وزیادتی کی۔

پس گفت ختم الانبیاء زود اے صاحب اذاں	دریاب حال علقمہ بروے بکن نیکو نظر

پھر کہا ختم الانبیاء ﷺ نے جا جلدی اے صاحب اذان، معلوم کر حال علقمہ ﷺ کا اس پر کر اچھی نظر۔

چوں آں بلالے متقی آمد بسوئے علقمہ	بشنید کلمہ ازو ہنوز او بود بیرو زِدر

جب وہ بلال ﷺ پرہیز گار آئے علقمہ ﷺ کی طرف، سنا کلمہ شریف اس سے ابھی وہ تھے باہر دروازے سے۔

گفتی چنیں آں علقمہ ہستی تو وحدہٗ لاشریک	ہست آں محمد بندہ ات ہم اور رسول راہبر

کہا اس طرح اس علقمہ ﷺ نے ہے وہ ایک اس کا کوئی شریک نہیں۔ ہے وہ بندہ تیرا محمد ﷺ رسول بھی راہبر (راہنما)۔

چوں مادرش خوشنود شد بر علقمہ ای جانمن	آنگہ کشادہ شد زباں آسان شدہ تلخی ضرر

جب علقمہ کی ماں اس پر راضی ہوئی اے جان میری، اس وقت کھل گئی زبان آساں ہوئی تلخی تشنگی۔

آساں شدہ کندن بر و پس جان بحق تسلیم کرد	پس مَات ہٰذا الشابُ چوں آمد رسول معتبر

جان کنی اس پر آساں ہوئی پھر جان اللہ تعالیٰ کے سپرد کردی، پھر فوت ہوا وہ جوان جب آئے وہ رسول معتبر۔

فرمود سید تاورا غسل و کفن بدہند زود	خواندش جنازہ پس ورا کردند زود دے در قبر

فرمایا سید المرسلین ﷺ نے کہ اس کو غسل اور کفن دو جلدی، اس کا جنازہ پڑھاؤ پھر اس کو جلدی قبر میں دفناؤ۔

شنوید ای یارانِ من گفتہ چنیں آن مصطفیٰ	کارے نیاید طاعتی جزاز رضا مادر پدر

سنو اے دوستو میرے کہا اس طرح مصطفیٰ ﷺ، اطاعت کام نہیں آتی ماں باپ کی رضا کے۔

اے بادشاہِ باکرم مارا چنیں توفیق دہ	بکنیم طاعت بے ریا ہم خدمتِ مادر پدر

اے اللہ تعالیٰ ہم پر کرم فرما اس طرح توفیق دے مجھے، کروں میں اطاعت دکھاوے کے بغیر ماں باپ کی خدمت میں۔

شو: ہو۔ گشتم: ہوئی ہوں میں۔ ایں زماں: اس وقت۔ جور: ظلم۔ جبر: زیادتی۔ دریاب: معلوم کر۔ نیکو: اچھی۔ چوں: جب۔ متقی: پرہیز گار۔ بسوئے: طرف۔ بشنید: سنا۔ ہنوز: ابھی۔ بیرون: باہر۔ در: دروازہ۔ واحدہ لاشریک: کوئی تیرا شریک نہیں۔ راہبر: راہنما۔ آنگہ: اس وقت۔ کشادہ: کھل گئی۔ تلخی: کڑوی۔ کندن: نکالنا۔ تسلیم: سپرد۔ مات ھذا الشباب: فوت ہو گیا یہ جوان۔ سید: سردار۔ شنوید: سنو۔ یعنی والدین کی رضا کے بغیر عبادتیں قبول نہیں ہیں۔ کرم: بخشش۔ توفیق: طاقت ہمت۔ بے ریا: بغیر دکھاوے۔

☆☆☆☆☆

باب بیست و دوم در بیان ستاون وام و دادن قرض

باب بائیسواں قرض لینے اور اُدھار دینے کے بیان۔

درو ام نافتی جان من تا زندہ باشی در جہاں	از وام شکند دست و پا از وام برود جان و سر

قرض میں نہ پڑے تو اے جان میری جب تک زندہ رہے تو دنیا میں، قرض سے ہاتھ پاؤں ٹوٹ جاتے ہیں قرض سے جان اور سر پر بوجھ ہوتا ہے۔

ہرگز ندارد کس روا وامی کشیدن جز سہ جا	در مخمصہ بہر کفن تزویج دختر یا پسر

ہرگز نہ لے کسی شخص سے قرضہ سوائے تین جگہوں کے، بھوک میں کفن کے لیے شادی بیٹے یا بیٹی کے لیے۔

چونتو دہی وامی بکس باید دہی قرضِ حسن	خواہش مکن مہلت بدہ یا وہ مگو دیوان مبر

جب تو کسی کو قرضہ دے چاہیے کہ قرضِ حسنہ دے، خواہش نہ کر مہلت دے، بیہودہ نہ کہہ حاکم کے پاس نہ لے جا۔

وامی مخواہ بہر ہوس زاں وام افتی در بلا	دینا کشی اندوہ و غم عقبیٰ شوی بس بے وقر

قرض نہ لے لالچ کے لیے قرض اسی سے پڑے تو مصیبت میں، اس جگہ کھینچے گا تو غم فکر آخر میں ہوگا بے عزت۔

چوں تو بکس وامی دہی نیت بکن ناخواستن	چوں او دہد بستان خوشی ورنہ بکن کلی حذر

جب تو کسی شخص کو قرضہ دے نیت نہ کر لینے کی، جب وہ دے خوشی سے لے ورنہ مانگنے سے مکمل پرہیز کر۔

از دین گر یکدانگ رابدہی بدائن خویشتن	نزدیک حق باشد نکواز صدقہ دینار و زر

اپنے قرض دار کو اگر اپنے آپ سے ایک رتی بھی دے، نزدیک اللہ تعالیٰ ہوگا اچھا ہے صدقہ دینار اور سونے کے۔

صدقہ اگر مقبول شد یابی ازاں اجر و جزا	یک حبہ گر از حق کے یابی کشائش درحشر

صدقہ اگر مقبول ہو پائے تو اس سے اجر و ثواب، ایک دانہ بھی دے اگر، اللہ تعالیٰ سے لے گا قیامت میں۔

دام: قرض۔ نافتی: نہ پڑے تو۔ شکند: ٹوٹتے ہیں یعنی قرض لینے سے جھگڑا اور محبت ختم ہوتی ہے، جیسے حدیث پاک میں ہے: القرض مقراض المحبت قرض محبت کی قینچی ہے۔ کشیدن: کھینچا۔ مخمصہ: بھوک۔ تزویج: شادی کرنا۔ دختر: لڑکی۔ پسر: بیٹا۔ دہی: دے تو۔ قرض حسن: یعنی اُدھار ایسا ہو کہ مقروض کو اجازت دی جائے جب ہو سکے دے دینا۔ خواہش: مانگنا مطالبہ۔ یاوہ مگو: بیہودہ نہ کہو۔ دیوان: دفتر، حاکم۔ مبر: نہ لے جا۔ ہوس: لالچ۔ بلا: ضرورت۔ اینجا: اِس جگہ۔ کشی: کھینچ۔ آنجا: اُس جگہ۔ بے وقر: بے عزت۔ ناخواستن: نہ مانگنا۔ بستان: مانگنا۔ دین: قرض، ادھار۔ دانگ: چھرتی یعنی کم مقدار۔ دائن: قرض لینے والا۔ دینار: سونے کا سکہ ہوتا ہے۔ زر: سونا۔ اجر: ثواب۔ جزا: بدلہ۔ حبہ: دانہ۔ کشائش: کھینچا۔ حشر: قیامت۔

کشتے ستانی چوں گر وغلہ مخور بر خصم	ازوام درخویشتن مستان گہے چیزے نفع

قرض لینے سے اپنی سے نہ لے کبھی کوئی چیز نفع، کاشتکاری کرے تو جب گروی اور غلہ نہ کھا دشمن پر۔

گاوے ستانی چوں گروہم شیر او ہرگز مخور	جملہ گروہ ہا حکم ایں جانانِ من نیکو شنو

تمام گروی اس حکم میں اے جان میری اچھا سن، گائے لے تو جب گروی بھی دودھ اور کھا بھی نہ۔

☆☆☆☆☆

باب بیست وسوم دَر بیان کلام وسلام وسکوت وغیبت وعطسہ وسوگند

باب تیسواں کلام اور سلام اور خاموشی اور گلہ کرنے کے بیان میں۔

مکشائی تو ہرگز زباں پرسند چوں بدہ در وگوہر	چونتو روی در مجلسی ساکت نیش خاموش ہم

جب تو جائے مجلس میں ساکن بیٹھ خاموشی سے، (لب کشائی نہ کر) ہرگز زبان نہ کھول تو پر پوچھیں جب جواب دے اچھا۔

سخنیکہ باشد گفتنش نزدیک حق آں را اجر	باشی تو ساکت روز وشب سخنی مگو جز ذکرِ حق

ہو تو ساکن دن رات باتوں سے نہ کر سوائے ذکر اللہ کے، بات جو (اچھی) کہے تو اللہ تعالیٰ سے پائے گا تو اجر۔

غرضی معاشے نے درو آنرا تو لا یعنی شمر	سخنے کہ نبود اندران غرضے ترا اسلام و دین

اسلام اور دین سے جب بات کو غرض نہ ہو، نہ ہی معاشی غرض ہو اس کو (لا یعنی) فضول شمار کر۔

عیبے کہ درغیبت کنی آن ہست غیبت اے پسر	غیبت حرام است بیشکے در گفتنش دوزخ روی

چغلخوری حرام ہے بیشک اس کے کہنے سے دوزخ میں جائے گا، عیب کو پیٹھ پیچھے کہے تو اس کو غیبت جان اے بیٹے۔

دام دار: قرض لینے والا۔ ستان: لے۔ گہے: کبھی۔ نفع: فائدہ۔ کشتے: کھیتی۔ غلہ: گندم۔ مخور: نہ کھا۔ خصم: دشمن۔ گروہ: اس کو کہتے ہیں ادھار لینے کے لیے کوئی شے مقروض کے پاس رکھی جائے۔ گاوے: گائے۔ ستانی: لے تو۔ شیر: دودھ۔

سید عالم ﷺ نے فرمایا: راحة الانسان فی حبس اللسان انسان کا آرام زبان کے روکنے میں ہے۔ روی: جائے تو۔ مجلس: محفل۔ ساکت: خاموشی۔ سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سکوت پر قائم رہنا ساٹھ سال کی عبادت سے افض ہے۔ نشین: بیٹھ۔ مکشائی: نہ کھولے۔ پرسند: پوچھی۔ گوہر: موتی۔ غرضے: مطلب، مقصد۔ غرضی: معاشی زندگی کا مقصد۔ لا یعنی: مقصد بے مطلب۔ غیبت: غین مفتوح پڑھیں گے تو معنی ہوگا غائب اگر غین مکسور پڑھیں گے تو معنی ہوگا کسی کی عدم موجودگی میں اس کی برائی یا خامیاں بیان کرنا۔

آنکس کہ او غیبت کند حسنات وے بروے رود	معتاب گویا میخورد مردار لحمے از بشر

جو شخص جس کی غیبت کرتا ہے نیکیاں اس کی وہ لے جاتا ہے، گلہ کرنے والا کھاتا ہے گوشت مردے انسان کا۔

غیبت مکن در ہیچگہ بگریز از غیبت کناں	از جملگی عصیاں گنہ غیبت بدانی زشت تر

غیبت نہ کر کسی جگہ گریز کر غیبت کرنے سے، تمام گناہوں سے چغلخوری کو جان توبرازیادہ۔

نمام را داں دوزخی بوئے نیابد از جناں	ہر چند طاعت میکند داں طاعتش جملہ ہدر

چغلخور کو دوزخی جان بو نہ پائے گا جنت سے، اتنی گتنی اطاعت کرے وہ جان اطاعت اس کی تمام ضائع جائے گی۔

دانی مؤکل بر زبان جملہ بلا آفات ہم	جرم زبان گر اندکست داں جرم او را بیشتر

جانے تو موکل زبان پر تمام مصیبتیں آفات بھی، جسم میں زبان چھوٹی ہے جان گناہ اس کا زیادہ۔

داں کفر ازو ہم شرک ازو ہم قذف بہتاں زور ازو	ہرگز ندیدم در جہاں از خاموشاں کس خوبتر

وہم جان کفر سے شرک بھی اور الزام بہتان اُس سے زیادہ، ہرگز نہیں دیکھا میں نے دنیا میں خاموشی سے بہتر کوئی۔

قذفے مگو در ہیچگہ کردے گناہاں مے شوند	سودے ندارد مرترا داخل بعصیاں زود تر

بہتان نہ کہہ کسی جگہ گناہ ہوتا ہے، فائدہ نہیں ہوگا کسی جگہ داخل ہو گناہوں میں جلدی زیادہ۔

کذبے نگوئی ہیچگہ لعنت خدا بر کاذباں!	کاذب نباشد سرخرو او را نیارد کس نظر

جھوٹ نہ بول تو کسی جگہ لعنت اللہ تعالیٰ کی جھوٹوں پر، جھوٹا سرخرو نہیں ہوتا اس کو کوئی نظر میں نہیں لاتا۔

سید عالم ﷺ نے فرمایا: اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا کسی کا گلہ کرنا زنا سے بھی سخت ہے۔ حسنات: نیکیاں۔ وے: گلہ کرنے والا۔ مغتاب: گلہ کرنے والا۔ میخورد: کھاتا ہے۔ لحمے: گوشت۔ بشر: انسان۔ جیسے قرآن میں ہے: اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْہِ مَیْتًا کیا تم میں سے کوئی انسان ہے جو مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا۔ بگریز: بھاگ۔ جملگی: تمام۔ عصیاں: گناہ۔ زشت: تر برازیادہ۔ نمام: نون مفتوح یعنی چغلخور۔ نیابد: نہ پائے گا۔ جناں: جمع جنت۔ ہدر: ضائع ختم۔ مؤکل: مقرر کیا ہوا۔ آفات: مصیبتیں۔ جرم: جیم پر فتح پڑھیں تو معنی ہوگا۔ جسم: بدن۔ اندک: تھوڑا۔ جیم پر ضمہ پڑھیں تو معنی ہوگا گناہ کفر انکار کرنے والا۔ مشرک: اللہ تعالیٰ کی ذات سے محروم کرنے والا۔ قذفے: الزام لگانا۔ بہتاں: غلط تہمت لگانا۔ زور: جھوٹ۔ کذبے: جھوٹ۔ لعنت یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم رہنا۔ کاذب: جھوٹا۔ سرخ رویا: عزت۔ جیسے قرآن پاک میں ہے: لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ جھوٹے پر اللہ کی لعنت ہے۔

قذفے مگو مملوک را مقذوف چون باشد بری	حدّے خوری روزِ جزا گردی سیہ رُو در حشر

الزام نہ لگا بادشاہوں پر بہتان سے جب وہ پاک ہو، اندازے مطابق کھائے گا قیامت کے دن ہوگا منہ کالا حشر میں۔

چوں قذف گفتن مرترا بر بندگاں عادت بود	مردود گردی از شہادت در سراجی کن نظر!

جب بہتان کہنے کی تجھے خاص بندوں پر عادت ہے، تو شہادت سے مردود ہوگا سراجی میں نظر کر۔

سوگند ہم غیر خدا ہرگز میاور برزبان	بزہگار گردی دوزخی آں شرک دانی خفیہ تر

قسم بھی سوائے اللہ تعالیٰ کے ہرگز نہ لا زبان پر، گنہگار ہوگا دوزخی وہ شرک جان تو اصغر۔

ہرگز مخور سوگند تو گرچہ خوری از صدق دل	حلاف در دوزخ بداں در خشم حق اور اشمر

ہرگز نہ کھا قسم اگر کھائے تو سچی دل سے، زیادہ قسمیں کھانے والا دوزخی جان اللہ تعالیٰ کے غصے میں اس کو شمار کر۔

اوّل بہ بینی چوں کسی اور اسلامے زود کن	یابی جزا بے حدو عد ہرگز نیاید در حصر

پہلے جو دیکھے تو کسی کو جب اس کو سلام جلدی کر، پائے گا ثواب بے حد بے حساب ہرگز نہیں آتا شمار میں۔

چوں تو سلامی ردکنی گر مسلم ست روکن نکو	آنرا کہ بینی کافر است گومثل آں نے بیشتر

جب تو سلام کا جواب دے اگر مسلمان ہے تو اچھا جواب دے، اس کو دیکھے تو کافر ہے تو مثل اسی کے دے جواب نہ زیادہ۔

سلطان سلامی بر حشم مولیٰ کند بر بندگان	بی بی کنیزک خویش را ہم اغنیاء بر مفتقر

بادشاہ سلام کرے رعایا کو آقا کرے غلاموں کو، بی بی کنیز کو اپنی امیر لوگ غریبوں کو۔

تنہا کہ باشد مردمی خدمت کند مرجمع را	راکب کند بر راجلے بینا کند بر بے بصر

اکیلا جو ہو آدمی کرے سلام جماعت کو، سوار کرے پیدل چلنے والے کو آنکھ والا کرے نابینا کو۔

مملوک: غلام۔ مقذوف: یعنی جس پر زنا کا الزام لگایا گیا ہو۔ بری: آزاد پاک در شریعت مطہرہ کے مطابق مقرر سزا۔ قذفے: جھوٹ۔ سراجی: یہ فتویٰ کی کتاب ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ: وَلَا تَقْبَلُوْنَ لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ترجمہ: ان کی گواہی نہ قبول کرو ہمیشہ۔ سوگند: قسم۔ میا: ورنہ۔ لابز: ہگار گناہگار۔ خفیہ: پوشیدہ۔ صدق: سچ۔ حلاف: زیادہ قسمیں کھانے والا۔ خشم: غصہ، ناراضگی۔ زودکن: جلدی کر۔ یابی: پائے تو۔ جزا: ثواب۔ بے حد وعد: بے شمار بے حساب۔ حصر: گنتی شمار۔ سلام روکنی: سلام کا جواب دے مسلمان کو سلام بھی کر اور اگر مسلمان سلام کریں تو جواب دے کافر کو سلام نہ کر، اگر وہ سلام کریں تو جواب میں فقط علیکم کہے۔ حشم: لشکر۔ مولیٰ: آقا، سردار۔ بندگان: جمع بندہ، غلام۔ بی بی: مالکہ۔ کنیزک: لونڈی۔ اغنیاء: جمع غنی دولت مند۔ مفتقر: محتاج۔ تنہا: اکیلا۔ جمع: جماعت۔ راکب: سوار۔ راجلے: پیدل۔ بینا: دیکھنے والا یعنی آنکھوں والا۔ بے بصر: اندھا، نابینا۔

چوں عطسه بزند مسلمے تحمید گوئی متصل	گو یرحمک درحال تو فرض کفایه بر شمر

جب چھینک مارے مسلمان حمد کہے تو متصل، دوسرا یرحمک اللہ کہے اس وقت تو فرض کفایہ شمار کر۔

سبقت کنی گر تو براو تحمید گوئی پیش ازاں	درگوش ودنداں ہم شکم دروے نہ بینی اے پسر

سبقت کرے تو اگر حمد کہنے میں پہل اس سے، کان اور دانت کا درد نہ دیکھے نہ پیٹ کا اے بیٹے۔

☆☆☆☆☆

باب بیست وچہارم در خشم وتکبر وحسد وعجب وعیوب وغیرت

باب چوبیسواں غصہ اور تکبر اور حسد اور تعجب اور عیب اور غیرت کے بیان میں۔

حاسد نیابد نیکوئی ہرگز نیاساید گہے	بخورد حسد طاعات راچوں ہیزمی تنور در

حسد کرنے والا نہیں پاتا کوئی بھلائی ہرگز نہیں ہوتا آرام سے کبھی، کھاتا ہے حسد نیکیوں کو مثل لکڑیوں کے تنور میں۔

بگذار کبر وعجب ہم شو خاکپائے ہم گناں	ماند بدوزخ مدتی خود بین کہ باشد کینہ ور

تکبر اور تعجب چھوڑ تمام لوگوں کے پاؤں کی خاک ہو، رہے گا دوزخ میں جانے تو خود دیکھ جو کینہ زیادہ۔

چوں تو بگوئی عیب کس صد عیب آید پیش تو	مکرے وعذرے ہم مکن تا تو نیفتی در سقر

جب تو کہے عیب کسی شخص کا سو عیب آئیں گے سامنے تیرے، مکر اور عذر بھی نہ کرتا کہ نہ پڑے تو دوزخ میں۔

ہرگز مکن استیزہ راگرچہ بود حق سوئے تو	باحوری شینی در جناں کوشک بیابی درصدر

ہرگز نہ کر جنگ لڑائی اگرچہ ہو اللہ تعالیٰ کے لیے، حوروں کے ساتھ بیٹھے تو جنت میں کوٹھری میں محل۔

....

عطسہ: چھینک۔ بزند: مارے۔ مسلمے: مسلمان۔ تحمید: الحمد اللہ۔ متصل: اس وقت۔ گو: کہے۔ یرحمک: اللہ رحمت کرے اللہ تعالیٰ تجھ پر۔ فرض کفایہ: وہ فرض ہے کہ پوری جماعت میں ایک آدمی کے ادا کرنے سے ادا ہو جائے، اگر کوئی بھی ادا نہ کرے تو تمام گناہ گار ہوں گے۔ سبقت: پہل۔ پیش: آگے۔ گوش: کان۔ دنداں: دانت۔ شکم: پیٹ۔ فائدہ: حدیث پاک میں ہے مَنْ سَبَقَ الْعَاطِسَ بِحَمْدِ اللهِ اَمِنَ مِنَ الشُّوْصِ وَالْعَلُوْصِ۔ جو آدمی چھینک لینے والے سے پہلے الحمد اللہ شریف کہے وہ دانت، کان اور پیٹ کے درد سے امان میں رہے گا۔

حاسد: حسد کرنے والا یعنی کسی کے پاس اچھی چیز دیکھ کر جلنا۔ نیابد: نہیں پاتا۔ نیکوئی: بھلائی۔ نیاساید: نہیں آرام پاتا۔ بین: دیکھ۔ ماند: رہے گا۔ کینہ ور: دشمنی والا۔ مکر: فریب، دھوکہ۔ نیفتی: نہ پڑے تو۔ سقر: دوزخ۔ استیزہ: جنگ، لڑائی جھگڑا۔ سوئے: طرف۔ حور: جنتی عورتیں۔ شینی: بیٹھے گا تو۔ جناں: جمع جنت۔ کوشک: محل، کوٹھری۔ صدر: بلند۔

کبرے مکن با ہیچکس داں جملہ را بہتر ز خود	چوں کبر بکنی کسے باشی زگراں بدبتر

تکبر نہ کر کسی شخص کے ساتھ تمام کو جان تو اپنے سے بہتر، جب تکبر کرے تو کسی شخص کے ساتھ مجوسیوں سے برا ہو گا زیادہ۔

کبراست کار ابلیس را باید تواضع پیشہ کن	تا حق بردار ترا اندر میانِ بحر و بر

تکبر ہے کام ابلیس کا چاہیے کہ عاجزی کا طریقہ بنا، تا کہ اللہ تعالیٰ اٹھائے تجھے دریا اور خشکی کے درمیان۔

چوں پیرو کودک در نظر آید ترا تعظیم کن	کودک بدانی بے گناہ در پیر طاعت بیشتر

جب بوڑھے اور بچے کو نظر میں لائے تو عزت کر اس کی، بچے کو جانے تو بے گناہ بوڑھے کی نیکیاں زیادہ۔

مومن ندار کینہ اندر درونِ جانِ خود	شب راچو خسپد جانِ من کینہ بشوید از جگر

مومن نہیں رکھتا دشمنی اپنے دل میں، رات کو جب سوئے تو اے جان میری دشمنی دھو دل سے۔

ہر جا شجر بیند کسی گشتہ نگوں سوئے زمیں	خدمت کند ہم پست خم چوں بگذرد تحت الشجر

ہر جگہ درخت دیکھے شخص جھکا ہوا زمین کی طرف، خدمت کر کمر ٹیڑی کر جب گزرے نیچے درخت کے۔

عیسیٰ شدہ بر اسماں کردہ تواضع خلق را	قاروں شدہ زیر زمین چوں کرد بخل و کبر سر

حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہوا آسمان پر کی عاجزی مخلوق کی، قاروں ہوا نیچے زمین کے جب کیا بخل اور تکبر بڑائی۔

چوں تو شجر بینی نگوں راکع شدہ سوئے زمین	آرے ہموں گردنگوں شاخے کہ باشد میوہ ور

جب تو درخت دیکھے جھکا ہوا مڑا ہو زمین کی طرف، ہاں وہی ہے میوہ والی شاخ جو جھکی ہوئی ہے۔

واں: جان۔ جملہ گبراں: جمع گبر مجوسی، بے دین آگ کی پوجا کرنے والے۔ بدبتر: بہت بُرا۔ کار: کام۔ ابلیس: شیطان۔ تواضع: عاجزی۔ پیشہ: طریقہ، عادت۔ بیردار: بلند کرے۔ میاں: درمیان۔ بحر: دریا۔ بر: جنگل، خشکی۔ پیر: بوڑھا۔ کودک: بچہ۔ تعظیم: عزت کر۔ بیشتر: بہت زیادہ۔ شب: رات۔ خسپد: سوتا ہے۔ کینہ: دشمنی۔ بشوند: دھو۔ شجر: درخت۔ گشتہ: ہوا۔ نگوں: جھکا ہوا۔ پشت: کرم، پیٹھ۔ خم: ٹیڑھی۔ تحت: نیچے۔ عیسیٰ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ راکع: رکوع کرنے والا۔ سوئے: طرف۔ آرے: ہاں۔ ہموں: وہی۔ میوہ ور: میوے والی۔

◈◈◈◈◈◈

باب بیست و پنجم در بیان اخلاص وریا و عبادت و جزآں

باب پچیسواں اخلاص اور دکھاوے اور عبادت کے بیان میں۔

صوم و صلوٰۃ و صدقہ ھم بہر خدا خالص کنی	نے بہر جنت حور نے بہر خلاصی از سقر

روزہ نماز اور صدقہ بھی خالص اللہ تعالیٰ کے لیے کر، نہ جنت کے لیے نہ حور نہ دوزخ سے نجات کے لیے۔

از بہر دنیا یا عمل بہر جزا عقبیٰ کنی	مزدور باشی بے شکے کامل نیابی ایں اجر

دنیا کے لیے یا کلام واسطے آخرت کی جزا کے کرے، مزدور ہوگا بے شک مکمل نہ پائے اجر ثواب۔

حق را بیابی آنگہے کارے کنی از بہر او	مخلص چو گشتی جانِ من بینی خدا را از چشمِ سر

اللہ تعالیٰ کو پائے تو اس وقت جب کام کرے تو اس کے لیے، مخلص جب ہو تو جان میری دیکھے تو دیکھے تو سر کی آنکھ سے۔

اخلاص درداد درکار ہا اخلاص کن	کفرے بداں سمعہ وریا نی از مرائی کس بتر

اخلاص رکھے تو ہر کام میں اخلاص کر، دکھاوا کرنا سنانا کفر جان نہیں دکھاوا کرنے والے سے برا کوئی۔

چوں ذکر گوید پاسباں از بہر آں طاعت کنی	بز کار گردد شکر گو باشد منافق بے خبر

جب ذکر کرے تو چوکیدار کا واسطے اس کے اطاعت کرے تو، دنیا و مافیہا پائے گا بے شک جنت سے دور ہوگا زیادہ۔

چپ و راست بیند بندۂ چوں اندر نماز خویشتن	گوید خدامے بنگری از من مگر او خوب تر

اپنے دائیں بائیں دیکھے جب بندہ نماز میں، کہے اللہ تعالیٰ نہیں دیکھا میرے سے مگر وہ اچھا زیادہ۔

دل را چو بندی بخدا درکار ہائے راہِ حق	مقدار کارے آنچناں تا اجر یابی پر گہر

دل کو جب باندھے تو ساتھ اللہ تعالیٰ کے کاموں میں اللہ تعالیٰ کی راہ کے، اندازے اس کام کے پائے گا تو اجر بھرا ہوا موتیوں سے۔

صوم: روزہ۔ صلوٰۃ: نماز۔ خلاصی: چھٹکارا۔ سقر: دوزخ۔ از بہر: واسطے۔ جز: ثواب۔ عقبیٰ: آخرت۔ سمو: سنانا۔ ریا: دیکھاوا۔ مرائی: دیکھاوا کرنے والا۔ ابدتر: اصل۔ بدتر تھا: بہت برا۔ پاسبان: چوکیدار۔ ذکر گو: ذکر کرنے والا۔ بیابی: پائے گا۔ تومانی: رہے گا تو، یعنی اگر عبادت دنیا طلب کرنے کے لیے کریں، تو قرآن پاک میں ارشاد ہے: مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ جو انسان دنیا کا نفع حاصل کرنا چاہتا ہے ہم اسے دے دیں گے اور اس کے لیے آخر میں کوئی حصہ نہیں۔ چپ: بائیں۔ راست: دائیں۔ بیند: دیکھے۔ بنگری: دیکھا ہے تو۔ سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: لَا يَعْلَمُ الْمُصَلِّيْ مَنْ نَاجٰى مَا الْتَفَتَ اگر نمازی یہ جانتا ہے کہ وہ کس سے مناجات کر رہا ہے تو وہ اِدھر اُدھر نہ دیکھے۔ بندی: باندھے تو۔ پر گہر: موتی بھرے ہوئے۔

ورتو بخواہی از خدا حور قصر اندر جناں	صدحور یابی درجناں حق را نیابی اے پسر

اور اگر تو چاہے حور، محل جنت میں، سو حوریں پائے گا جنت میں تو اللہ کو نہ پائے گا اے بیٹے۔

☆☆☆☆☆

باب بیست و ششم در توکل و رضا و خوف و رجا

باب چھبیسواں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور رضامندی اور خوف اور امید میں۔

چونتو کنی برحق توکل ہم رضا درکارہا	بیشک ولی گردی یقین در سلک خاصاں معتبر

جب کرے تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رضامندی میں ہر کام میں، بیشک دوست ہوگا اچھوں کا۔

جملہ سپردم کارہا در حضرت اے بادشاہ	گو ایں سخن در روز و شب ترس از کس وگر

تمام کام سپرد کیے میں نے اعلیٰ بارگاہ تیری اے بادشاہ، کہہ یہ بات دن اور رات میں ڈر اللہ سے نہ کر کسی دوسرے سے۔

خوفِ خدا باید آنچناں جز من مگو کس نے دوزخی	امید باید ایں چنیں باشم بجنت در صدر

خوف خدا چاہیے اس طرح کہ کہے تو سوائے میرے کوئی دوزخی نہیں، امید چاہیے اس طرح ہو کہ ہوں میں جنت میں بلند۔

مسلم بباید درمیاں خوف ور جاہر دو طرف	خوش بباید اندکے امید باید بیشتر

مسلمان کو چاہیے خوف اور امید کے دونوں طرف درمیان ہونا، خوف اس کا چاہیے تھوڑا امید چاہیے زیادہ۔

ابلیس شش لک سال گو میکرد طاعت راندہ شد	بوبکر در پیش بت کردند بروے صد نظر

ابلیس نے چھ لاکھ سال اطاعت کی مردود ہوا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بتوں کے سامنے (نہ جھکے) اس پر سو نظر کی۔

ور: اور اگر۔ قصر: محل۔ جناں: جنت۔

توکل: بھروسہ۔ رضا: راضی رہنا یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنا۔ خوف: ڈر۔ رجا: امید۔ ولی: دوست۔ سلک: لڑی۔ جملہ: تمام۔ سپردم: سپرد کیا میں نے حضرت علیٰ بارگاہ۔ ترس: ڈر۔ باشم: ہوں میں۔ صدر: بلند۔ مسلم: مسلمان۔ سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الرَّجَاءِ وَالْخَوْفِ۔ یعنی ایمان امید اور خوف کے درمیان ہے۔ اندکے: تھوڑا۔ ابلیس: شیطان۔ شش لک: چھ لاکھ یعنی کثرت عبادت۔ راندہ: مردود۔ بوبکر: سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، آپ کا نام عبداللہ ہے، جاہلیت کے دور میں عبدالعزیٰ نام تھا، زمانہ جاہلیت میں کسی بت کے سامنے سر کبھی نہیں جھکایا۔

روزی رساند ذوالمنن دارد خزائن گنج زر	دل رانداری ملتفت تازندۂ از بہرناں

دل کو نہ رکھے تو متوجہ روٹی کے لیے جب تک زندہ رہے، روزی پہنچائے گا اللہ تعالیٰ خزانہ اور سونا رکھتا ہے وہ۔

چوں مرترا بخشد کسے جن و ملائک یا بشر	بخشش ندانی از کسے جز از خدائے جانمن

بخشش نہ جانے تو کسی شخص سے سوائے اللہ تعالیٰ کے اے جان میری، مثل خاص تجھے بخشے گا کوئی انسان جن اور فرشتے کے۔

ورنہ بروزیر سما خلق طلب جزمن دگر	خالق ہمیگوید ترا اندر بلاہاوہ رضا

تمام مصیبتوں میں بھی خالق کو رضامند کرے تو، ورنہ زمین وآسمان سے نکل کوئی دوسرا خدا طلب کر سوائے اللہ کے۔

بلعم وہم برصیصیا گشتند ملعون خاک سر	تکیہ مکن برکارِ خود عجبے طاعت ہم مکن

بھروسہ نہ کر اپنے عمل پر اطاعت کو اچھا زیادہ نہ جان، بلعم اور برصیا کی طرح ہوگا تو معلون ذلیل بھی۔

☆☆☆☆☆

باب بیست وہفتم در بیان صبر وشکر

باب ستائیسواں صبر اور شکر کے بیان میں۔

ہرگز ندیدم در جہان از صبر چیزے خوب تر	فرحت چُو خواہی دائما ہمدم بسازی صبر را

آرام جب چاہے تو ہمیشہ ساتھی بنائے تو صبر کو، ہرگز نہیں دیکھا میں نے جہاں میں صبر سے بہتر کوئی چیز کو۔

....

ملتفت: متوجہ۔ تازندۂ: جب تک تو زندہ رہے۔ نان: روٹی۔ رساند: پہنچائے گا۔ ذوالمنن: احسانوں والا، یعنی اللہ تعالیٰ۔ خزائن: خزانہ۔ گنج: خزانہ۔ زر: سونا۔ جیسے ارشاد باری ہے: وَفِی السَّمَاءِ رِزْقُکُمْ رزق ہمارا آسمانوں میں ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ اللہ تعالیٰ بغیر حساب کے رزق دیتا ہے۔ ملائک: جمع ملک فرشتہ۔ بشر: انسان۔ خالق: پیدا کرنے والا۔ بلائے: مصیبت۔ دہ: دے۔ تکیہ: بھروسہ۔ عجبے: یعنی اپنے آپ کو اچھا جاننا۔ بلعم بن باعور ابنی اسرائیل میں مستجاب الدعوات ولی تھا کافروں کے کہنے پر اور ابلیس کے بہکانے سے اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر بددعا کی جس کی وجہ سے آپ کا لشکر چالیس سال جنگل میں رہا آخر حضرت یوشع علیہ السلام کی دعا سے وہ بے ایمان ہو کر مرا، یہ واقعہ تفسیر مظہری جلد سوم صفحہ ۴۳۰۔ برصیصیا: ایک زاہد کا نام یہ شیطان کے بہکانے سے زنا اور کفر کیا، بے ایمان ہو کر مرا پورا واقعہ شرح تحفہ گھلوی میں پڑھیں۔ فرحت: خوشی، آرام۔ دائما: ہمیشہ۔ ہمدم: ساتھی۔ بسازی کرنا: بنا تو۔ صبر: تکلیف دکھ مصیبت برداشت کرنا۔ خوبترا: اچھی، زیادہ۔ جیسے حدیث پاک میں ہے: اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ یعنی صبر خوشی کی چابی ہے۔

صبرے بکن درکارہا کز صبریابی صد فرح	ظالم چو بینی خصم را صبرے بکن یابی ظفر

صبر کر ہر کام میں صبر سے پائے گا تو سوخوشی، ظالم دشمن کو جب دیکھے تو صبر کر پائے گا تو کامیابی۔

ظالم جو ظلمی میکند صبرے بکن باکس مگو	از کس نخواہی داد چوں دادت دہد آں دادگر

ظالم جب ظلم کرے صبر کر کسی سے نہ کہہ، کسی شخص سے نہ چاہے تو انصاف خود انصاف تجھے دے گا وہ انصاف والا۔

داں نصف ایماں صبر را ہم شکر را نصفے دگر	محکم بکن ایں ہر دو را مومن بگردی بے خطر

جان آدھا ایمان صبر کو شکر کو بھی آدھا اور اگر، مضبوط کرے ان دونوں کو مومن ہوگا بے خوف۔

امید کس در دل مکن امید کن برخالقے	کو رزق بدہد وحش را طیر و بہائم ہم بشر

کسی شخص سے دل میں امید نہ کر امید کر پیدا کرنے والے پر، جو رزق دیتا ہے جنگلی جانوروں پرندوں جانوروں انسانوں کو۔

موجود داری نعمتی قیدش بکن در شکرِ حق	زائد براں خواہی اگر شکرے بکن اے نامور

موجود رکھے تو نعمتیں مضبوط اس کو کرے تو شکر سے، زیادہ ان سے اگر چاہے تو کر شکر اے مشہور۔

گرچہ مراتب بیعدد دارد وغنی شاکر وے	او کے رسد باصابرے کو صبر بکند در فقر

اگرچہ مرتبہ بے شمار رکھتا ہے دولت مند اللہ تعالیٰ اس کا شکر کرنے والا، کیسے پہنچے گا وہ ساتھ صابر کے جو صبر کرتا ہے فقیری میں۔

شاکر سلیمان گرچہ بوو اندر غنا و سلطنت	او کے رسد با مصطفیٰ کردہ بدر ویشی صبر

شاکر اگرچہ سلیمان علیہ السلام تھے دولتمندی اور سلطنت میں، کیسے پہنچ سکتے ہیں وہ ساتھ مصطفیٰ کے کیا ساتھ درویشی کے صبر۔

صد: سو۔ فرح: خوشی۔ خصم: دشمن۔ ظفر: کامیابی۔ قرآن پاک میں ہے: اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ باکس مگو: کسی شخص کو نہ کہے۔ داد: انصاف۔ دادگر: انصاف کرنے والا یعنی اللہ تعالیٰ۔ نصف: آدھا۔ محکم: پختہ، مضبوط۔ بگردی: ہوگا۔ تو کو: اصل میں کہ اوتھا وہ جو۔ بدہد: دیتا ہے۔ وحش: جنگلی جانور۔ طیر: پرندہ۔ بہائم: جمع بہیمہ جانور، چوپائے۔ بشر: انسان۔ قید: مضبوط۔ زائد: زیادہ۔ نامور: مشہور۔ یعنی خداوند کریم کا شکر کرو تو زیادہ نعمتیں عطا ہوگی۔ جیسے ارشاد ربانی ہے: لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ یعنی اگر تم میرا شکر کرو گے تو میں تمہاری نعمتیں زیادہ کروں گا۔ مراتب: مرتبے۔ بیعدد: بے شمار۔ غنی: شاکر، یعنی دولت مند، شکر کرنے والا۔ کو: اصل میں کہ اوتھا۔ فقر: فقیری۔ جیسے قرآن پاک میں ارشاد ہے: اِنَّمَا یُوَفَّی الصَّابِرُوْنَ اَجْرَھُمْ بِغَیْرِ حِسَابَ یعنی صبر کرنے والوں کو بے حساب اجر دیا جائے گا۔ سلیمان: حضرت سلیمان علیہ السلام۔ غنا: دولت مند۔ سلطنت: بادشاہی۔

باب بیست و ہشتم در بیان توبہ و زہد

باب اٹھائیسواں توبہ اور عبادت کے بیان میں۔

توبہ بکن امروز تو ہرگز مگو فردا کنم	شاید بمیری صبح دم فردا نیابی اے پسر

آج توبہ کر تو ہرگز نہ کہہ کہ کل کروں گا میں، شاید مرجائے تو صبح سانس کل تک نہ پائے تو اے بیٹے۔

توبہ کُنی از صدقِ دل فیما مضیٰ آری ندم	چون یاد اری آن گناہ گردد خراب و منکسر

توبہ کر سچے دل سے جو گزر گیا اس پر لائے پریشانی، جب یاد آئے تجھے وہ گناہ ہوجائیں گے خراب اور شکستہ۔

زہدے بکن دستی مزن در مال و دنیا جانمن	ہر ذرہ را با تو بود فردا حساب و ہم حصر

عبادت کر دنیا کے مال میں ہاتھ نہ مار اے جان میری، ہر ذرّہ کے تجھ پر ہے کل قیامت کے دن حساب وشمار ہونا۔

گر بندۂ مانی از گناہ آں گرچہ باشد ذرۂ	نزدیک حق آں بہتر است از طاعتِ جن و بشر

اگر بندہ رکے ایک گناہ سے وہ اگرچہ وہ ذرہ برابر، نزدیک اللہ تعالیٰ کے بہتر ہے جن وبشر کی فرمانبرداری اطاعت سے۔

گر بندۂ باصدق دل توبہ کند از معصیت	بروے نماند ذرۂ زاں کردہا باقی اثر

اگر بندہ صدق دل سے توبہ کرے گناہوں سے، اس پر جو اس نے کیے گناہ نہ رہے ذرہ اس سے باقی اثر۔

در بند دنیا چوں شوی طلبش کُنی از ہر کسی	محروم مانی از خدا مبغوض گردی متحسر

دنیا کی قید میں جب ہو اس کو طلب کرے تو ہر شخص سے، محروم رہے تو اللہ تعالیٰ سے ناپسند ہوگا نقصان والا۔

امروز: آج۔ فرد: کل، یعنی آنے والا دن۔ بمیری: مرجائے تو۔ صبح دم: صبح کے وقت، یعنی آج کا دن توبہ کر شاید کل کا دن تجھے نصیب نہ ہو۔ صدق دل: سچے دل۔ فیما مضیٰ: جو گزر گیا۔ ندم: پریشانی۔ منکسر: شکستہ۔ حدیث پاک میں ہے: اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے گناہ کیا ہی نہ ہو۔ زاہد: یعنی دنیاوی لذتوں کو چھوڑنے والا آخرت کی فکر کرنے والا۔ دستی: ہاتھ۔ مزن: نہ مار یا نہ ڈال۔ فردا: قیامت کا دن۔ حصر: شمار کرنا، احاطہ کرنا، یعنی قیامت کے دن ذرہ ذرہ کا حساب ہوگا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے: مَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ الخ یعنی جو شخص ایک ذرہ برابر نیکی کرے گا اس کا ثواب دیکھے گا اور جو شخص ذرہ برابر برائی کرے گا اس کی سزا دیکھے گا۔ بازمانی: رک جائے تو۔ طاعت: عبادت۔ معصیت: گناہ۔ بند: قید۔ شوی: ہوئے تو۔ مبغوض: ناپسند۔ متحسر: نقصان والا۔

عصیاں بدانی دوستی کردن بدنیا ہم خطا	دشمن خداداں آں کسے مولع کہ باشد مال وزر

گناہ جانے تو دنیا سے دوستی کرنا غلطی بھی، دشمن جانے تو اللہ تعالیٰ کا وہ شخص جو حریص ہو مال و زر کا۔

فارغ شدی از سیم و زر رستی ز شیطان شرِ او	زاہد ز شیطان ایمنست وسواس نے بروے گذر

بے تعلق ہو تو چاندی سونے سے چھوڑے تو اس شیطان کے شر کو، عبادت کرنے والا شیطان سے بے خوف ہے شیطانی خیال کا اس پر گزر نہیں۔

اموالِ دنیا چون کسی بکند جمع دانی سگے	گو ہم شکم پُر می کند آں زر بداں سنگ و مدر

دنیا کا مال جب کو جمع کرے جانے تو اس کو کتا، پیٹ کو جب پُر کرے جان اس کو لوہا پتھر مٹی کا ڈھیلا۔

درویش خواہد مال و زر اور امداں درویش تو	ہست او مفادر دزد دین دیو بداں صورت بشر

درویش جو چاہے مال و دولت نہ اس کو تو درویش جان، ہے وہ دھوکہ باز چور دین کا جن شیطان جان بصورت انسان۔

چون ہست دنیا بے وفا در بند او بودن خطا	در جمع او داں صد عنا در دیں نہ سودے بل ضرر

جب ہے دنیا بے وفا اس کی قید میں ہونا غلطی ہے، اس کو جمع کرنا جان سو مصیبت دین میں نہیں نفع بلکہ نقصان ہے۔

☆☆☆☆☆

بابِ بیست ونہم دربیان بخل وسخا وایثار وامساک

باب انتیسواں کنجوسی اور سخاوت اور قربانی اور امساک کے بیان میں۔

گر دور داری خویشتن از بخل واز امساک ہم	رستہ شوی یابی جناں شینی چو شاہاں در صدر

اگر دور رکھے تو اپنے آپ کو کنجوسی اور امساک سے بھی، نجات پائے گا تو جنت میں بیٹھے گا تو مثل بادشاہوں کے بلندی میں۔

عصیاں: گناہ۔ خطا: غلطی۔ مولع: حریص لالچی، جیسے حدیث شریف میں ہے: حُبُّ الدُّنْیَا رَاسُ کُلِّ خَطِیۡۃٍ محبت دنیا کی ہر گناہ کا سر ہے۔ فارغ: الگ بے تعلق۔ سیم: چاندی۔ زر: سونا۔ رستی: چھوڑ۔ شراد: شر اس کے۔ ایمن: بے خوف۔ وسواس: شیطانی خیال۔ اموال: مال۔ سگ: کتا۔ شکم: پیٹ۔ سنگ: پتھر۔ صدر: مٹی کا ڈھیلا یعنی کچی اینٹ۔ درویش: اللہ تعالیٰ کی محبت کا دعویٰ کرنے والا۔ مداں: نہ جان۔ مفادر: دھوکہ باز، درد چور۔ دیو: جن شیطان۔

بخل: وہ جو اپنے ضروریات میں تو خرچ کرے لیکن واجبات شرعیہ ادا نہ کرے۔ امساک: روکنا یعنی وہ جو نہ خود خرچ کرے اور نہ دوسروں کو دے۔

رستہ نجات پانے والا۔ جناں جمع جنت۔ شینی: بیٹھے گا تو۔ صدر بلند۔

ایثار راھم پیشہ کن چیزے نخواہی از کسے	مخظور دانی خواستن دادن لطیف و خوبتر

ایثار کو بھی طریقہ بنا چیز نہ چاہے تو کسی شخص سے، منع جانے تو مانگنا دینا لطیف اور اچھا زیادہ۔

صد چند کس از صوفیاں بودند عمری در سفر	گشتند تشنہ ہر یکے بود ابریق بریک نفر

سو آدمی صوفیاء کی عمر سے تھے سفر میں، ہوئے پیاسے ہر ایک پانی کی ایک بوند ایک آدمی پر۔

او داد اُورا اُو بدو مردند جملہ تشنگان	آں آب ماندہ ہم چنیں آنجا نماندہ کس دگر

اس نے دیا اس کو اس نے دوسرے کو مر دے تھے تمام پیاسے، وہ پانی پڑا رہا اسی طرح اس جگہ نہ پیا کسی دوسرے نے۔

ہم صدر و مسند منزلت محراب و محفل جائے گاہ	ایثار کن بر دیگراں گردی تو شخصِ معتبر

صدر اور مسند تیری منزل محراب اور محفل عزت کی جگہ بھی، ایثار کر دوسروں پر ہو گا تو معتبر شخص۔

دشمن خدا شخصے بداں کو پیشہ سازو بخل را	محبوبِ حق داں آں کسے ایثار بکند سیم و زر

خدا کا دشمن جان اسی شخص کا جو بخل کو طریقہ بنائے، اللہ تعالیٰ کا محبوب جان اس کو جو خرچ کرے سونا چاندی۔

ہرگز مبر مالے فرو از بہر روز نیستی	آں روز آید چوں ترا آں مال گردد مستتر

ہرگز نہ مال نیچے واسطے اس کے نہ ہو تو آج روز، وہ دن آئے گا جب تیرا وہ مال چھپ جائے گا۔

از بہر دختر یا پسر مالے مکن زیر زمین	حاجت چو افتد شان گہے ہرگز نگوید کس خبر

واسطے بیٹے اور بیٹی کے نہ کر مال نیچے زمین کے، حاجت جب پڑے گی ہرگز اس کی کبھی نہ کہے کوئی شخص خبر۔

ایثار: قربانی۔ پیشہ: طریقہ۔ نخواہی: نہ مانگ تو۔ مخظور: منع۔ خواستن: مانگنا۔ صد چند کس: سو افراد۔ تشنہ: پیاسا۔ آبک: تھوڑا سا پانی۔ نفر: افراد۔ اس شعر کا مقصد حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے ایک واقعہ بیان کیا ہے، ایک سو افراد سفر پر تھے ان کو پیاس لگی ایک کے پاس تھوڑا سا پانی تھا اس نے اپنے دوست کو پانی دیا اس نے دوسرے کو دیا، حتیٰ کہ سب کے سب پیاسے شہید ہو گئے، آج کا وقت تو نہیں تھا کہ پہلے خود پھر دوسروں کو۔ صحابہ کرام ﷺ کی سیرت دیکھیے ارشاد ہے: وَ يُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ صحابہ کرام ضرورت مند ہوتے ہوئے بھی دوسروں کو اپنے او پر ترجیح دیتے ہیں۔ صدر: بلند جگہ۔ مسند: ٹیک لگانے کی جگہ۔ محراب: وہ جگہ جہاں امام کھڑا ہوتا ہے۔ محفل جانگاہ: عزت کی جگہ۔ ایثار: قربانی۔ مبر: نہ۔ فرو: نیچے۔ نیستی: نہ ہونا۔ مستتر: پوشیدہ۔ دختر: لڑکی۔ پسر: لڑکا۔ حاجت: ضرورت۔ افتد: پڑے۔ گہے: کبھی۔

ہم بر خدا بسپار شاں میری نمیرد اُو گہے	از کار شاں بیغم شوی اندیشہ را از دل ببر

اللہ تعالیٰ کے سپرد کران کو مرجائے یا نہ مرے وہ کبھی، ان کے کام کے لیے بے خوف ہو خوف کو دل سے باہر نکال۔

ایں مال باشد مار تو آں ماردان زنار تو	زنار فردا نارِ تو ایں نار برزنار تو

یہ مال ہوگا سانپ تو اس سانپ کو جانے زنار، زنار کل قیامت کے دن آگ تو اس آگ میں اوپر تیرے زنار۔

☆☆☆☆☆

باب سی ام در تواضع وخلق حسن ونفع رسانیدن خلق را

باب تیسواں عاجزی اور حسنِ اخلاق اور نفع پہنچانے مخلوق کے بیان میں۔

باخلق ورزش کن نکوتا دوست کردی جملہ را	بانغز مرداں خلق کن بازشت خویاں بیشتر

اخلاق کو اختیار کرا چھا تا کہ دوست کرے تو تمام کو، نیک لوگوں کے ساتھ اخلاق کر بری عادت والوں کے ساتھ زیادہ۔

آنکس تواضع میکند با او بکن صد چندآں	ورکس تکبر می کند صدقہ بداں باو کبر

وہ شخص جو عاجزی کرے ساتھ اس کے کر سو گنا، اور اگر کوئی کرے تکبر جائز جان صدقہ ساتھ اس کے تکبر کو۔

چوں تو بخواہی باکسے بودن بیک جا مدتے	گر روز را گوید شبست بنمائی پروین ہم قمر

جب چاہے تو کسی کے ساتھ رہنا ایک ساتھ جگہ مدت کچھ، اگر دن کو کہے رات دیکھائے تو چاند بھی ستارے بھی۔

گر مردمے منکر شود باتو ستیزد ہر دمے	گوید حمارِی اسپ را گر تازسیت گوئی حمر

اگر آدمی منکر ہوں تیرے ساتھ لڑائی ہر وقت، کہے گدھا گھوڑا کو اگر عربی گھوڑا کہے تو خچر۔

بسپار: سپرد کر۔ میری: مرجائے گا تو۔ بیغم: بے خوف۔ مار: سانپ۔ زنا: یعنی گلے میں لپیٹا ہوا ہوگا اور وہ زنا آگ ہوگی، لہٰذا چاہیے کہ اس نار یعنی مال کو زنا اہل کفر پر چھوڑ دے اور خالص اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہو۔

ورزش: اختیار۔ نغز مرداں: نیک لوگ، نرم مزاج۔ زشت: خوبیاں بُری عادت والے سخت مزاج۔ صد چند: سو گنا۔ تکبر: بڑائی۔ کبر: تکبر۔ بودن: رہنا۔ مدتے: عرصہ۔ شبست: رات ہے۔ بنمائی: دکھائے۔ پروین: ستارے۔ قمر: چاند۔ مردم: لوگ۔ منکر: انکار کرنے والے۔ ستیزد: لڑائی، جھگڑا۔ بردمے: بروقت۔ حمار: گدھا۔ اسپ: گھوڑا۔ تازی: عربی گھوڑا۔ حمر: جمع حمار خچر۔

رنجہ مشو اندوہ مکن خلقے چو گوید بدترا	مخلوق بدہا برخدا گفتہ کہ ناید درحصر

رنجیدہ نہ ہو غم نہ کر مخلوق جب تجھے برا کہے، مخلوق بری باتیں خدا کو کہتی ہے جو نہیں آتی شمار میں۔

از مدح کس خوش دل مشو اندوہ دشنامی مکن	از مداح نے باشد نفع و زہجو کے باشد ضرر

کسی کے تعریف کرنے سے خوش دل نہ ہو غم گالی دینے سے نہ کر، نہ تعریف کرنے سے ہوگا نفع اور (کسی کے) برا کہنے سے نہ ہوگا نقصان تیرا۔

سخنے کہ گوئی باکسے برقدر عقل او بگو	عالم چو بینی سامع ست باو بگو چوں دروگہر

بات جو کہے تو کسی شخص سے اوپر اندازے عقل کے اس کو کہے، عالم جب دیکھے تو سننے والا ہو ساتھ اس کے کہ مثل گوہر موتی کے۔

چوں تو بدانی جاہل است فہمی ندارد در سخن	سخنے بگوئی آنچناں درد وے کند قدری اثر

جب جانے تو کہ جاہل ہے سمجھ نہیں رکھتا بات میں، بات کہے تو اس کو ایسی اس پر کرے تھوڑا اثر۔

لطفے و نرمی کن بسی قصد خریدن چوں کنی	باید فروشی ہم چنیں تاسود بینی زاں تجر

مہربانی اور نرمی کر بہت ارادہ جب خریدنے کا کرے تو، چاہیے کہ بیچے بھی اسی طرح تاکہ نفع دیکھے تو اس تجارت سے۔

نفعے رساں مرخلق را دربند نفع خود مشو	میکن چنیں تازدہ بے شک شوی خیر البشر

نفع پہنچا مخلوق کو اپنے نفع کی فکر میں نہ ہو، کر اسی طرح تاکہ زندہ بے شک ہو تو انسانوں سے اچھا۔

ہرگز نخواندم در کتب نشنیدہ ام از عالمان	ہم چوں جزائے نافعاں باشد جزائے کس دگر

ہرگز نہیں پڑھا میں نے کتابوں میں نہ سنا ہے میں نے علماء سے، نہ نفع پہنچانے والوں کی مثل سوائے ہوگا کوئی شخص دوسرا۔

رنجہ: رنجیدہ۔ مشونہ: ہوا۔ ندوہ: غم۔ بدتر: برا تجھے۔ بدہا: بُری باتیں۔ ناید: نہ آئے۔ حصر: شمار، گنتی۔ مدح: تعریف۔ شنامی: گالی۔ ہجو: برائی۔ ضرر: نقصان۔ سخنے: بات۔ قدر: مطابق۔ سامع: سننے والا۔ دروگہر: موتی۔ جسے حدیث شریف میں كَلِّمُوا النَّاسَ الخ یعنی لوگوں سے ان کی عقل کے مطابق بات کرو۔ بدانی: جانتا ہے تو۔ جاہل: بے علم۔ فہمی: سمجھ۔ قدرے: تھوڑا۔ لطفے: مہربانی۔ قصد: ارادہ۔ فروشی: فروخت کرے تو۔ ہم چنیں: اسی طرح۔ سود: نفع۔ تجر: تجارت۔ نفع: فائدہ۔ رساں: پہنچا۔ مر: خاص۔ خلق: مخلوق۔ بند: قید۔ مشو: نہ ہو۔ میکن: کر۔ حدیث پاک میں ہے: خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَنْفَعُ النَّاسَ بہترین وہ انسان ہے جو لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔ نشنیدہ ام: نہیں سنا میں نے۔ جزائے: سوا۔ نافعاں: نفع پہنچانے والا۔

نانے بدہ درویش را رستہ شوی در دو جہاں	نظرے کنی چوں بر گدا بر تو کند حق صد نظر

روٹی دے درویش کو تا کہ نجات پائے تو دونوں جہانوں میں، نظر کرے جب تو فقیر کو تجھ پر اللہ تعالیٰ سو نظر رحمت فرمائے گا۔

رنجے بکن دردے بکش راحتے رساں مرخلق را	این کاردار اجر ہا زین نیست کاری خوبتر

تکلیف اٹھا مشقت کھینچ خاص مخلوق کو آرام پہنچا، یہ کام رکھتا ہے ثواب بہت اس سے نہیں کام اچھا۔

شوسنگ زیریں آسیا رنجے بکش راحت رساں	ورنہ چو خیرہ مسخرہ نانے طلب از در بدر

آٹے والی چکی کا نچلہ پتھر ہو تکلیف کھینچ راحت پہنچا، ورنہ مثل بے حیا کے روٹی مانگے گا در بدر سے۔

خوش وقت آں مرغیکہ اُو اُفتد بدام مردے	اورا فروشد نانِ خرد بدہد بزن دختر پسر

اچھے وقت وہ پرندہ اس آدمی کے جام میں پڑتا ہے، اس کو بیچے روٹی خریدے اور دے بیوی بچوں بچیوں کو۔

سائل چو افتد پیسِ در از تو بخواہد نانکے	منعے کنی چوں نان از و یا خود کنی از ورا نہر

جب تیرے پاس دروازے پر سائل پہنچے اور تجھ سے روٹی مانگے، جب اس کو روٹی نہ دی یا اس کو ڈانٹ دیا۔

گوید خدا ناں خواستم مار اندادی لقمۂ	از در چورانی سائلے گوید مرا را ندادی زور

فرمائے گا اللہ تعالیٰ روٹی مانگی تھی میں نے مجھے نہ دیا تو نے ایک لقمہ، جب دروازے سے سائل کو بھگائے کہے کہ خاص کر تجھے نہ دی طاقت

چوں تو برانی سائلے زو باز داری لقمۂ	یابی عذابے زیں گنہ سالے ہزارے در سقر

جب تو سائل کو بھگاتا ہے اس سے روٹی کو دور کرتا ہے، پائے گا تو عذاب اس گنہ سے کئی ہزار سال جہنم میں۔

نان: روٹی۔ بدہ: دے۔ رستہ: نجات پانے والا۔ شوی: ہوئے تو۔ گدا: فقیر۔ حدیث شریف میں ہے: اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ الخ یعنی تم زمین والوں پر رحم کرو، اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے گا۔ رنجیدہ: تکلیف۔ بکش: کھینچنا۔ راحت: آرام۔ رساں: پہنچا۔ شو: ہو۔ سنگ زیریں: نچلا پتھر۔ آسیا: چکی، یعنی آٹا پیسنے والی چکی۔ خیرہ: بے حیا۔ بعض نسخوں میں ہیز بھی آیا ہے جس کا معنی ہے ہیجڑہ مخنث۔ مسخرہ: نقال، یعنی جیسے چکی کا نیچے والا پتھر تکلیف برداشت کر کے مخلوقِ خدا کو فائدہ پہنچاتا ہے یعنی آٹا مہیا کرتا ہے تو بھی تکلیف اٹھا خلقِ خدا کو نفع پہنچا ورنہ ہیجڑہ میں اور تیرے میں کیا فرق ہے۔ مرغ: مرغا، پرندہ۔ افتد: پڑتا ہے۔ دام: جال۔ فرشد: فروخت کرتا ہے۔ خوبرد: خرید۔ زن: عورت۔ دختر: لڑکی۔ پسر: لڑکا۔ سائل: مانگنے والا۔ نہر: جھڑکنا۔ قرآن پاک میں ہے: وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ یعنی سوالی کو جھڑک نہ دو لیکن آج کل کے سوالیوں سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے، موٹے تازے پھر بھی بھیک مانگ رہے ہیں۔ نان: روٹی۔ خواستم: چاہتا ہوں میں۔ مار اندادی: مجھے نہیں دیا تھا۔ لقمۂ: ایک ٹکڑا۔ یابی: پائے گا تو۔ سقر: دوزخ۔

چوں پیشہ بکنی ناں دہی جنت بیابی حور ہم	خلعت بپوشی از خدا تاجے نہی بر فرقِ سر

جب طریقہ کرے تو روٹی دینے کا جنت پائے گا تو حور بھی، جنتی لباس پہنے تو اللہ تعالیٰ سے تاج رکھے گا سر پر۔

سائل بدانی ہدیہ از حق تعالیٰ بر درت	صد چند کن تعظیم او ہم بخش اورا ماقدر

فقیر کو جانے تو تحفہ ہدیہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تیرے دروازے پر، اتنی گنتی کر تعظیم اس کی دے دے اس کو جو طاقت ہو۔

ایتام را پرور بسی نانے بدہ ہم جامہ	ہر لحظہ شفقت کن چناں تا یاد ناید شاں پدر

یتیم کی پرورش کر اچھی، روٹی دے کپڑا بھی، ہر لمحہ شفقت کر اس طرح تا کہ یاد نہ آئے ان کو باپ۔

خدمت کنی چوں مردمی باشد چو خادم پیش تو	باید نوازی ہر زماں اور ابداں نور البصر

خدمت کرے تو جب آدمی کی ہو گا مثل نوکر کے سامنے تیرے، چاہیے نوازے تو ہر وقت اس کو جاں آنکھ کا نور (بیٹا)

گر یکدو ناں پیش آورند تو لقمہ لقمہ بخش کن	یابی فضیلت بیشتر آں ہر دور انتہا مخور

اگر ایک دو روٹی آگے لائے تو لقمہ لقمہ بخش دے، پائے گا فضیلت بہت اس سے ہر وقت پیٹ بھر کے نہ کھا۔

ایں حکمہا برا اغنیا نے بر فقیر و گرسنہ	او خود بود محتاجِ ناں نانے کجا بدہد دگر

یہ حکم امیروں کو ہے نہ فقیر کو نہ بھوکے کو، وہ خود ضرورتمند ہے روٹی کب دے گا دوسرے کو۔

حدیث قدسی میں ہے: ''قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا اے میرے بندے میں نے تجھ سے روٹی مانگی تھی تو نے ایک لقمہ بھی نہیں دیا۔ بندہ عرض کرے گا یا اللہ تو تو ان چیزوں سے بے نیاز بے پرواہ ہے۔'' ارشاد ہوگا: ''تو نے سائل کو دروازے سے خالی لوٹایا تھا او رحقیقت میں سائل کا مانگنا میرا مانگنا تھا۔ سائل کو نہ دینا مجھے نہ دینا ہے۔'' خلعت: پوشاک۔ پوشی: پہنانا۔ ہدیہ: تحفہ، یعنی فقیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے تحفہ ہے، اس کی عزت کر۔ جیسے حدیث پاک میں ہے السائل هدية الله الى الغنى فقير ''اللہ تعالیٰ کی طرف سے دولت مند کے لیے ہدیہ ہے۔'' ۔ایتام: جمع یتیم۔ جامہ: کپڑا۔ ہر لحظہ: ہر لمحہ ہر گھڑی۔ شفقت: مہربانی۔ شاں: ان کو۔ پدر: باپ۔ خادم: خدمت کرنے والا۔ نوازی: عزت کر تو۔ نور البصر: آنکھ کا نور، یعنی بیٹا۔ حکما: جمع حکم۔ اغنیا: دولت مند۔ گرسنہ: بھوکا۔ محتاج: ضرورتمند۔

باب سی و یکم در بیان حلم و غضب میگوید

باب اکتیسواں حوصلے اور غصہ کے بیان میں۔

حلمے بکن باجملہ کس محبوب گردی بے شکے	ہرگز نباشد نزد حق از حلم چیزے خوب تر

حوصلہ کر تمام شخصوں میں محبوب ہوگا بے شک، ہرگز نہیں ہے نزدیک اللہ تعالیٰ کے حلم سے اچھی چیز دوسری۔

جاہل چو گوید بد ترا حلمے بکن چیزے مگو	خلقے ترا ناصر شود بکند یاری یک دگر

جاہل جب کہے برا تجھے حوصلہ کر کچھ نہ کہہ، مخلوق تیری مددگار ہوگی کرے مدد ایک دوسرے کی۔

مردم چو خوانند علمہا عالم شود اندر جہان	حلمے بنا شد چوں درو شجرے بدانی بے ثمر

لوگ جب پڑھیں علم عالم ہوں گے جہاں میں، حلم نہ ہو جب اس میں درخت جانئے تو بغیر پھل کے۔

خشمے مکن برہیچکس غاصب بداں مغضوب حق	چوں بر تو بکند کس غضب سخنے مگوئی کن صبر

غصہ نہ کر کسی شخص پر غاصب کو جان مغضوب خدا، جب کوئی شخص تجھ پر غصہ کرے کچھ نہ کہہ صبر کر۔

عفوے بکن از مردماں خشمی کہ داری خور فرو	تا ہیچکس نزدیک حق از تو نباشد دوست تر

معاف کر لوگوں سے غصہ نہ کر جو غصہ رکھے تو تو پی جا، تا کہ کوئی شخص نزدیک اللہ تعالیٰ کے تیرے سے نہ ہو زیادہ قریبی۔

خشمے بیاید چوں ترا کوہے نماید نزد تو	آں خشم چوں بخوری فرو یابی مزہ شیر و شکر

غصہ جب آئے تجھے پہاڑ دیکھے تو نزدیک، وہ غصہ جب پی جائے پائے گا مزہ دودھ شکر۔

داں اہل جنت آں کسی در دے چو بینی این صفت	ناگہ کند خشمے بکس ہم باز آید زود تر

جان جنت والے وہ جو اس میں دیکھے تو یہ صفت، اچانک کرے غصہ کوئی شخص لوٹ آئے جلدی۔

حلمے: حوصلہ برباری۔ جملگی: تمام۔ خوبتر: اچھی زیادہ۔ جاہل: بے علم۔ ناصر: مددگار۔ باری: امداد۔ یک دگر: مل جل کر۔ مردم: لوگ۔ خواندن: پڑھتے ہیں۔ شجر: درخت۔ ثمر: پھل۔ خشمے: غصہ۔ غاصب: غصہ کرنے والا۔ مغضوب: حق، یعنی جس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہو۔ عفو: معاف کر۔ خور: کھا۔ فرو: نیچے، جیسے ارشاد باری ہے "غصہ پی جاتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔" کوہے: پہاڑ۔ نماید: نظر آئے گا۔ یابی: پائے گا تو۔ شیر: دودھ۔ کو: اصل میں او تھا۔ ناگہ: اچانک۔ باز ید: پھر آئے گا۔ زودتر: جلدی زیادہ۔

چوں علم کس را داد حق باحلم شد او منتظم	چوں او نباشد بیغمے اندر جہاں مردے دگر

جب علم کسی شخص کو اللہ تعالیٰ دے حوصلے کے ساتھ ہو منتظم وہ، قبل اس کے نہ ہوگا بے خوف جہان میں کوئی شخص دوسرا۔

خشمے چو آید مرترا استادہ باشی می نشیں	در شستہ باشی خسپ تو اِلا باب سرد تر

غصہ جب آئے خاص تجھے کھڑا ہو تو بیٹھ جا، اور اگر بیٹھا ہو تو لیٹ جا ورنہ ٹھنڈا پانی پی لے۔

جائیکہ خصمے بدبود کشتن ہمے خواہد ترا	حلمے مکن گردد زیاں میکن جوابش سخت تر

جس جگہ دشمن تجھے قتل کرنا چاہے، حوصلہ نہ کر نقصان ہوگا دے اس کو جواب سخت زیادہ۔

خشمے کہ بکنی روز را تا شب نباشی ہم چناں	خوشنود کن مغضوب رایابی جزائے بیشتر

غصہ جو کرے دن کو رات تک نہ ہو اسی طرح، راضی کر جس پر غصہ کیا پائے گا ثواب بہت زیادہ۔

☆☆☆☆☆

باب سی و دوم در بیان امرِ بالمعروف و نہی از منکر گوید

باب بتیسواں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے بیان میں۔

فرض شد معروف امرو نہی منکر دان چنیں	بر جملہ مومن فرض داں پیر و جوان ہم بندہ حر

نیکی کا حکم اور برائی سے روکنا فرض جان اس طرح، تمام مومنوں پر فرض جان بوڑھے ہوں جوان بھی آزاد بھی غلام بھی۔

تذکیر راچوں بشنوی از گوش دل نیکو شنو	زشتی بگوید یا حسن خُذْمَا صَفَا دَعْ مَا کَدَرْ

وعظ کو جب سنے تو تو غور سے سن اچھی طرح، برا کہے یا اچھا کہے اچھا کہے تو اپنا لے برے کو چھوڑ دے۔

منتظم: انتظام کرنے والا۔ بیغمے: بے خوف۔ مرترا: خاص تجھے۔ استادہ: کھڑا ہو۔ نشین: بیٹھ جا۔ شستہ: بیٹھا ہوا۔ خسپ: لیٹ جا یا سو جا۔ اِلا: ورنہ۔ آبے: پانی۔ سرد: ٹھنڈا۔ جائیکہ: جس جگہ۔ کشتن: قتل کرنا۔ زیاں: نقصان۔ خشنود: راضی، خوش۔ مغضوب: ناراضگی جس پر غصہ کیا ہو۔ جیسے قرآن پاک میں ہے والکاظمین الغیظ و العافین عن الناس واللہ یحب المحسنین۔ معروف: نیکی۔ امر: حکم۔ نہی: منع۔ منکر: گناہ۔ جملہ: تمام۔ پیر: بوڑھا۔ بندہ: غلام۔ حُر: آزاد۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے: تَامُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ الخ۔ "نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو۔" تذکیر: وعظ۔ نصیحت۔ بشنوی: سن تو۔ گوش دل: دل کے کان۔ زشتی: بری بات۔ حسن: اچھی۔ خذ ما صفا: جو اچھی بات ہو اسے اپنا لے۔ ما کدر: جو بری باتیں ہوں وہ ترک کردے، سیدنا علی شیر خدا ؓ ارشاد فرماتے ہیں: اُنْظُرُوْ اِلٰی مَاقَالَ وَلَا تَنْظُرُوْا اِلٰی مَنْ قَالَ یعنی "یہ نہ دیکھو کہ کس نے کیا کیا ہے باعمل ہے بے عمل ہے یہ دیکھو کہ کیا کیا ہے نیک باتوں پر عمل کرنا ہمارا کام ہے یہ نہ دیکھو کہنے والا کون ہے کیا نام ہے۔

پندے چو گوید عالمے آن را بصد عزت شنو	در فسقِ او نظرے مکن در علم و کن نظر

نصیحت جب کہے عالم اس کو سو عزت سے سن تو، اس کی برائی میں نظر نہ کر اس کے علم میں نظر کر۔

از امر گردن یا منع چون کس عداوت می کند	بگذار امر و منع ہم از وے بکن کلی حذر

امر و نہی سے جو شخص دشمنی کرتا ہے، اس کو امر و نہی کرنا چھوڑ کر مکمل پرہیز۔

پندے چو خواہی تا دہی اوّل بدہ مر خویش را	پس پندده مراہل را منکوحہ دختر یا پسر

نصیحت جب کرے تو، تو پہلے قرابت داروں کو کر، پھر نصیحت خاص اہل خانہ کو منکوحہ کو بیٹی یا بیٹے۔

سرگیں گلابہ منع شد کہگل بکن دیوار ہا	سرگیں گلابہ چوں کنی گردد ملائل متنفر

گارے اور کیچڑ، گوبر کو دیواروں پر ملنا منع ہے، گارہ گوبر جب لگائے تو فرشتے اس سے نفرت کرتے ہیں۔

پاچک مپز تو دیگ و نان گرچہ بود خاکسترے	گوید نجس آں خاک را یوسف امام معتبر

گوبر پر دیگ روٹی نہ پکا اگر ہے راکھ، کہا پلید ہے وہ مٹی کو امام یوسف اعتبار والے نے۔

از شہر بعضی مرد مان بکنند عصیاں ہم گناہ	مانع نگردد دیگراں گردد بلاشاں عام تر

بعض شہروں میں لوگ کرتے ہیں بدیاں بھی گناہ، روکنے والا نہ ہو دوسروں کو ہوئی مصیبت ان تمام پر۔

ترکے کنی معروف رانی نہی از منکر کنی	اُفتی تو ہم اندر بلا خود را یکے زیشاں شمر

امر اور نہی کو چھوڑنا نہ کرے تو منکر ہوگا اس سے، مصیبت میں پڑے گا تو خود کو عظمت والا شمار کرے۔

پندے: نصیحت۔ فسق: بدعملی۔ عداوت: دشمنی۔ بگذار: چھوڑ۔ کلی: مکمل۔ حذر: ڈر، خوف۔ خویش: خاص کر اپنے کو (اول خویش بعد درویش)۔ منکوحہ: اپنی بیوی۔ سرگین: گوبر۔ گلابہ: کیچڑ۔ کہگل: لپائی۔ ملائک: فرشتے۔ متنفر: نفرت کرنے والا۔ پاچک: اوپلہ۔ مپز: نہ پکا۔ دیگ: ہانڈی نان: روٹی۔ خستر: راکھ۔ نجس: پلید۔ یوسف: امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ۔ عصیاں: نافرمانی۔ مانع: روکنے والا۔ ترک: چھوڑنا۔ معروف: نیکی۔ کنی: رکاوٹ۔ منکر: انکار کرنے والا۔ افتی: پڑے گا تو۔ بلا: مصیبت۔ شمر: گن۔

باب سی وسوم در بیان سماع ورقص وسرود می گوید

باب تینتیسواں سماع ناچنے اور گانے کے بیان میں۔

داں نعمتی صوتِ حسن ہم بخشش از حضرتِ خدا	تو زینو الحانکم می خواں حدیث مشتہر

اچھی آواز نعمت جان بھی دی ہوئی اللہ تعالیٰ کی، تو اچھا کر اپنی اوازوں کو پڑھ لے حدیث مشہور۔

آواز خوش جان بشنود قوتش رسد عاشق شود	خواہد نخستین جائے خود قصدے کند سوئے زبر

خوش آواز عاشق کی روح جب سنتی ہے طاقت اس کو پہنچتی ہے، چاہیے پہلے جگہ اپنی ارادہ کرے، بجانب اوپر یعنی اپنی پہلی قیام گاہ اوپر کی طرف جانے کا ارادہ کرتی ہے۔

زورے کند کاید بروں قالب بیگرو دامنش	این نوع را تو رقص خواں تا کے ترا باشد خبر

زور کرو وہ جو باہر تیرے دل سے اس کے دامن کو لے، اس قسم کا تو رقص (ناچنا) کرتا کہ ہو تجھے خبر۔

سرے خدا دانی سماع محروم زیں نعمت بسی	مردان بدانند قیمتش نامرد کے داند قدر

اللہ تعالیٰ کا راز جان سماع کو محروم اس نعمت سے بہت، کامل آدمی جانتے ہیں قیمت اس کی ناجنس کیا جانے قیمت۔

او را سماع باشد رواں کس کہ میرد نفس او	جانے بود زندہ درو ورنہ ترا باشد حذر

اس کے سماع کو جائز جان جس شخص کا نفس مر چکا ہو، روح ہے زندہ اس میں ورنہ تجھے ہو ڈر۔

چوں بشنوی صوتِ حسن تحمید کن برحال خود	مجذب چون گردی ازان پیدا شود حال دگر

جب سنے تو اچھی آواز الحمد للہ کہہ اوپر حال اپنے، مجذوب جب ہو اس میں پیدا ہوتا ہے حال دوسرا۔

دانی سرود آں آتشی مرجان عاشق صادقاں	کیں راز رازِ خاصگاں دانند ایشاں نے دگر

جانے تو سرود وہ آگ خاص کر روح عاشق سچے کی، کیسا راز ہے راز خواص کا جانتا اس کو نہیں کوئی دوسرا۔

صوت حسن قوت رواں روح ترا پرواز زاں	شد از ازل قسمت چناں گویم چنیں بشنو پسر

اچھی آواز روح کی طاقت ہے اس سے پرواز کرتی ہے، ہے ازل میں نصیب اس طرح کہتا ہوں میں سن اے بیٹے۔

صوت: آواز۔ زینوا لکم: قرآن شریف خوش آوازی سے پڑھو۔ مشتہر: مشہور۔ قوتش: روزی۔ نخستین: پہلی۔ قصد: ارادہ۔ سوئے: طرف۔ زبر: اوپر۔ کاید: جوائے۔ بروں: باہر۔ قالب: جسم، بدن۔ نوع: قسم۔ رقص: ناچنا۔ سرراز: سماع سننا۔ بسے: بہت۔ داند: جانتا ہے۔ روا: جائز۔ میرد: مرجائے۔ حذر: ڈر۔ صوت: آواز۔ حسن: اچھی۔ تحمید: الحمد للہ۔ مجذب: کھینچا۔ پیدا: ظاہر۔

تا مرترا قوت بود رقصے مکن اے جانِ من	منکر مشو ایں حال راوان قیل و قال بیشتر

جب تک خاص تجھے طاقت ہے رقص نہ کرا ے جانِ میری، منکر بھی نہ ہو اس حال سے اس میں قیل وقال بہت زیادہ۔

مطلق بداں حرمت غنا مشو ملاہی ہیچگہ	طنبور و بربط چنگ نے جملہ حرامست درخبر

مطلق حرام جان گانا نہ سن کھیل بھی کسی جگہ، طنبور اور بربط چنگ بھی نہ یہ تمام حرام حدیث میں۔

در طبل ہم حرمت بداں الاّ کہ طبلِ غازیاں	دف ہم مزن در ہیچ جا جز در عروسی اے پسر

طبل میں حرمت جان سوائے طبل غازیوں کے، دف بھی نہ مار کسی جگہ سوائے شادی میں اے بیٹے۔

دانی غنا افسوں زنا از سر ہوا چوں بشنوی	بیشک بیفتی در بلا بر بند زیں کلی نظر

جانے گانے کو منتر عورتوں کا خواہشات کا خیال جب سنے تو، بے شک پڑے گا تو مصیبت میں اور پر فکر اس کے مکمل نظر رکھ۔

اندر سماع چوں بشنوئی کس نعرہ یا آہے زند	ہرگز مشو مغرور زاں شاید کہ باشد از مکر

سماع میں جب سنے تو کسی شخص کا نعرہ یا آواز، ہرگز نہ ہو مغرور اس سے کہ شاید وہ ہو فریب سے۔

☆☆☆☆☆

باب سی و چہارم دَر بیان لاغ بازی و نرد و شطرنج گوید

باب چونتیسواں بیہودگی اور کھیل کود کے بیان میں۔

بازی حرامست جملگی جز لاغ و بازی اہل خود	آں کس کہ بازی میکند او را بداں چوں گاؤ خر

تمام کھیل حرام ہیں سوائے اپنے بیوی کے ساتھ کھیل کرنے کے، وہ شخص جو کھیل کرتا ہے اس کو جان مثل گائے گدھے کے۔

در نرد یا شطرنج کس دستے ببازی میکند	درلحم خوکاں خون شاں گوئی کند او دست تر

(کھیل کا نام) نرد یا تاش کوئی شخص ہاتھوں کے ساتھ کھیل کرتا ہے، خنزیر کے خون گوشت میں ان کو کہہ کرتے ہیں وہ ہاتھ تر۔

قوت: طاقت۔ منکر: انکار کرنے والا۔ مشو: نہ ہو۔ قیل وقال: گفتگو۔ بیشتر: بہت زیادہ۔ مطلق: عام۔ غنا: گانا۔ ملاہی: جمع لہو کھیل۔ طنبور: سارنگی۔ بربط: یہ بھی گانے بجانے کا آلہ ہے۔ چنگ: یہ ساز منہ سے بجایا جاتا ہے۔ طبل: ڈھول۔ الا: مگر۔ دف: ڈھول۔ مزن: نہ مار۔ عروسی: شادی، خوشی۔ افسوں: منتر۔ سر: خیال۔ ہوا: خواہش۔ بیفتی: نہ پڑتو۔ نعرہ: بلند آواز۔ مغرور: غرور۔ مکر: فریب۔
بازی: کھیل۔ لاغ: بیہودگی۔ اہل خود: گھروالی۔ گاؤ: گائے۔ خر: گدھا۔ جیسے حدیث پاک میں ہے کُلُ لَهْوِ مُؤْمِنٌ بَاطِلٌ الخ نرد یا شطرنج: یہ کھیل کے نام ہیں۔ لحم: گوشت۔ خوکاں: جمع خوک خنزیر۔

در نرد یا شطرنج چو بیند کسی نظری کند	در شرمگاہ مادران گوئی کند آں کس نظر

تاش یا شطرنج جوا میں جب کوئی شخص نظر کرتا ہے، شرمگاہ ماں کی میں کہے کرتا ہے وہ شخص نظر۔

حضرت خدا بر مسلمے سی صد نظر روزے کند	شطرنج بازاں زین نظر محروم تو بی شک شمر

اللہ تعالیٰ مسلمان پر تین سو بار روزانہ نظر رحمت فرماتا ہے، تاش والا اس سے محروم دیکھ تو بے شک شمار کر۔

شطرنج بازی شافعی لاباس گوید آں زماں	گردی نباشد درمیاں فحشی نگوید یک دگر

شطرنج کھیلنا امام شافعی نے کہا حرج نہیں اس وقت، نہ ہو درمیان میں فحش گوئی ایک دوسرے کو۔

چوں کس سلامش میکند گوید جواب اور ارواں	نے فوت وقتی زو شود باشد نہ زیں او مفتخر

جب کوئی شخص سلام کرے کہے جواب اس کو جاری، نہ فوت کرو قت نماز اس میں کوئی شخص فخر کرنے والا نہ ہو۔

تعلیم غزو کافراں باشد ہمیں اصلی غرض	وز بہر دفع ناخوشی یک ساعتے اے نامور

تعلیم کافروں کے ساتھ جہاد کی بھی ضروری مقصد ہے، اور واسطے غم کے دفع کرنے ایک گھڑی اے مشہور۔

گروی چو باشد درمیان مخظور مطلق آں زماں	درلہو بازی مرد ماں بینی بکن شاں صد زجر

گروی (مال کی شرط) جب ہو درمیان میں منع مطلق حرام جان اس وقت، کھیل کود میں لوگ دیکھے تو کرے ان سے سو جھڑکنا۔

اسپے دوانی یا شتر تیرے فرستی یا دوی	دانی روا ایں چیز ہا گردی دریں جائز شمر

گھوڑا دوڑے یا اونٹ تیر پھینکے یا خود دوڑے، جانے تو جائز یہ چیز گروی اس میں جائز شمار کر۔

بازی کبوتر ہم مکن مردود گردی در شرع	چوں تو پرآنی آں زماں ملعوں شوی ہم خاک سر

کبوتر بازی بھی نہ کر مردود ہوگا تو شریعت میں، جب تو اڑائے تو اس وقت ملعون ہوگا ذلیل بھی۔

مادراں: جمع مادر، ماں۔ سی صد: تین سو۔ شافعی: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ۔ لاباس: حرج نہیں۔ فحشی: برائی۔ چوں کس: جب کوئی شخص۔ میکند: کرے۔ مفتخر: فخر کرنے والا۔ تعلم: پڑھانا، سکھانا۔ غزوے: جہاد۔ غرض۔ مقصد: مطلب۔ اصلی: اصل۔ ناخوشی: پریشانی، تکلیف۔ ساعتے: ایک لمحہ، ایک گھڑی۔ نامور: مشہور۔ گروی مال کی شرط۔ مخظور: حرام، ممنوع۔ آں زماں: اس وقت۔ لہو بازی: کھیل کود۔ زجر: جھڑکنا۔ اسپ: گھوڑا۔ دوانی: دوڑائے تو۔ شتر: اونٹ۔ فرستی: پھینکے۔ دو: دوڑے۔ دانی: جان تو۔ روا: جائز۔ شمر: گن۔ شرع: شریعت۔ پرآنی: اوڑائے تو۔ ملعون: لعنتی۔ خاکسر: ذلیل۔

شرط گرو ہر دو طرف بے شک حرامست جانمن ۔ دانی حلال از یک طرف آید میان ثالث نفر

شرط گروی دونوں طرف سے بیشک حرام ہے جان میری، جانے تو حلال ایک طرف سے آئے درمیان آدمی تیسرا۔

ہر گہ کبوتر پائے پر یابی خروسِ تاج سر ۔ از خود مکن ہر دو جدا تا دیو ناید خانہ در

وہ کبوتر جس سے پاؤں پر بال وال پائے تو یا مرغ کلغی والا، اپنے سے ان دونوں کو جدا نہ کرتا کہ جن نہ آئیں تیرے گھر میں۔

شکرہ پرانی دائماً از بہر صیدے ہر زماں ۔ ایں وجہ وجہی پاک داں می کن شکارا اے شہ پسر

پرندہ اڑائے تو ہمیشہ واسطے شکار کے جس وقت، یہ سبب پاک سبب جان کر لے شکارا اے بیٹے بادشاہ کے۔

باسگ مکن بازی گہے ناقص شود اعمالِ تو ۔ جز سگ کہ باشد پاسبانِ یا صید گیر داز قہر

کھیل نہ کر ساتھ کتے کے کسی جگہ کبھی ختم ہوں گے اعمال تیرے، سوائے اس کتے کے جو نگہبانی کے لیے یا شکار کے غلبہ سے۔

خالق نگہبان بس ترا از سگ نگہبانی مجوئی ۔ می کن توکل بر خدا ورنہ توئی از سگ بتر

اللہ تعالیٰ نگہبان کافی تجھے کتے سے نگہبانی نہ ڈھونڈ، کر بھروسہ اللہ تعالیٰ پر ورنہ تو کتے سے برا ہوگا۔

در سوئی صیدے تیر را چوں تو فرستی یا سگے ۔ شکرہ پرانی سوئے آں گو تسمیہ تعجیل تر

شکار کی طرف تیر کو جب تو بھیجے یا کتے کو، پرندہ اڑے طرف اس کے کہہ بسم اللہ جلدی زیادہ۔

باشد سگے آموختہ از صید چیزے کم خورد ۔ ہم شکرہ باید آنچناں خوانی دواں آید بسر

ہو کتا سکھایا ہوا جو شکار سے کچھ نہ کھائے، بھی پرندہ چاہیے اس طرح بلانے تو دوڑتا ہوا آئے جلدی۔

جانمن: محبوب، پیارا۔ ثالث: تیسرا۔ نفر: شخص، یعنی یہ کہیں کہ اگر تو جیت گیا تو مال فلاں ساتھ نہ ہوگا۔ ہر گہ: ہر وقت۔ پائے پر: کبوتر کے پاؤں پر پر ہوں اس کو حمام مرول بھی کہتے ہیں۔ خروس: مرغ۔ دیو: جن: خانہ: گھر۔ مسئلہ ان پرندوں کا گھر میں رکھنا برکت ہے اور جنات سے محفوظ رہنا ہے۔ لہو ولہب: کے لیے نہ ہو۔ شکرہ: شکاری۔ پرانی: اڑے تو۔ دائما: ہمیشہ۔ صید: شکار۔ مسئلہ: حلال جانور کا شکار کرنا جائز ہے۔ سگ: کتا۔ مکن نہ کر۔ بازی: کھیل، گہے: کبھی۔ ناقص: ختم۔ اعمال: جمع عمل۔ جز: سوا۔ پاسبان: نگہبان، محافظ۔ قہر: غصہ۔ غلبہ: یعنی شکاری اور حفاظتی کتے کے علاوہ گھر میں رکھنے سے عمل کم ہوتے ہیں۔ خالق: پیدا کرنے والا۔ مجو: نہ ڈھونڈھ توکل بھروسہ۔ تعجیل تر: جلدی، زیادہ۔ مسئلہ: شکار کی طرف تیر پھینکنے اور کتا یا باز چھوڑنے کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شریف پڑھنا لازم ہے۔ آموختہ: سیکھا ہوا۔ خوانی: بلائے۔ دواں: دوڑاتا ہوا۔

گیر ند ایشان صید را با جرح میرد صدی چوں	ذبحے نہ حاجت اندراں مذبوح داں طیب کشمر

اگر اس طرح شکار کو لائے زخم کے ساتھ شکار مرجائے جب، ذبح کی حاجت نہیں اس میں ذبح کیا ہوا جان پاک شمار کر۔

گر زندہ یابی ذبح کن در میرود دنبال ورو	باید نشینی از طلب گر مردہ یابی خوش بخور

اگر زندہ پائے ذبح کر مرا ہوا ہوا گر اڑ گیا اس جا کے پیچھے، چاہیے کہ نہ بیٹھے تو اگر پائے مرا ہو خوشی سے کھائے۔

ارگز چو بزنی صید را جرحی نشد مردار داں	در اب اُفتد بام ہم اں صید را ہرگز مخور

اور اگر جب مارے تو شکاری کو تیر وہ زخمی نہ ہو تو مردار جان، پانی میں پڑا ہو چھت پر بھی وہ شکار ہر گز نہ کھا۔

گر آتشے سوزد ورا مردار داں زُو کُن حذر	روشن بکردم پیش تو ایں مسئلہ چوں شمس وقمر

اگر آگ میں جل کر مرا اس سے پرہیز کر، روشن کر دیا میں نے سامنے تیرے یہ مسئلہ مثل سورج چاند کے۔

☆☆☆☆☆

باب سی و پنجم در بیان ذبح کردن وخوردن جانوراں

باب پینتیسواں ذبح کرنے اور جانوروں کے کھانے کے بیان میں۔

بسمل چو خواہی تا کُنی گو تسمیہ ذبح کن	گر ترک گیری آمدن مردار شد زاں کن حذر

ذبح کرنا چاہے تو تو بسم اللہ شریف کہے اور ذبح کرے، اگر چھوڑ نا لے تو جان بوجھ کر حرام ہوگا اس سے پرہیز کر۔

ذابح چو باشد مسلمے مردے بود خواہی زنے	یا کودکے عاقل بود گر ذبح میداند بخور

ذبح کرنے والا جب ہو مسلمان مرد ہو یا چاہے عورت ہو، یا بچہ ہو سمجھدار ہو اگر ذبح کرنا جانتا ہو (مذبوح) کھالے۔

....

جرح: زخم۔ میرد: اڑ گیا۔ مذبوح:: ذبح کیا ہوا۔ داں: جان۔ طیب: پاک۔ شمر: گن۔ یابی: پائے تو۔ میرود: جاتا ہے۔ دنبال: پیچھے۔ سورو: جھوٹا۔ نشینی: نہ بیٹھے تو۔ مردہ: مرا ہوا۔ خور کھا: یعنی معلم شکاری جانور جو شکار کرے وہ مر بھی جائے تو تو اس کا کھانا جائز ہے اور حلال ہے۔ گز: تیر، نیزہ۔ بزنی: مارے تو۔ جرحے: زخمی۔ مردار: حرام۔ آب: پانی۔ افتد بام: چھت۔ مخور: نہ کھا۔ آتشے: آگ۔ سوز: جل جائے۔ ور: اس کو۔ حذر: ڈر۔ شمس: سورج۔ قمر: چاند۔ یعنی جانور گر کر آگ میں ہلاک ہو گیا تو حلال نہیں ہے۔

بسمل: ذبح کرنا۔ گو: کہے۔ تسمیہ: بسم اللہ شریف۔ ترک: چھوڑنا۔ آمدن: جان بوجھ کر۔ مردار: حرام۔ حذر: پرہیز، یعنی بسم اللہ چھوڑ دی تو مذبوحہ حلال نہیں ہے۔ ذابح: ذبح کرنے والا۔ مسلمے: مسلمان۔ خواہی: چاہے۔ زن: عورت۔ کودکے: بچہ۔ عاقل: سمجھدار۔

در ذبح ببری چار رگ حلقوم دو شہ رگ مری
زیں جملہ گر بری سہ رگ حلقوم باشد یا دگر

ذبح میں کاٹے تو چار رگیں سانس والی رگ اور دو شہ رگیں خاص کر، ان تمام سے اگر کاٹے تو تین رگیں سانس والی رگ ہو یا دوسری۔

مذبوح شد بیشک روا او را بخور از جان و دل
کردی فراموش تسمیہ پاکش بداں فوراً بخور

مذبوح بے شک جائز ہے اور اس کو کھا جان و دل سے، اگر بسم اللہ شریف بھول جائے اس کو پاک جان فوری کھالے۔

اہل کتاب و صابیاں و ز اہل قبلہ ہر کہ ہست
مذبوح شان باشد روا طیب بداں جائز شمر

یہودی اور عیسائی اور قبلہ والا ہر جو ہے، مذبوح ان کا ہوگا جائز پاک جان جائز شمار کر۔

بسمل کنی از بہر بت یا در عمارت چاہ و جوئی
وقتیکہ آید نو عروسی یا کسے خود از سفر

ذبح کرے تو واسطے بت کے یا تعمیر میں کنواں اور نہر کی، اس وقت جب آئے نئی دلہن یا شخص اپنے سفر (سے واپس آئے)۔

یا زحمتی نکوشود یا بہر زرع و باغ و رز
آباد کنی موضعے یا میر آید در شہر

یا بیماری سے صحت مند ہو جائے یا واسطے کھیتی کے اور باغ اور انگور کی بیل، آباد کرے تو بستی یا امیر آئے شہر میں۔

مکروہ باشد ایں ذبح کس را نشاید تا خورد
جز اہلِ سجن و بندیاں آنکس کہ باشد مفتقر

مکروہ ہے یہ ذبح کسی کو نہیں چاہیے تا کہ کھائے، سوائے قید خانہ والے اور قیدی وہ جو ہو محتاج ضرور تمند۔

....

مسئلہ: مسلمان مرد عورت بچہ عقل مند کا ذبح کرنا جائز ہے، عاقل سے مراد یہ ہے کہ ذبح کرنا جانتا ہو، بسم اللہ ، اللہ اکبر پڑھ کر چار یا تین رگے کاٹ دے، جانور حلال ہوگا۔ ببری: کاٹے تو۔ حلقوم: وہ رگ جس سے سانس آتی جاتی ہے۔ دو شہ رگ: دو بڑی رگیں جس میں خون آتی جاتی ہے وہ رگ جس سے کھانا پانی معدہ تک جاتی ہے۔ بڑی بریدن سے مشتق ہے کاٹنا یعنی چار رگوں میں سے تین کا کٹ جانا کافی ہے، واللہ اعلم۔ مذبوح: ذبح کیا ہوا۔ روا: جائز۔ کردی: کیا تو نے۔ خرامش: مشتق فراموش بھولنا۔ تسمیہ: بسم اللہ یعنی مسلمان ذبح کرتے وقت بسم اللہ شریف بھول جائے تو کوئی حرج نہیں، اگر جان بوجھ کر چھوڑ دے تو جانور حرام ہے۔ اہل کتاب: اس سے یہودی مراد ہیں۔ صابیاں: یہ عیسائیوں کا ایک فرقہ ہے جو کہ یہودی کی طرف سے میلان رکھتا ہے۔ طیب: پاک۔ بداں: جان، یعنی ان کا ذبح کرنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز ہے اور امام محمد اور ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک مکروہ ہے۔ بسمل: ذبح۔ عمارت: تعمیر۔ چاہ: کنواں۔ جوئی: نہر۔ نوعروس: نئی دلہن۔ زحمتی: بیماری۔ نیکو: صحت مند۔ شود: ہوا۔ بہر: واسطے۔ زرع: کھیتی۔ رز: انگور کی بیل۔ موضع: جگہ۔ میر: امیر، حاکم۔ مکروہ: کراہت۔ شاید: نہیں لائق۔ تا یہ کہ: کے معنی میں ہے۔ جز: سوا۔ اہل سجن: قید خانہ والے۔ بندیاں: قیدی۔ مفتقر: محتاج، ضرورت مند۔

غیر ازیں ہا خلق بر ہیچ کس نرسد کہ بخورد لحمِ آں
مردار دان مذبوح را ذبح چو کافرے شمر

سوائے ان کے مخلوق پر کسی کو نہ پہنچے کہ گوشت کھائے وہ، مردار جان مذبوح کو ذبح جب کرے کافر شمار کر۔

چنگل کہ دارد طائرے لشک بہائم ہم مخور
داں لشک وچنگل ہر دو را باشد سلاح اے نامور

پرندوں کے پنجے اور جانوروں کے دانت نہ کھا، جان دانت اور پنجہ دونوں کے ہیں ہتھیار اے مشہور۔

ہم کرگ وہم طاؤس خور کردست رخصت مصطفیٰ ﷺ
آہو بخور خرگوش ہم گاواں دشتی گورخر

گینڈا بھی اور مور بھی کھا لے دی ہے اجازت مصطفیٰ ﷺ نے، ہرن کھا لے خرگوش بھی گائے بارہ سنگھا جنگلی گدھا۔

لحم حمار و بغل ہم مشکوک داں اندر شرع
لحم فرس محظور شد نزدیک نعمان نامور

گوشت گدھے کا اور خچر کا بھی مشکوک جان شریعت میں، گھوڑے کا گوشت ممنوع ہوا ہے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ مشہور کے نزدیک۔

مکروہ داں جلالہ را حبسے بکن علفے بدہ
سہ روز حبس ماکیاں یک ہفتہ میش وده بقر

مکروہ جان وہ جانور جو گندگی کھائے اس کو قید کر چارہ گھاس دے، تین دن قید کر مرغیوں کو ایک ہفتہ دنبے کو اور دس دن گائے کو۔

چوں خام یابی گوشتہ آں را مخور بریاں بکن
آتش برائے طبخ او شرطست اے جانِ پدر

جب کچا پائے گوشت اس کو نہ کھا بھون کر کھا، آگ اس کے پکانے کے لیے شرط ہے اے باپ کی جان۔

باخہ مخور خرچنگ ہم از جنس ایں ہا کن حذر
طافی مخور جھینگہ مخور ہر چوں کہ باشد ملخ خور

کچھوا نہ کھا کیکڑا بھی اس جنس سے پرہیز کر، وہ مچھلی جو اپنی موت سے مر کر پانی کے اوپر آ جائے اس کو نہ کھا چھوٹی جھینگہ مچھلی نہ کھا ہر جو ہو مکڑی کھا۔

غیر: سوا۔ نرسد: نہ پہنچے۔ لحم: گوشت۔ آں: اس کا۔ مردار: حرام۔ مذبوح: ذبح کرنے والا۔ شمر: گن چنگل: پنجہ والے جانور۔ طائر: پرندہ۔ اشک: دانت۔ بہائم: جمع بہیمہ چوپایہ۔ مخور: نہ کھا۔ سلاح: ہتھیار۔ نامور: مشہور۔ کرگ: گینڈا۔ طاؤس: مور۔ خور: کھا۔ رخصت: اجازت۔ آہو: ہرن۔ گاواں: گائے دشتی، بارہ سنگا۔ گورخر: جنگلی گدھا، یہ ایک جانور جو گدھے کی مشابہ ہوتا ہے۔ لحم: گوشت۔ حمار: گدھا۔ بغل: خچر، یہ گدھے اور گھوڑے سے پیدا ہوتا ہے۔ مشکوک: شک یعنی اس کے حلال اور حرام ہونے میں شک ہے، اجتناب کریں۔ فرس: گھوڑا۔ محظور: ممنوع۔ نعمان: امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا نام ہے۔ جلالہ: بالفتح وتشدید لام وہ جانور جو نجاست وغلاظت کھائے۔ حبسے: قید یعنی بند کرنا تا کہ پلیدی نہ کھائے۔ علفے: چارہ، گھاس۔ بدہ: دے۔ ماکیاں: مرغیاں۔ یک ہفتہ: ایک ہفتہ۔ میش: دنبہ، بھیڑ۔ دہ: دس۔ بقر: گائے۔ خام: کچا۔ بریاں: بکسر۔ باء: یعنی بھنا ہوا۔ آتش: آگ۔ برائے: واسطے۔ طبخ: پکانا۔ پدر: بیٹا۔ باخہ: کچھوا۔ خرچنگ: کیکڑا۔ از جنس ایں ہا کن حذر یعنی مچھلی کے سوا وہ جانور جو پانی میں پیدا ہوں اور پانی میں رہتے ہوں، حنفیوں کے نزدیک حرام ہیں۔ طافی جھینگہ: چھوٹی قسم کی مچھلی ہے۔ ملخ: ٹڈی مکری۔

ماہی ملخ ایں ہر دورا ذبح مکن تعجیل خور	آمد بسنت مصطفیٰ ﷺ خوردن سپر ز وہم جگر

مچھلی اور ٹڈی ان دونوں کو ذبح نہ کر جلدی کھالے، آئی ہے سنت مصطفیٰ ﷺ سے کھانا تلی کا اور کلیجی بھی۔

غدود مراراہ بول داں فرج و ذکر ہم خایہ را	مکروہ ایں ہر شش بداں محظور خون منفجر!

غدود، پتہ، پیشاب دانی، شرمگاہ مؤنث، شرمگاہ مذکر، کپورے بھی، مکروہ ہیں یہ چھ جان تو، ممنوع ہے بہنے والا خون۔

لیکن شکنبہ جملگی باردوگان اے جانمن	ہیچ از نبی مرسلاں عامل نبودہ اے پسر

لیکن اوجھڑی اور انتڑیاں تمام اے جان میری، کوئی نبی رسولوں سے کھانے والا نہ ہوا اے بیٹے۔

چوں نرم یابی استخواں میخا تمصص کن بسے	باریک کوب وپس بخور وقتیکہ بینی سخت تر

جب نرم پائے تو ہڈی خوب چبا چوس، باریک کوٹ (دانتوں سے) اور پھر کھالے جس وقت دیکھے تو سخت زیادہ۔

☆☆☆☆☆

باب سی و ششم در بیان ماہ ہا و روز ہا و خاصیت سعد نحس

باب چھتیسواں مہینے اور دن، خاص سعادت والے اور نحوست والے کے بیان میں۔

سہ بار میخواں فاتحہ باتسمیہ ناغہ مکن	ہر گہ کہ آید ماہِ نوا ے جانِ من اندر نظر

تین بار پڑھ بسم اللہ کے ساتھ سورۃ فاتحہ ناغہ نہ کر، نیا چاند دیکھنے کے وقت اے باپ کی جان۔

اِنَّا فَتَحۡنَا غرہ خواں ناغہ مکن درخواندنش	ناید بلا ہانزد تو یابی ہمے فتح و ظفر

سورۃ فتح چاند کی پہلی تین تاریخیں پڑھ ناغہ نہ کر اس کے پڑھنے میں، نہ آئے گی بلا نزدیک تیرے پائے گا تو فتح اور کامیابی۔

